


# عمران سیریز

جلد نمبر
15

# شوگر بینک


50 - شوگر بینک
51 - تابوت میں چیخ
52 - فضائی ہنگامہ


ابن صفی

عمران سیریز نمبر 52

# فضائی ہنگامہ

(تیسرا حصہ)

# پیشرس

"فضائی ہنگامہ" حاضر ہے۔

اس کتاب میں اس کہانی کا اختتام ہوتا ہے، جو شوگر بینک سے شروع ہوئی تھی۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اسے زیادہ سے زیادہ مہماتی بنا کر پیش کروں۔ "مہماتی" کہانیوں کے لئے زیادہ تر فرمائش آتی ہے۔

مجھے توقع ہے کہ نیا کردار ظفرالملک آپ کو پسند آیا ہوگا۔ پچھلا ناول "تابوت میں چیخ" میں نے دراصل اسی کردار کی تشکیل کے لئے لکھا تھا۔

ایک بار پہلے بھی گزارش کر چکا ہوں کہ کتاب کی تیاری میں کام آنے والی ہر چیز کے دام بڑھ گئے ہیں۔ صرف ایک کاغذ تھا سو وہ بھی انہیں اشیاء کی صف میں آکھڑا ہوا ہے۔ مل کی طرف سے اس کے دام بڑھا دیئے گئے ہیں! لہٰذا اب یہ نہیں سوچا جا سکتا کہ چلو بھئی کاغذ کی کمی کی بناء پر دام بڑھے ہیں۔ اگلے شپمنٹ پر معمول پر آجائیں

گے۔ کھینچتے رہو گاڑی کسی نہ کسی طرح۔

بہر حال کہنے کا مطلب یہ کہ اب بھی آپ نے کتاب کی قیمت میں معمولی سا اضافہ منظور نہ کیا تو کہیں گاڑی ٹھپ ہی نہ ہو جائے۔

مجھے توقع ہے کہ اب آپ قیمت بڑھانے کی مخالفت نہیں کریں گے۔

فریدی پسندوں نے مجھے چیلنج کیا ہے کہ اگر میں نے فریدی کے سلسلہ کا بھی ایک ضخیم ناول نہ لکھا تو وہ میری کتابیں پڑھنا چھوڑ دیں گے۔

بھئی.... خفا ہونے کی ضرورت نہیں.... انشاءاللہ.... جلد آپ ایسا ایک ناول پڑھ سکیں گے جس کا جاسوسی دنیا سے کوئی تعلق نہ ہو گا۔

فریدی کا ضخیم ناول۔!

ابن صفی

۲۸/اپریل ۱۹۶۸

ظفر الملک ایک ہفتہ تک عمران کی آواز کی نقل اتار تا رہا اور پھر اسے سچ مچ اپنی صلاحیتوں پر حیرت ہونے لگی۔ گویا اسے علم ہی نہیں تھا کہ خود اس میں کتنے جوہر چھپے ہوئے ہیں۔

وہ بڑی دیر تک آئینے کے سامنے کھڑا خود کو عمران کے رُوپ میں دیکھتا رہا۔

ایک بڑی خوب صورت رہائش گاہ میں وہ آج کل تنہا مقیم تھا۔ جیمسن کو ایک ہفتہ قبل ہی اُس نے بتا دیا تھا کہ وہ باہر جا رہا ہے اور اسے تنہا اسی ہوٹل میں قیام کرنا پڑے گا....!

عمران نے اپنے ساتھیوں کو بھی دکھایا تھا۔ ان کے بارے میں ساری معلومات بھی بہم پہنچائی تھیں۔

ظفر کو اب معلوم ہوا کہ ڈاکٹر رچمنڈ کے ساتھ کلارا کا رول کرنے والی لڑکی سوئیس تھی اور اس کا اصل نام جولیانا فٹنر واٹر تھا۔ وہ اسے بہت اچھی لگتی تھی۔ لیکن عمران کی ہدایت کے مطابق اُسے جذباتی طور پر اس سے لاتعلق ہی رہنا تھا۔!

اس کے لئے صرف یہی کام بے حد کٹھن تھا۔ کسی جوان العمر اور دل کش عورت کو نظر انداز کر دینا اس کی فطرت سے مطابقت نہیں رکھتا تھا۔

اس نے عمران کو اپنی اس کمزوری سے آگاہ کرتے ہوئے کہا۔

''اگر وہ اب تک آپ سے بھاگتی رہی ہے تو آئندہ نہیں بھاگے گی!''

''جی.... ای....'' عمران نے آنکھیں نکالیں!

''میرا خیال ہے کہ آپ کو اظہار عشق کا سلیقہ ہی نہیں ہے!''

''نہیں.... عزیز از جان.... نہیں۔!''

"تو بس آپ کی عدم موجودگی میں محنت میں کر دوں گا اور آپ واپسی پر پکے پکائے عشق سے لطف اندوز ہو سکیں گے!"

عمران منہ چلانے لگا۔ لیکن احمقانہ انداز میں ظفر ہی کو دیکھے جا رہا تھا۔

"عشق کے بغیر زندگی بے کار ہے!" ظفر ٹھنڈی سانس لے کر رہ گیا۔

"بس اَب قصور معاف کر دو میرا۔" عمران ہاتھ اٹھا کر بولا۔"اگر تم اسی رفتار سے عشق عشق دہراتے رہے تو میرا کوا ٹیڑھا ہو جائے گا!"

"میں نہیں سمجھا۔!"

"حلق میں ایک عدد چونچ نما چیز ہوتی ہے جسے کوا کہتے ہیں! کیوں کہتے ہیں؟ مجھے نہیں معلوم!"

"خیر چھوڑیئے.... آپ مجھے گولیوں سے بچنے والا آرٹ کب سکھا رہے ہیں؟"

"نہیں تم شعر ہی سناتے جاؤ مجھے!" عمران بُرا مان جانے والے انداز میں بولا۔

"خفا ہو گئے.... بڑے بھائی۔!"

"خفا ہو جانے کی بات ہی ہے! ابھی ہمارے کھیلنے کھانے کے دِن ہیں۔ عشق وشق تو بڑھاپے کی چیز ہوتی ہے۔ جب کوئی کام دھندا نہ ہو تو عشق کر لو۔!"

"عشق کیا نہیں جاتا بلکہ ہو جاتا ہے۔"

"اچھا....؟" عمران نے اس طرح حیرت سے آنکھیں پھاڑیں جیسے پہلی بار یہ اطلاع ملی ہو!

"جی.... ہاں....!"

دفعتاً کسی نے باہر سے گھنٹی بجائی۔

وہ خاموش ہو کر ایک دوسرے کا منہ دیکھنے لگے۔ دفعتاً ظفر بولا۔

"آپکے علاوہ اور کون ہو سکتا ہے؟ اور وہی شخص یہاں پہنچ سکتا ہے، جسے آپ نے پتہ بتایا ہو۔!"

عمران ہاتھ اٹھا کر اُسے خاموش رہنے کا اشارہ کرتا ہوا دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ ظفر نے دیکھا کہ وہ قفل کے سوراخ سے آنکھ لگا کر برآمدے میں جھانک رہا ہے۔

پھر وہ اس کی طرف پلٹ آیا اور آہستہ سے بولا۔"کوئی عورت معلوم ہوتی ہے۔!"

"خوش قسمتی ہے میری!" ظفر کی باچھیں کھل گئیں۔

"ہوش میں.... ہوش میں! میں دوسرے کمرے میں موجود رہوں گا۔ دیکھو کون ہے....

اور کیا چاہتی ہے۔؟"

ظفر نے دروازہ کھولا اور ٹھٹک گیا.... برآمدے میں میوری کی سیکرٹری تھیلما کھڑی تھی۔

اس نے ایک طرف ہٹ کر متحیرانہ انداز میں عمران ہی کی طرح دیدے نچائے اور صورت سوال بنا ہوا اُسے دیکھتا رہا۔

"کیا اندر آنے کو بھی نہ کہو گے؟" وہ بڑے دلآویز تبسم کے ساتھ بولی۔

"آؤ.... آؤ....!" ظفر نے پیچھے ہٹتے ہوئے بوکھلاہٹ کا مظاہرہ کیا۔

وہ دروازہ بند کر کے کرسیوں کی طرف بڑھی اور پھر یکایک مڑ کر بولی۔ "تم بہت زیادہ سہمے ہوئے لگ رہے ہو....!"

"اک.... اک.... اکیلا ہوں نا بالکل یہاں....!" ظفر ہکلایا

وہ ہنس پڑی۔!

"کیا میں تمہیں کھا جاؤں گی۔!"

"پپ.... پتہ نہیں....!" ظفر نے خوفزدگی کی ایکٹنگ کرتے ہوئے آہستہ سے کہا۔

"بہت بن چکے زیادہ بور نہ کرو.... کیا مجھ سے بیٹھنے کو بھی نہ کہو گے۔"

"بیٹھو بیٹھو.... لیکن تم یہاں پہنچیں کس طرح؟"

"تم احمق تو نہیں ہو.... صرف بور کرتے ہو!"

"چلو یہی سہی۔ لیکن تم آئی کیوں ہو... میں آج کل گوشہ نشینی کی زندگی بسر کر رہا ہوں۔!"

"کنفیوشس کے اقوال سننے آئی ہوں!" اُس نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"کنفیوشس نے کہا تھا کہ کبھی کبھی خاموش رہنے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں۔!"

"میں تمہیں یہ بتانے آئی ہوں کہ میوری پاگل ہو گیا ہے!"

"کیا مطلب؟"

"پاگل ہو گیا ہے....! کیا تم پاگل ہو جانے کا مطلب نہیں سمجھتے۔!"

"سس.... سمجھتا ہوں.... تو پھر....؟"

"میرے ساتھ چلو ورنہ خسارے میں رہو گے!"

"کک.... کہاں؟"

"جہاں میں لے چلوں۔!"

ظفر سوچ میں پڑ گیا کہ اَب اُسے کیا کرنا چاہئے! پھر یک بیک بولا۔!

"اچھا ٹھہرو.... میں لباس تبدیل کر آؤں۔!"

وہ اُس کمرے میں داخل ہوا جہاں عمران پہلے سے موجود تھا۔!

کچھ دیر بعد عمران اسی کمرے سے بر آمد ہوا اور تھیلما سے بولا۔

"چلو کہاں لے چلتی ہو۔!"

"کیا تم اب بھی مجھ پر اس حد تک اعتماد کر سکتے ہو؟"

"کیوں نہیں؟" عمران احمقانہ انداز میں مسکرایا۔

"اگر میں تمہیں کسی مصیبت میں پھنسا دوں تو؟"

"پھر پھنس جاؤں گا...." عمران نے مخلصانہ لہجہ اختیار کرنے کی کوشش کی۔!

وہ تھوڑی دیر تک خاموشی سے اُسے دیکھتی رہی اور پھر ٹھنڈی سانس لے کر بولی۔ "بعض اوقات ایسا لگتا ہے جیسے تم ساری دنیا کا مذاق اڑا رہے ہو۔!"

"اپنی اپنی سوچ ہے"۔ عمران بھی بالکل اسی بکے سے انداز میں ٹھنڈی سانس لے کر کراہا۔

"مجھے تو ایسا محسوس ہوتا ہے۔ جیسے تمام دنیا مجھے الو سمجھتی ہو۔!"

"میں ان میں شامل نہیں ہوں۔!" تھیلما مسکرائی۔

"تب پھر تم اپنے طور پر الو بنانے کی سوچ رہی ہو!"

"یقین کرو میں تمہیں ایک بڑے خطرے سے بچانا چاہتی ہوں۔"

"کیا خیال ہے میوری مجھے دھوکہ دے گا!" عمران نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"میں اس سلسلے میں کچھ نہیں کہہ سکتی! لیکن وہ اس حد تک خائف ہے کہ پاگلوں کی سی حرکتیں کرنے لگا ہے!"

"مثال کے طور پر۔!"

"پچھلی رات اس کے کمرے سے عجیب سی آوازیں آرہی تھیں!"

"کیا مطلب؟"

"میں نے دروازے سے کان لگا کر سُنا تھا.... پتہ نہیں کیا لفٹ رائٹ کر رہا تھا۔ ہندسوں کے ساتھ لفٹ رائٹ.... رائٹ تھری لفٹ فور...."

"ہوں.... اچھا....!" عمران سر ہلا کر رہ گیا! پھر بولا۔ "تم مجھے کہاں لئے چل رہی ہو۔!"

"اس کے پاس.... وہ صبح سے بے ہوش پڑا ہے!"

"بہت زیادہ پی گیا ہوگا۔!"

"نہیں وہ شراب کا نشہ نہیں ہو سکتا!"

"اچھا تو پھر چلو۔!"

وہ دونوں عمارت سے باہر آئے.... کمپاؤنڈ میں تھیلما کی گاڑی موجود تھی۔

لیکن عمران نے اُس کی گاڑی میں جانے سے انکار کر دیا۔

وہ اُسے لان ہی میں چھوڑ کر گیراج میں داخل ہوا اور ایک موٹر سائیکل نکالی۔

"کیوں اس کی کیا ضرورت تھی! آخر تم میرے ساتھ سفر کرنا کیوں مناسب نہیں سمجھتے؟" تھیلما کسی قدر اضمحلال کے ساتھ بولی۔

"پٹرول مُفت ملتا ہے مجھے! تم فکر نہ کرو۔ اپنی گاڑی میں چلو میں تمہارے پیچھے پیچھے ہی چلتا رہوں گا۔!"

تھیلما بُرا سا منہ بنائے ہوئے اپنی گاڑی میں بیٹھ گئی تھی۔

عمران موٹر سائیکل اسٹارٹ کرنے لگا! لیکن وہ اسٹارٹ نہ ہوئی۔!

تھیلما پھر گاڑی سے اتر کر اس کے قریب آئی اور بولی "آخر کون سی آفت آجائے گی اگر میرے ساتھ چلے چلو گے!"

"یہ نامعقول کیوں نہیں اسٹارٹ ہوتی؟" عمران موٹر سائیکل کو گھورتا ہوا غصیلے لہجے میں بولا۔

"چلو! میری گاڑی میں!" وہ اُس کا ہاتھ پکڑ کر کھینچتی ہوئی بولی۔

"نہیں.... اب تو اُسے ہی اسٹارٹ ہونا پڑے گا!"

"تم آخر اتنے ضدی کیوں ہو؟"

عمران سیدھا کھڑا ہو کر اُسے بڑے غور سے دیکھنے لگا۔

"اس طرح کیا دیکھ رہے ہو؟"

"اس وقت تمہارا لہجہ بالکل میرے والد صاحب کا سا تھا!"

"میں کہتی ہوں، وقت ضائع نہ کرو!"

"تم جیسی ہمدرد خواتین بھی نظر سے کم ہی گزری ہوں گی!"

"تم شاید یہ سمجھتے ہو کہ میں تمہیں کسی قسم کا دھوکہ دینا چاہتی ہوں۔"

"ہر گز نہیں.... یہ نامعقول موٹر سائیکل۔!"

ٹھیک اسی وقت ایک گاڑی ہارن دیتی ہوئی کمپاؤنڈ کے پھاٹک کے سامنے سے گزر گئی!

"عمران پھر موٹر سائیکل پر جھک پڑا.... اس بار وہ اسٹارٹ ہو گئی....!"

تھیلما اپنی گاڑی میں جا بیٹھی....!

وہ دونوں یکے بعد دیگرے پھاٹک سے گزرے! سڑک پر پہنچ کر تھیلما نے رفتار تیز کر دی۔

اس کی گاڑی کے پیچھے عمران کی موٹر سائیکل تھی.... اور وہ گاڑی ان دونوں کا تعاقب کر رہی تھی۔ جس نے کچھ دیر پہلے پھاٹک کے قریب سے گزرتے ہوئے ہارن دیا تھا....!

تھیلما کی گاڑی شہری آبادی کو پیچھے چھوڑتی جا رہی تھی۔

عمران نے اُس کی گاڑی سے اپنا فاصلہ بیس بائیس گز سے زیادہ نہیں رکھا تھا.... البتہ تعاقب کرنے والی گاڑی بہت دور تھی اس وقت اس سڑک پر ان تین گاڑیوں کے علاوہ اور کسی قسم کا ٹریفک نہیں تھا....!

دفعتاً تھیلما نے اپنی گاڑی بائیں جانب والے ایک درّے میں موڑ لی۔!

عمران کی موٹر سائیکل بھی اسی درّے میں داخل ہوئی۔ راستہ قریب قریب مسطح تھا اور درے کی کشادگی بھی اتنی تھی کہ کم از کم دو متوسط درجے کی گاڑیاں برابر سے چل سکتی تھیں۔

درے سے گزر کر وہ پھر کھلے میدان میں آئے لیکن تعاقب کرنے والی گاڑی کا اب کہیں پتہ نہ تھا۔ تھیلما کی گاڑی ایک جگہ رُک گئی! عمران نے بھی موٹر سائیکل اُس کے قریب پہنچ کر روکی تھی۔ تھیلما سیٹ پر ہی بیٹھی رہی۔

"اَب ہم یہاں سے آگے پیدل چلیں گے۔!" تھیلما نے کہا۔

"گاڑی پر ہی بیٹھے بیٹھے پیدل چلو گی!"

وہ ہنستی ہوئی نیچے اُتر آئی....

"لیکن ان گاڑیوں کی دیکھ بھال کون کرے گا....؟" عمران نے پوچھا۔

"کون آتا ہے ادھر.... ہماری گاڑیاں تو کئی کئی دن تک یہیں کھڑی رہتی ہیں۔!"

"پیدل کتنی دور چلنا پڑے گا؟"

"بس سامنے والی چٹان کے پیچھے۔!" اُس نے ایک طرف ہاتھ اٹھا کر کہا۔

"چلو....!" عمران ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔

"تم خائف نہیں ہو!" تھیلما اُس کی آنکھوں میں دیکھ کر مسکرائی....

"دم نکلا جارہا ہے ڈر کے مارے....!"

وہ ہنس پڑی.... اور پھر سنجیدگی اختیار کرتی ہوئی بولی۔ "تم جیسا لاپرواہ اور بے جگر آدمی آج تک میری نظروں سے نہیں گزرا....!"

"بے جگر....!" عمران چلتے چلتے ٹھہر گیا....

"ہاں.... ہاں.... میں غلط نہیں کہہ رہی۔"

دفعتاً عمران نے سر ہلا کر پُراطمینان لہجے میں کہا....!" چلو تخلص کا مسئلہ بھی حل ہو گیا.... فارسی میں بے دل تھا۔ اُردو میں اَب بے جگر ہو گا۔"

"میں پھر کہتی ہوں۔ وقت ضائع نہ کرو۔ لیکن تمہیں سمجھنا بہت مشکل ہے.... پتہ نہیں تم اس وقت کس چکر میں ہو۔"

"چلو....!" عمران اُس کا شانہ پکڑ کر آگے بڑھتا ہوا بولا۔

چٹان کی دوسری طرف ایک چھوٹا سا مکان نظر آیا۔ جس کے آس پاس کچھ سرسبز جھاڑیاں تھیں۔!

"وہ یہیں ہے....!" تھیلما نے مکان کی طرف اشارہ کر کے کہا۔!

عمران کچھ نہ بولا.... اس کے ساتھ چلتا رہا۔ تھیلما نے مکان کا قفل کھولا اور دروازہ کو دھکا دے کر اندر جا ہی رہی تھی کہ عمران نے بازو پکڑ لیا۔

"کیوں....!" وہ چونک کر مڑی۔

"کیا وہ اندر موجود ہے؟"

"ہاں....!"

"تم نے باہر سے قفل کیوں ڈال دیا تھا!"

"وہ بے ہوش تھا۔"

"تو کیا تنہا ہے؟"

"میں تھی اس کے ساتھ!"

"چلو۔!"

وہ دونوں دروازے سے گزر کر ایک کمرے میں آئے... سامنے بستر پر میوری چت پڑا تھا۔!

عمران اس سے تھوڑے فاصلے پر رُک گیا۔! تھیلما بھی اُس کے قریب ہی ٹھہر گئی تھی۔

عمران نے اُسے گھورتے ہوئے پوچھا "کیا یہ بے ہوش ہے؟"

"میں تمہیں یقین دلاتی ہوں کہ اس نے پچھلی رات سے شراب کا ایک گھونٹ بھی نہیں لیا!"

"مجھے یقین ہے کہ اس وقت یہ دوسری دنیا میں انگوروں کی کاشت کر رہا ہو گا۔!"

"کیا مطلب؟"

"یہ مر چکا ہے، اگر تم بُرا نہ مانو....!"

"نہیں....!" وہ خوفزدہ ہو کر کئی قدم پیچھے ہٹ گئی! "یقین کرو۔!"

وہ ہانپتی ہوئی بولی.... "وہ صرف بے ہوش تھا۔ دو گھنٹے پہلے کی بات ہے۔!"

"تمہیں کسی ڈاکٹر کو یہاں لانا چاہئے تھا۔!"

"یہاں....ہاں.... ٹھیک ہے غلطی ہو گئی....!" وہ بہت زیادہ سراسیمہ نظر آ رہی تھی....

"اب تمہاری پوزیشن کیا ہو گی....!" عمران اُس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔

"میری.... پپ.... پوزیشن....اوہ.... یہاں سے ہٹ چلو.... مجھے وحشت ہوتی ہے.... کچھ دیر پہلے یہ زندہ تھا....اور اب.... چلو دوسرے کمرے میں چلو۔!"

لیکن دوسرے کمرے میں جانے سے پہلے عمران نے قریب سے لاش کا جائزہ لیا تھا۔

اور دوسرے کمرے میں داخل ہوتے وقت اُس نے تھیلما کو بتایا کہ میوری کی موت کا سبب کسی قسم کا زہر ہی ہو سکتا ہے۔

"اوہ....!" وہ چلتے چلتے رک گئی! اس کے چہرے پر خوف کے آثار پہلے سے بھی زیادہ گہرے

ہو گئے تھے!

"زز.... زہر....!" وہ ہکلائی۔

عمران اُسے ٹٹولنے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔!

"میں نہیں سمجھ سکی!"

"میرا خیال ہے کہ واپسی کے سفر میں سمجھ لینا.... آؤ۔!" وہ اُس کا ہاتھ پکڑ کر نکاسی کے راستے کی طرف لیتا چلا گیا۔!

"ٹھہرو....!" دفعتاً پشت سے غراہٹ سنائی دی۔

وہ رُکے اور عمران تیزی سے آواز کی طرف مڑا۔ ایک موٹی گردن والا چوڑا چکلا آدمی ریوالور کا رخ ان کی طرف کئے ہوئے تھوڑے ہی فاصلے پر کھڑا تھا۔!

کچھ عجیب سی شکل تھی۔ رنگت سے کسی سفید فام نسل کا فرد معلوم ہوتا تھا۔ لیکن آنکھیں سیاہ تھیں۔ ناک موٹی اور بھدی تھی۔

"اس میں شک نہیں کہ ولیم ہاپکنز اندھا ہو گیا ہے!" وہ سفاک لہجے میں بولا۔ "لیکن اس میں کس کا ہاتھ تھا۔!"

عمران کچھ نہ بولا۔ اُس کے چہرے پر حماقت طاری ہو گئی تھی۔

ایسا لگتا تھا کہ اجنبی کی بات اس کی سمجھ میں نہ آئی ہو۔!

"اپنے ہاتھ اوپر اٹھاؤ!" اجنبی دھاڑا اور عمران نے جلدی سے اپنے دونوں ہاتھ اوپر اٹھا دیئے۔!

"میں نہیں جانتی یہ کون ہے؟" تھیلما ہذیانی انداز میں بولی۔

"کوئی بھی ہو! مجھے تو اچھا نہیں لگتا۔!" عمران کی آواز کانپ رہی تھی۔!

"مجھ سے نہیں چلے گی تمہاری مکاری!" اجنبی غرایا۔

"پھر کیا ہو گا۔!" عمران نے لاپروائی سے پوچھا۔

"میں تمہیں بڑی بے دردی سے مار ڈالوں گا۔ مجھے میوری کی طرح بودا نہ پاؤ گے۔!"

"مرنے سے پہلے میں تمہارا نام معلوم کرنا چاہتا ہوں!"

"وہ مجھ سے اچھی طرح واقف ہیں۔ مجھے گردن توڑ بخار کہتے ہیں۔!"

"صورت ہی سے ظاہر ہے!"

پھر عمران نے دیکھا کہ دو آدمی بائیں جانب والے دروازے سے بھی داخل ہوئے ہیں۔

تھیلما پھر بولی۔ "میں نہیں جانتی۔ یہ لوگ کون ہیں.... قطعی نہیں جانتی۔!"

بدستور خاموشی رہی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا۔ جیسے عمران سمیت ان سب نے اُسے نظرانداز ہی کردیا ہو۔

دفعتاً موٹی گردن والے نے کڑک کر.... نوواردوں سے کہا۔ "اس کو باندھ لو۔!"

"مجھے نہیں.... اس کو۔!" عمران نے بوکھلا کر تھیلما کی طرف اشارہ کیا۔!

"کیوں؟" موٹی گردن والا غرایا۔

"سارا قصور اس عورت کا ہے!"

"مم.... میں نے کیا کیا ہے۔" تھیلما ہکلائی.... اس کے چہرے پر حیرت کے آثار تھے۔!

"کوئی مرد مجھے بہلا پھسلا کر یہاں نہیں لا سکتا تھا۔ یہ اسی کا کارنامہ ہے۔!"

"بکواس مت کرو۔!"

"میری ایک بات سُن لو!" عمران ہاتھ اٹھا کر بولا۔

"بکو۔!"

لیکن دفعتاً ایسا محسوس ہوا جیسے عمران کسی اندرونی تکلیف میں مبتلا ہو گیا ہو۔ اُس کے دونوں ہاتھ سینے پر دل کے مقام پر تھے اور چہرہ متغیر ہو گیا تھا پھر اچانک وہ کتوں کی طرح بھونکنے لگا۔

ان تینوں کی توجہ صرف اس کی طرف مبذول ہو گئی اور اتنے میں چار آدمی بپھرے ہوئے۔ سانڈوں کی طرح کمرے میں در آئے۔

یہ عمران کے ساتھی تھے.... شائد ان دنوں عمران نے کتوں کی آواز کو اپنا مخصوص اشارہ قرار دے رکھا تھا۔

تیسری گاڑی میں یہی لوگ شروع ہی سے ان کے پیچھے لگے رہے تھے۔ عمران نے روانگی سے پہلے انہیں مطلع کر دیا تھا اور شاید موٹر سائیکل سٹارٹ ہونے میں اسی لئے دیر لگی تھی کہ اسے ان کا انتظار تھا۔

انہوں نے کمرے میں داخل ہوتے ہی موٹی گردن والے کے دونوں ساتھیوں کو گرادیا تھا۔

موٹی گردن والے نے ان پر فائر جھونک مارا.... لیکن اس سے پہلے ہی عمران نے اس پر

چھلانگ لگادی تھی! اور اس کا فائر بے کار گیا تھا....!

عمران نے پوری قوت سے اس پر حملہ کیا تھا۔ لیکن بس وہ اپنی جگہ سے کسی قدر ہٹ گیا تھا۔

عمران نے صرف اس حملے ہی سے اندازہ کرلیا کہ مقابل کسی جنگلی بھینسے کی طرح طاقتور ہے۔

اُس پر قابو پانا آسان نہ ہوگا۔ لہٰذا دوسرا فائر ہونے سے پہلے ہی اس نے ریوالور پر ہاتھ ڈال دیا۔

ایک فائر پھر ہوا۔ لیکن ریوالور کا رخ چھت کی طرف تھا۔ گولی لکڑی کی چھت کو چیرتی ہوئی دوسری طرف نکل گئی۔

عمران کے دو ساتھی ان کی طرف جھپٹے۔ موٹی گردن والے نے شاید خطرے کو بھانپ لیا تھا....! دفعتاً اس نے ریوالور ہاتھ سے چھوڑ دیا۔ غالباً اسے اندازہ ہو گیا تھا کہ ریوالور سمیت اپنی کلائی عمران سے نہ چھڑا سکے گا۔!

عمران کے ساتھی ریوالور کی طرف متوجہ ہوئے ہی تھے کہ اس نے عمران کو ان پر دھکیل دیا۔

پھر جتنی دیر میں وہ سنبھلتے موٹی گردن والا چھلانگ لگا کر دروازے میں ہولیا۔!

عمران اُس کے پیچھے لپکا! اور دوسرے کمرے میں پہنچا تو وہ کھڑکی کے باہر چھلانگ لگا رہا تھا۔

مکان کی پشت پر گھنی جھاڑیاں تھیں! دیکھتے ہی دیکھتے وہ ان جھاڑیوں میں غائب ہو گیا۔

عمران نے بھی کھڑکی سے چھلانگ لگائی اور جھاڑیوں میں گھستا چلا گیا.... جھاڑیاں کانٹے دار تھیں۔ عمران نے محسوس کیا کہ وہ آگے نہ بڑھ سکے گا.... اس لئے کچھ دور جا کر پلٹ آیا.... لیکن بھاگنے والا کدھر گیا ہوگا....!

اُس نے کئی جگہ سے جھاڑیوں کا جائزہ لیا۔ لیکن وہ اُسے ناقابلِ عبور ہی نظر آئیں۔ تھک ہار کر پھر عمارت میں واپس آگیا۔ صفدر کو اشارے سے الگ بلا کر اس کھڑکی کے قریب لے گیا جس سے موٹی گردن والا فرار ہوا تھا۔

"وہ نکل گیا.... تم ان جھاڑیوں پر نظر رکھنا! میں ان دونوں کو دیکھتا ہوں....!" اس نے صفدر کے شانے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

"میوری.... میوری تو مر چکا ہے....!" صفدر بولا۔

"ہاں....!" عمران نے کہا اور اُسے وہیں چھوڑ کر دوسرے کمرے میں آیا۔ تھیلما دیوار سے لگی کھڑی تھی اور عمران کے تینوں ساتھی ان دونوں کے ہاتھ پیر باندھ رہے تھے۔

عمران خاموشی سے انہیں دیکھتا رہا۔ پھر تھیلما کے قریب پہنچ کر اس سے پوچھا۔"ان دونوں کو پہلے بھی دیکھا ہے!"

"نہیں یقین کرو.....! یہ سب میرے لئے اجنبی ہیں! لیکن ٹھہرو شاید میں نے اس بھگوڑے کی تصویر میوری کے البم میں دیکھی تھی۔!"

"البم کہاں ہے؟"

"رائیڈرز ولا میں۔!"

"میں یہاں کی تلاشی لینا چاہتا ہوں۔!"

"تمہیں کون روک سکتا ہے؟"

ان دونوں کو جکڑ دینے کے بعد چوہان، صدیقی اور نعمانی عمران کی طرف متوجہ ہو گئے!

"ان سے پوچھو کہ یہ کون ہیں؟" عمران نے ان سے کہا۔

"کافی پوچھ چکے ہیں۔!" نعمانی بیزاری سے بولا۔

"ہوں....!" عمران ان دونوں کو گھورتا ہوا کچھ سوچنے لگا۔ پھر خشک لہجے میں بولا۔"یہاں پہلے ہی سے ایک لاش موجود ہے.... ان دونوں کو بھی اسی کے برابر لٹا کر مکان میں آگ لگا دو!"

"نہیں.... نہیں....!" وہ دونوں بیک وقت بول پڑے۔

"یہ دیسی ہی تھے۔!" لیکن وضع قطع سے مہذب معلوم ہوتے تھے۔!

"مجبوری ہے۔!" عمران بھرائی ہوئی آواز میں بڑبڑایا۔"ہمیں تین عدد جلی ہوئی لاشوں کی ضرورت ہے۔ ورنہ تمہیں تکلیف نہ دیتے۔"

"ہم کو ہمارا قصور تو بتاؤ....!" ان میں سے ایک بولا۔

"ارے یہی کیا کم ہے کہ ہم تمہارے ہاتھ لگ گئے!"

"دیکھو مسٹر.... ہم نہیں جانتے کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے۔ ہم تو شرط جیتنے آئے ہیں۔!"

"چلو یہی کہانی سُن لوں گا۔! کچھ بولو تو....!"

"ہم ایڈونچررز کلب کے ممبر ہیں.... گالویڈا بھی ممبر ہے! اس نے اس ہٹ کی نشان دہی کی تھی۔ اُس نے کہا تھا کہ وہ ایک ویران ہٹ ہے لیکن جب بھی ادھر سے گزرو کوئی نہ کوئی جوڑا یہاں ضرور موجود ہوتا ہے۔ میں نے کہا یہ ناممکن ہے اس پر شرط ہو گئی....! ہم تینوں یہاں آئے

....اور مختلف کمروں میں چھپ گئے۔!"

"لاش نہیں دیکھی تھی تم نے....!" عمران نے پوچھا۔

"جب ہم یہاں پہنچے تھے....!" دوسرا ہانپتا ہوا بولا۔ "یہاں کوئی لاش واش نہیں تھی۔!"

"یہ کون ہے؟" عمران نے میوری کی لاش کی طرف اشارہ کر کے پوچھا۔!

"ہم نے اسے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔" دونوں بیک وقت بولے۔

"گالویدا کون ہے؟"

"گالویدا... گالویدا ہے.... اس کے بارے میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں جانتا....!"

ایک نے کہہ کر دوسرے کی طرف دیکھا... اُس نے بھی یہی کہا۔ پہلا بولتا رہا۔

"کلب کے ملکی اور غیر ملکی ممبر صرف کلب ہی کی حد تک ایک دوسرے سے واقف ہیں! ہمیں قطعی نہیں معلوم کہ گالویدا کون ہے؟"

"وہ خود کو فرانسیسی کہتا ہے.... کوہ پیمائی اس کا محبوب مشغلہ ہے جب وہ تم سے گفتگو کر رہا تھا تو ہم دونوں ایک دوسرے کو حیرت سے دیکھ رہے تھے۔!"

"گالویدا اب کہاں ملے گا۔؟"

"وہ کسی ہوٹل میں مقیم ہے!"

"تم لوگ اسے کب سے جانتے ہو؟"

"پچھلے تین ماہ سے.... اور تم ہو کون....؟ ہم سے اس لہجے میں گفتگو کر رہے ہو ہم یہاں کے معزز لوگوں میں شمار ہوتے ہیں۔!"

"بے شمار دیکھے ہیں تم جیسے.... تمہیں اس لاش کیلئے.... جواب دہی کرنی پڑے گی....!"

"ہم کرلیں گے۔!" لاپرواہی سے کہا گیا.... اَب وہ دونوں شیر ہوتے جا رہے تھے۔!

عمران چند لمحے انہیں گھورتا رہا.... پھر اپنے ساتھیوں سے بولا۔ "انہیں لے جاؤ!"

"تم ہمارے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتے!"

عمران اس کمرے کے دروازے کی طرف مڑ گیا، جہاں صفدر کو چھوڑ آیا تھا۔ لیکن ابھی پہلا قدم بھی نہیں اٹھایا تھا کہ صفدر کی چیخ سنائی دی۔!

"آگ.... آگ.... باہر نکلو.... بھاگو....!"

پھر وہ دوڑتا ہوا بدحواسی میں عمران سے آٹکرایا۔

"کسی نے عمارت میں آگ لگادی ہے۔ لکڑی کی دیوار دھڑادھڑ جل رہی ہے!"

عمران تیزی سے ان دونوں کی طرف بڑھا اور جیب سے چاقو نکال کر ان کی رسیاں کاٹنے لگا۔! پھر ان سے بولا۔ "بھاگو۔!"

وہ نکل بھاگے.... لیکن اس نے اپنے ساتھیوں کی راہ روک لی۔!

"یہ کیا لغویت ہے!" چوہان جھلا کر بولا۔

ٹھیک اسی وقت پے در پے تین فائر ہوئے اور بھاگتے ہوئے قیدیوں کی طویل چیخوں سے، فضامرتعش ہوگئی۔ وہ باہر عمارت سے تھوڑے ہی فاصلہ پر پڑے ایڑیاں رگڑ رہے تھے۔!

"اس لغویت کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے۔" عمران نے ان کی طرف ہاتھ اٹھا کر چبھتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"تو پھر اب کیا ہوگا....!" تھیلما روہانسی آواز میں بولی۔

"جب آگ اس کمرے تک آجائے گی۔ پھر سوچیں گے۔!"

"لیکن.... لیکن۔!" صفدر کچھ کہتے کہتے رُک گیا۔

عمران نے گالویدا کا ریوالور اٹھایا، جو میز پر پڑا ہوا تھا.... اس کے خالی چیمبر بھرے اور ان لوگوں کی طرف مڑ کر بولا۔ "میں باہر جارہا ہوں.... تم لوگ اسی وقت یہاں سے نکلنا جب آگ اس کمرے تک پہنچ جائے۔!"

"نہیں۔ آپ تنہا نہیں جاسکتے۔!"

"یہ تو کسی ایک کو کرنا ہی پڑے گا۔!"

"میں جارہا ہوں....!" صفدر بولا۔

"نہیں....!" عمران نے سخت لہجے میں کہا۔ "میرا حکم ہے کہ تم سب یہیں ٹھہرو گے۔!"

پھر وہ فرش پر لیٹ کر سینے کے بل کھسکتا ہوا باہر نکل گیا۔

ظفرالملک کو افسوس تھا کہ عمران خود ہی تھیلما کے ساتھ چلا گیا۔ جب وہ اس کی نقل کررہا

تھا تو پھر اُسے ہر قسم کی سچویشن سے دوچار ہونے کا موقع ملنا چاہئے.... اس طرح زیادہ سے زیادہ خود اعتمادی پیدا ہونے کا امکان تھا....!

لیکن یہ حقیقت تھی کہ ظفر الملک بھی عمران کو نیم دیوانہ ہی سمجھ کر درگزر کر دینے کا عادی ہوتا جارہا تھا۔

اس عمارت میں کئی بڑے بڑے کمرے تھے اور ان میں اسے اپنی تنہائی کچھ عجیب سی لگتی۔ یورپ میں وہاں جہاں بھی رہا تھا۔ لڑکیوں میں گھرا رہا تھا۔ اب یہ تنہائی سخت جانگسل معلوم ہورہی تھی۔!

تھیلما کے ساتھ اس نے اپنا وقت کچھ بڑے خطرات میں گزارا تھا۔ لیکن اُسے زندگی اتنی کٹھن نہیں لگتی تھی! جتنی اب معلوم ہورہی تھی۔ اس وقت تھیلما کی آمد نے اسے بڑا سہارا دیا تھا۔!

لیکن عمران کی موجودگی نے سارا کھیل بگاڑ دیا۔ اوہ مگر.... وہ عمران ہی کے پاس آئی تھی.... اس کا نام تک نہیں لیا تھا۔ اُونہہ اس سے کیا ہوتا ہے جو وقت اس کے ساتھ گزرا تھا، خوشگوار تھا۔ کبھی اپنائیت محسوس ہوئی تھی اور کبھی اجنبیت.... یکسانیت تو نہیں پیدا ہونے پائی تھی زندگی میں طویل خوب صورت لمحے بھی تھکا دیتے ہیں۔!

دفعتاً وہ چونک پڑا.... پھر کوئی کال بیل کا بٹن دبا رہا تھا.... بڑی پھرتی سے صدر دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے اُس نے سوچا۔ شاید عمران واپس آگیا ہے.... اب وہ اسے وہاں چھوڑ کر خود باہر جائے گا۔

دروازہ کھول کر وہ بوکھلائے ہوئے انداز میں ایک دم پیچھے ہٹ آیا۔ باہر جولیانا فٹنر واٹر کھڑی ہوئی اسے قہر آلود نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

"تو اب آجاؤنا....!" وہ تھوڑی دیر بعد خوشامدانہ لہجے میں بولا۔

"میں آج تہیہ کر کے آئی ہوں کہ تم سے نپٹ لوں گی!"

"اب تک نپٹتی ہی تو آئی ہو۔!"

وہ اندر آگئی اور ظفر پیچھے ہٹتا چلا گیا! اپنی دانست میں عمران کی پوری پوری ایکٹنگ کر رہا تھا۔

"یہاں اور کون ہے؟" جولیا نے پوچھا۔

"کک.... کوئی بھی نہیں.... اور کون ہوتا.... لیکن تم یہاں پہنچیں کیسے؟"

"اپنے علاوہ تم ساری دنیا کو بے وقوف سمجھتے ہو!" جولیا کا لہجہ زہریلا تھا۔

"اپنی ہی طرح دوسروں کو بھی سمجھو! بزرگوں کا قول ہے اور کنفیوشس نے بھی یہی کہا ہوگا۔!"

"میں تم سے یہ کہنے آئی ہوں کہ میں واپس جانا چاہتی ہوں۔!"

"ابھی تو بیٹھو.... مطلب یہ ہے کہ.... اررر.... میں تمہیں وہائٹ جیسمین پلاؤں گا.... پلیز.... ڈوکم....!"

وہ اُسے ڈرائنگ روم کی طرف چلنے کا اشارہ کرتا ہوا بولا۔

"میں یہاں قیام نہیں کر سکتی.... آب و ہوا موافق نہیں ہے اور پھر کوئی کام بھی تو....!"

"کک... کام... تو پھر یہیں آجاؤ... صبح مجھے ناشتہ کرنا پڑتا ہے۔ سخت کوفت ہوتی ہے۔!"

"نوکر ہوں تمہارے باپ کی۔!"

"مطلب یہ کہ کوفت تو ہوتی ہے.... لیکن میں تمہارے لئے بھی چائے بنالیا کروں گا.... انڈے تلنا بھی کوئی ایسا مشکل کام نہیں ہے!"

ڈرائنگ روم میں پہنچ کر وہ اُسے گھورتی ہوئی بیٹھ گئی....!

"میرا جی چاہتا ہے کہ اس وقت تمہیں مینڈولین پر ایک اطالوی نغمہ سناؤں۔" ظفر مسکرا کر بولا۔

"میں اوٹ پٹانگ باتیں سننے کے موڈ میں نہیں ہوں!"

"پھر بتاؤ.... میں تمہارے لئے کیا کروں؟"

"میں واپس جانا چاہتی ہوں۔!"

"اچھا.... اچھا.... وہ بھی ہو جائے گا۔"

"نہیں....! تم پر پھر تھریسیا کا بھوت سوار ہو گیا ہے.... تم دوسروں کا وقت اسی طرح برباد کراتے رہو گے....!"

"بھھ... بھوت... ہاں... ہاں... میں تو یہ کہہ رہا تھا کہ... مینڈولین پر اطالوی نغمہ..!"

"ہاں.... ضرور سنوں گی۔!" لہجہ بہت زہریلا تھا۔

ظفر محتاط ہو گیا۔

تھریسیا کا تذکرہ اُس نے بڑے جلے کٹے لہجے میں کیا تھا اور عمران نے اسے تھریسیا کی کہانی جس انداز میں سنائی تھی۔ اس سے وہ صرف ایک بہت بڑی مجرمہ ثابت ہوئی تھی۔ اور بس۔!

"پیچ.... چاؤں.... بناؤں تمہارے لئے!"

"فضول باتیں نہ کرو۔!"

"اچھی بات ہے.... اب بالکل خاموش بیٹھوں گا....!"

"میں واپس جانا چاہتی ہوں!" وہ ہذیانی انداز میں چیخی.... غصے سے سرخ ہو گئی تھی۔ ایسا لگتا تھا جیسے پھاڑ کھائے گی۔

"اچھی بات ہے.... واپس چلی جاؤ....!" ظفر بولا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اُس نے معقول بات کہی ہے یا یہ عمران کے نکتہ نظر سے غلط ہو گئی۔

وہ اسے اسی انداز میں گھورے جارہی تھی! اب ظفر سوچ رہا تھا کہ شاید وہ عمران کی لاعلمی میں یہاں آئی ہے۔ اگر اس اثنا میں عمران واپس آگیا تو کیا ہوگا!

"اچھی بات ہے.... تم جب چاہو.... واپس جاسکتی ہو!" اس نے پھر کہا۔

"میرے پچاس روپے واپس کرو، جو تم نے کل لئے تھے۔!"

"اتنی جلدی واپس کرنے کے لئے تو نہ لئے ہوں گے۔!"

"میں کچھ نہیں جانتی.... ابھی واپس کرو۔!"

"ابھی تو نہیں ہیں میرے پاس۔!"

"میں لے کر ہی واپس جاؤں گی....!"

"یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔!" ظفر نے جھنجلاہٹ کا مظاہرہ کیا۔

"کچھ بھی ہو....!"

"میں کوڑی کوڑی کا محتاج ہو رہا ہوں ان دنوں....!"

"روپے واپس کرو....!"

"ایسے لگتا ہے جیسے تم خواہ مخواہ لڑنا چاہتی ہو!"

"ایسی ہی غیر مہذب ہوں.... کیوں۔؟" اس نے پھر آنکھیں نکالیں۔

"میرا سر چکرا رہا ہے۔!" ظفر اپنے سر پر ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔

"تم میری طرف سے جہنم میں جاؤ.... میں اپنے روپے اسی وقت واپس لوں گی....!"

ظفر نے جیب سے پرس نکالا۔ اس میں صرف تیس روپے پچھتر پیسے تھے.... اس نے اسے

میز پر الٹ دیا۔

"تم اتنے شریف کیوں ہو رہے ہو۔!" دفعتاً جولیا کا لہجہ بدل گیا۔

"کیا کروں.... نہیں چاہتا کہ تم خفا ہو جاؤ....!"

"اتنا ہی خیال ہے میرا۔!"

"اس سے بھی زیادہ۔!"

"تم مکار ہو.... تمہاری کسی بات پر یقین نہیں کیا جا سکتا۔"

"میں.... صرف تمہارے لئے مکار نہیں ہوں۔ دل سے چاہتا ہوں تمہیں!" ظفر ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔ اس وقت اس کا لہجہ عمران کا سا نہیں تھا۔ ظفر الملک کا خاص رومینٹک لہجہ تھا۔ جس کے لئے اس کے گرد لڑکیوں کی بھیڑ رہتی تھی۔

وہ اٹھا اور اس کے قریب فرش پر دوزانوں بیٹھ کر اُس کے ہاتھ کو بوسہ بھی دیا....!

جولیا نے بڑی نرمی سے اپنا ہاتھ اُس کے ہاتھ میں دے رکھا تھا اور عجیب سی نظروں سے اسے دیکھے جا رہی تھی۔

**"تم عمران ہی ہو نا؟" دفعتاً وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔ "یقین نہیں آتا....!"**

یہ جملہ ظفر کے لئے ایسا ہی تھا، جیسے بچھو نے ڈنگ مار دیا ہو۔ اُچھل کر کھڑا ہو گیا۔!

اس پر بوکھلاہٹ طاری ہو گئی تھی۔ کیا پول کھل گیا۔!

"کیا ہوا تمہیں؟" وہ بدستور نرم لہجے میں بولی۔

"کک.... کچھ نہیں.... والد صاحب!"

"شٹ اَپ...... ایسے لمحات میں مضحکہ خیز بننے کی کوشش مت کیا کرو۔ چلو یہیں بیٹھ جاؤ.... اسی طرح۔!"

ظفر سوچ رہا تھا کہ بوکھلاہٹ میں یہ کیا حرکت ہو گئی! عمران نے اس سلسلے میں محتاط رہنے کی ہدایت کی تھی! بار بار یاد دہانی کراتا رہا تھا کہ وہ بحیثیت عمران جولیا سے رومانس لڑانے کی کوشش نہیں کرے گا۔

بہر حال اب تو بندوق چل ہی گئی تھی! وہ پھر اس کے پاس دوزانوں جا بیٹھا اور اس نے پھر اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھا دیا۔ اس بار تو بوسہ ظفر کو ایسا ہی لگا جیسے حلق میں پتھر اٹک گیا ہو۔

وہ اپنا ہاتھ ڈھیلا چھوڑے بیٹھی رہی۔ عمران کا خیال ظفر کا گلا گھونٹے ڈال رہا تھا۔ سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اس سچویشن سے کیسے پیچھا چھڑائے۔

"چائے....!" وہ پھنسی پھنسی سی آواز میں بولا۔

"میں خود بنالوں گی....!" وہ مسکرائی۔ "اور تم مجھے کوئی اطالوی نغمہ سنانے جارہے تھے۔!"

"ہاں...ہاں...!" وہ جلدی سے اُس کا ہاتھ چھوڑ کر اٹھ گیا "میں ابھی مینڈولین لاتا ہوں..!"

جھپٹتا ہوا خواب گاہ میں آیا اور مینڈولین اٹھا کر سوچنے لگا۔ اگر اس وقت عمران آگیا تو کیا ہوگا۔!

چاروناچار ڈرائینگ روم کی طرف آنا پڑا۔ جولیا کو جس انداز میں چھوڑ گیا تھا وہ اسی طرح بیٹھی ملی....! چہرے پر کرختگی کی جگہ بڑی دلآویز سی نرمی نے لے لی تھی۔!

وہ دروازے ہی کے قریب کھڑا ہو کر مینڈولین بجانے لگا۔

جولیا ٹھوڑی پر ہاتھ ٹیکے اُسے بڑی میٹھی نظروں سے دیکھے جارہی تھی۔!

ظفر حالانکہ اب بہت بے دلی سے بجارہا تھا۔ لیکن جولیا کے چہرے پر عجیب سے تاثرات تھے.... نغمے کے اختتام پر وہ اٹھی اور ظفر کے قریب آکھڑی ہوئی۔

"تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ یہ میرا پسندیدہ نغمہ ہے....!" اس نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"تمہارے بارے میں میں سب کچھ جانتا ہوں!" ظفر بوکھلاہٹ میں کہہ گیا۔!

"پھر مجھ سے کیوں بھاگے بھاگے پھرتے ہو۔ میرے بارے میں.... سنجیدگی سے کیوں نہیں سوچتے۔!"

"اب سوچوں گا....!" اس کے علاوہ اور جواب ہی کیا ہوتا۔

"لیکن یہ تھریسیا؟"

"سب بکواس ہے.... لعنت بھیجو تھریسیا پر!"

"وہ تمہیں چاہتی ہے!"

"تو اس میں میرا کیا قصور ہے!"

"تم اُسے نہیں چاہتے؟"

"ہرگز نہیں۔"

”تو پھر تم اُسے اتنی چھوٹ کیوں دیتے رہتے ہو!“

”تم غلط سمجھی ہو۔! محض اتفاقات کی بنا پر وہ ہمیشہ بچ نکلی ہے!“

”لیکن اُسے تو تم تسلیم کرو گے کہ وہ بھی تمہیں چھوٹ دیتی رہتی ہے!“

”بس میرے ہی ہاتھوں اس کی موت آنی ہے اسی لئے چھوٹ دیتی رہتی ہے مجھے!“

وہ تھوڑی دیر تک کچھ سوچتی رہی پھر بولی۔ ”یقین نہیں آتا!“

ظفر کا دل ایک بار پھر حلق میں جا اٹکا۔! ”کک.... کیوں؟“

”تم پل پل بدلتے ہو۔ اس وقت اس قسم کی باتیں کر رہے ہو کچھ دیر بعد شاید مجھے پہچاننے سے بھی انکار کر دو.... تم ایسے کیوں ہو عمران۔!“

جولیا کے لہجے میں گہرے غم کی جھلکیاں تھیں۔ ظفر کچھ نہ بولا.... خشک ہوتے ہوئے لبوں پر زبان پھیرنے لگا تھا۔

”میں جانتی ہوں کہ تم کن حالات سے گزر کر یہاں تک پہنچے ہو! تمہاری شخصیت غیر متوازن ہو گئی ہے لیکن میں وعدہ کرتی ہوں کہ تمہیں آدمی بنا دوں گی۔ جس عورت نے تمہیں پیدا کیا تھا وہ حالات سے مجبور ہو کر تمہاری طرف توجہ نہیں دے سکی تھی۔!“

”ہاں.... یقیناً....!“ ظفر نے بھی آواز سے سوز و گداز پیدا کرنے کی کوشش کی۔ ”لل.... لیکن.... تم تو واپس جانا چاہتی ہو۔“

”میں اب نہیں جاؤں گی....!“ جولیا نے کہا اور پھر چونک کر اسے گھورنے لگی۔

”کک.... کیوں....؟ اس طرح کیوں دیکھ رہی ہو۔“

”میں سمجھی۔“ وہ اسے تیز نظروں سے دیکھتی ہوئی پیچھے ہٹ گئی۔

”ارے.... ارے.... کیا ہوا۔!“

”تم....!“

”ہاں.... ہاں.... میں کیا ہوا؟“

”مجھے روکے رکھنے کے لئے تم نے یہ چال چلی ہے!“

ظفر نے قہقہہ لگایا۔ اس بات پر بہت زیادہ محظوظ ہونے کی ایکٹنگ کرتا رہا.... پھر کچھ کہنے ہی والا تھا کہ جولیا جھینپے ہوئے انداز میں بولی۔

"یہی بات ہے نا؟"

"اب میں کیسے یقین دلاؤں.... بداچھا بدنام بُرا....!"

وہ خاموش ہو کر صوفے پر جا بیٹھی اس کے چہرے پر خجالت کے آثار تھے۔!

پَل پَل بدلتے ہوئے حالات نے ظفر کو نچا کر رکھ دیا تھا۔ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اب اس کا رویہ کیا ہونا چاہئے۔ عمران کی صد رنگ طبیعت کے اسرار اب کھل رہے تھے۔

جولیا اب ظفر کی طرف نہیں دیکھ رہی تھی! ایسا لگتا تھا جیسے وہ فوری طور پر کوئی فیصلہ کرنا چاہتی ہو۔

"میں واپس جاؤں گی....!" دفعتاً وہ اٹھتی ہوئی سخت لہجے میں بولی۔

"اس کے باوجود بھی میرے رویے میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی.... مینڈولین پر تمہارے پسندیدہ نغمے چھیڑتا رہوں گا۔"

وہ اُسے گھورتی ہوئی صدر دروازے کی طرف بڑھ گئی۔ ظفر اس طرح منہ چلا رہا تھا جیسے کوئی کڑوی چیز بڑی سرعت سے زبان کی نوک سے حلق تک پھیل گئی ہو۔!

جولیا کی پشت پر زوردار آواز کے ساتھ دروازہ بند ہوا تھا۔

وہ اسے دیکھ رہے تھے اور وہ آہستہ آہستہ رینگتا ہوا آگے بڑھ رہا تھا۔ دفعتاً گرے ہوئے آدمیوں میں سے ایک نے دوبارہ اٹھنے کی کوشش کی تھی کہ ایک فائر پھر ہوا اور وہ دھڑام سے گر کر چاروں خانے چت ہو گیا۔

انہوں نے عمران کو رکتے دیکھا!.... اس بار انہوں نے فائر کی سمت متعین کرلی تھی! فائر کرنے والا شاید اس سطح سے نیچے تھا جس پر عمران رینگ رہا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ ابھی تک اس کی سمت کوئی فائر نہیں ہوا تھا۔

دوسرے کمرے کی کھڑکی دھڑا دھڑ جل رہی تھی۔

"بڑی غلطی ہوئی...!" صفدر بولا۔ "ہمیں اسی طرف سے نکل جانا چاہئے... تھا... وہ آدمی

گالو یدا تنہا ہے اور صرف ایک ہی سمت فائر کر سکتا ہے!"

"اُف فوہ.... ہم بھی کتنے بے عقل ہیں!" چوہان جلد جلد کہنے لگا۔

"جتنی دور تک وہ رینگ گیا ہے۔ کم از کم اتنی دور تک تو ہم بھی رینگ سکتے ہیں۔! کیونکہ ابھی تک اُس کی طرف کوئی فائر نہیں ہوا۔"

"مم.... میں کیا کروں....!" تھیلما منمنائی۔

"تم بھی وہی کرو۔ جو ہم کرنے جا رہے ہیں!" صفدر بولا اور سینے کے بل زمین پر لیٹ گیا۔

عمران کی تقلید سب سے پہلے اسی نے کی تھی۔ پھر وہ سب ہی یکے بعد دیگرے اسی طرح رینگتے ہوئے ہٹ سے باہر آگئے۔ تھیلما سب سے پیچھے تھی اور وہ بری طرح ہانپ رہی تھی۔

اچانک انہوں نے اپنے قریب ہی سے فائر کی آواز سُنی۔

عمران کے ریوالور کی نال سے دھواں نکل رہا تھا۔

لیکن جس طرف سے اس نے فائر کیا تھا۔ وہاں کچھ بھی نہ دکھائی دیا۔

پھر انہوں نے اس کو تیزی سے اسی جانب بڑھتے دیکھا۔ بالکل ایسا لگتا تھا جیسے وہ کوئی رینگنے والا جانور ہو۔ کسی تیز رفتار چھپکلی کی طرح سینے کے بل گویا دوڑا جا رہا تھا۔!

وہ سب حیرت سے منہ پھاڑے اُسے دیکھتے رہے! جو جہاں تھا وہیں تھم گیا تھا۔

پھر وہ اُن کی نظروں سے اُوجھل بھی ہو گیا! اب عمارت کے سامنے والے حصے تک آگ کی لپٹیں پہنچنے لگی تھیں اور وہ ان کی آنچ محسوس کر رہے تھے۔ ویسے اب انہیں آگ سے کوئی خطرہ نہیں تھا۔

کافی وقت گزر گیا۔ لیکن عمران واپس نہ پلٹا جلتی ہوئی لکڑیوں کے چٹخنے کی آواز سناٹے میں عجیب سی لگ رہی تھی اور بھورے بھورے دھوئیں کے بادل اوپر فضا میں اٹھ رہے تھے۔

دفعتاً صفدر بولا۔ "ہمیں بھی اُدھر ہی چلنا چاہئے!"

"نہیں.... کچھ یہاں ٹھہریں اور کچھ جائیں۔!" چوہان نے کہا۔

"اس سے کچھ فائدہ نہیں! اگر کسی راہگیر کی نظر اس طرف اٹھ گئی تو زحمت میں پڑیں گے!"

"میں کیا کروں.... میں کیا کروں۔!" تھیلما منمنائی اور صفدر نے پلٹ کر کہا۔

"اس عورت کو نگرانی میں رکھو!"

"میں دشمن نہیں ہوں... میں دشمن نہیں ہوں۔!" وہ گڑگڑائی لیکن کسی پر اس کا اثر نہیں ہوا۔

صفدر اب اٹھ بیٹھا تھا۔ دوسروں نے بھی اس کی تقلید کی۔ چوہان نے تھیلما کا بازو پکڑ لیا۔

"چھوڑ دو مجھے!" وہ اپنا ہاتھ جھٹکتی ہوئی چیخی۔

"خاموش رہو....!" چوہان غرایا.... اور اسے اسی طرف کھینچنے لگا جدھر سب جا رہے تھے۔

جہاں عمران آنکھوں سے اوجھل ہوا تھا وہاں سے ایک طویل ڈھلان شروع ہوتی تھی۔

دفعتاً صفدر چلتے چلتے رک گیا اس کے پیروں کے قریب ایک رائفل پڑی نظر آئی اور وہیں خون کا ایک بڑا دھبہ بھی دکھائی دیا۔ تازہ خون کا دھبہ جو آہستہ آہستہ سیاہی مائل ہوتا جا رہا تھا! صفدر نے رائفل اٹھالی اور پھر چل پڑا۔

حد نظر تک ویرانی ہی بکھری ہوئی تھی۔ دُور دُور تک ان کے علاوہ اور کوئی نظر نہیں آتا تھا۔! وہ ڈھلان میں اترتے رہے۔

جلنے والے مکان کے دھوئیں کی پرچھائیں اس ڈھلان پر بھی دکھائی دیتی تھی۔

ڈھلان کے اختتام پر ناقابلِ عُبور چٹانیں بکھری ہوئی تھیں۔ ایسا لگتا تھا جیسے اُن کی راہ میں دیواریں حائل ہوگئیں ہوں۔ اب یہاں بھی دُور دُور تک کسی کا پتہ نہیں تھا۔

وہ سب پُر تشویش نظروں سے ایک دوسرے کی طرف دیکھتے رہے چوہان بولا۔ "ہماری گاڑیاں ادھر موجود ہیں اور یہ خطرناک ہے۔"

"کچھ بھی ہو....!" صفدر بڑبڑایا۔

"کیا مطلب؟"

"عمران کو تنہا نہیں چھوڑا جا سکتا۔"

"تم بے تکی باتیں نہ کرو۔!"

"تم جانا چاہو تو جا سکتے ہو۔ میں اپنی ذمہ داری پر یہاں رکوں گا!"

"تمہیں تو اپنی ذمہ داری پر اس مکان میں جل مرنا چاہئے تھا!"

"بیکار باتیں نہ کرو.... اس سے زیادہ محتاط آدمی آج تک میری نظر سے نہیں گزرا۔ دوسروں کے لئے امکانی بچاؤ کی صورت پیدا کرنے کے لئے اپنی زندگی خطرے میں ڈال دیتا ہے۔ ہمیں وہیں رکنے کا مشورہ اسی لئے دیا تھا کہ ہم صورت حال کا جائزہ لینے کے بعد کوئی قدم

اٹھائیں"۔

چوہان کچھ نہ بولا۔ غالباً اب اُسے احساس ہوا تھا کہ عمران نے ان کی بھلائی ہی کی سوچی تھی۔

"لیکن.... ہم اسے کہاں ساتھ لئے پھریں!" چوہان نے تھیلما کا بازو جھنجھوڑتے ہوئے کہا۔

"مجھے جانے دو.... خدا کے لئے مجھے جانے دو....!" وہ پھر گھگھیائی۔ "کشت و خون میں نہیں دیکھ سکتی!"

"تم عمران کو یہاں کیوں لائی تھیں؟" چوہان اس سے اُلجھ پڑا۔

"مسٹر میوری کی حالت ٹھیک نہیں تھی۔ اُن پر دیوانگی کا دورہ پڑا تھا اور وہ بے ہوش ہو گئے تھے۔! میں عمران کو یہی بتانے گئی تھی۔!"

"کیا تم کو اس کی قیام گاہ کا علم تھا؟"

"ہاں.... میں اکثر اس کا تعاقب کیا کرتی تھی۔!"

"کیوں؟"

"اس کا میرے پاس کوئی جواب نہیں۔!"

"اور یہی سب سے زیادہ اہم ہے۔!"

صفدر انہیں وہیں چھوڑ کر آگے بڑھ آیا تھا.... دراصل یہاں بھی زمین پر خون کے دھبے ہی نے اُسے ایک خاص سمت پر چلتے رہنے پر مجبور کیا تھا۔

کچھ اور آگے بڑھنے پر دوسرا دھبہ دکھائی دیا۔ یہ خاصا طویل تھا.... ایسا لگتا تھا جیسے کوئی زخمی آدمی یہاں گر کر گھسٹتا ہوا آگے بڑھتا رہا ہو۔!

اور پھر وہ اس جگہ جا پہنچا جہاں سے چٹانوں کی اس دیوار کو پار کرنے کا امکان تھا۔

یہ ایک پتلا سا درہ تھا.... یہاں بھی زمین پر خون کا بڑا سا دھبہ ملا....!

صفدر مڑ کر اپنے ساتھیوں کو دیکھنے لگا.... لیکن وہ یہاں سے نظر نہیں آرہے تھے۔!

وہ پھر اسی سمت چل پڑا۔ یہاں تھیلما اور چوہان کے درمیان بحث و تکرار جاری تھی۔

"دیکھو!.... میری سنو....!" صفدر چوہان کے شانے پر ہاتھ رکھ کر بولا۔ "یہ عمران کے ساتھ آئی تھی اور عمران نے اس کے بارے میں ہمیں کوئی ہدایت نہیں دی!

"تو پھر....؟" چوہان آنکھیں نکال کر بولا۔

"تو پھر یہ کہ تم میں سے کوئی اسے اپنے ساتھ لے جائے اور عمران کی واپسی تک روکے رکھے!"

"میں کسی پر بھی اعتبار نہیں کر سکتی...!" تھیلما جھلائے ہوئے لہجے میں بولی۔

"خاموش رہو!" صفدر اسے گھورتا ہوا سخت لہجے میں بولا۔

اس کے بعد یہ مسئلہ درپیش ہوا کہ وہاں کون ٹھہرے اور کون واپس جائے جلتے ہوئے مکان کے آس پاس گاڑیوں کی موجودگی مناسب نہیں تھی۔!

"صرف.... میں یہاں ٹھہروں گا تم سب جاؤ۔!" صفدر بولا۔

"میں بھی تمہارے ساتھ رہنا چاہتی ہوں۔!" تھیلما نے کہا۔

"کیا بات ہوئی....؟" صفدر اسے گھورتا ہوا بولا۔ پھر سنبھل کر نرم لہجے میں کہنے لگا۔ "مطمئن رہو.... یہ لوگ تمہیں پولیس کے حوالے نہیں کریں گے.... عمران کی واپسی تک تم ہماری مہمان رہو گی۔!"

"ازراہِ کرم مہمان نوازی کی میری یہ درخواست منظور کرلو کہ میں تمہارے ساتھ رہنا چاہتی ہوں۔!"

"کیا تم خود اپنی حفاظت کر سکو گی۔؟"

"ہاں.... میں اپنی ذمہ داری پر یہ بات کہہ رہی ہوں!"

"اچھی بات!" صفدر نے طویل سانس لی۔

"ٹھنڈی سانسیں نہ لو....!" صدیقی بائیں آنکھ دبا کر طنزیہ سی ہنسی کے ساتھ بولا۔ "اس سے زیادہ اچھی بات اور کیا ہو سکتی ہے!"

"صدیقی پلیز۔؟" صفدر بہت زیادہ سنجیدہ نظر آرہا تھا۔

"چلو.... چلو....!" صدیقی اپنے دونوں ساتھیوں کو مخالف سمت میں دھکیلتا ہوا بولا۔ "ہم لوگ اتنے خوب صورت نہیں ہیں۔!"

صفدر نچلا ہونٹ دانتوں میں دبائے انہیں گھورتا رہا۔ جب وہ کچھ دُور چلے گئے تو اُس نے پکار کر کہا۔ "تینوں گاڑیاں واپس جائیں گی۔!"

لیکن ان میں سے کوئی مڑا بھی نہیں تھا! صفدر تھیلما کی طرف متوجہ ہو گیا۔

"یہ تم نے اچھا نہیں کیا! وہ میرا مذاق اڑا رہے ہیں؟"

"ان سبھوں میں صرف تم پر اعتماد کر سکتی ہوں۔!"

"تم مجھے کیا جانو؟"

"ان معاملات کے لئے عورت میں چھٹی حس ہوتی ہے۔ وہ اچھی طرح جانتی ہے کہ کس پر اعتماد کر سکتی ہے اور کس پر نہیں۔!"

"اچھا آؤ....!" صفدر دوسری طرف مڑتا ہوا بولا۔

وہ اس کے ساتھ چلنے لگی!

"میوری کے بقیہ لوگ کہاں ہیں؟" اس نے تھیلما سے پوچھا۔

"جو جہاں تھا وہیں ہوگا۔ عمران نے صرف فیکٹری پر قبضہ کیا تھا۔!"

"وہ کیسے مر گیا؟"

"میں نہیں جانتی۔ اس کے بارے میں میرا بیان بالکل سچا ہے، ویسے عمران کا خیال تھا کہ اس کی موت کسی قسم کے زہر سے واقع ہوئی ہوگی۔!"

"لیکن اس پر کیسے یقین کر لیا جائے کہ تم گالویدا سے ناواقف تھیں۔!"

"جس طرح میوری کے بارے میں میرے بیان پر یقین کر لیا گیا ہے!"

"تم نے کیسے سمجھ لیا کہ ہمیں یقین آ گیا ہے؟"

"خود عمران کو یقین تھا ورنہ وہ میرے بارے میں تمہیں کوئی واضح ہدایت دیتا۔!"

"ہم میں سے ہر ایک جانتا ہے کہ مجرموں کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا جاتا ہے اس کے لئے کسی اضح ہدایت کی ضرورت نہیں!"

"اچھی بات ہے تو اسکا فیصلہ عمران ہی پر چھوڑ دو کہ میرے ساتھ کیا برتاؤ کیا جانا چاہئے۔"

"تم نے عمران کا تعاقب کیوں کیا تھا؟"

"وہ میرے لئے دنیا کا آٹھواں عجوبہ ہے!"

وہ دراڑ کے قریب پہنچ چکے تھے! دفعتاً تھیلما پھر بولی۔ "تم یہ بھی سوچ سکتے ہو کہ میں نہارے ساتھ اسی لئے رہ گئی ہوں کہ تمہیں گالویدا تک نہ پہنچنے دوں۔!"

"میں یہی سوچ رہا ہوں۔!" صفدر دراڑ کے قریب پہنچ کر رکتا ہوا بولا۔!

"یہ تشویش کی بات ہے!" تھیلما نے مسکرا کر کہا۔ "وہ لوگ بھی چلے گئے.... اچھا تم مجھے

گولی ماردو۔ادھر دولاشیں اور بھی پڑی ہوئی ہیں ادھر شاید کوئی آنے کی زحمت نہ گوارہ کرے۔"

"چلو... تم آگے چلو۔!"صفدر نے دراڑ کی طرف اشارہ کیا۔ پھر بولا۔"نہیں.... ٹھہرو!"

وہ اسے ٹٹولنے والی نظروں سے دیکھنے لگی۔

"تمہارے پاس اگر پستول ہو تو میرے حوالے کردو۔!"صفدر اسے گھورتا ہوا بولا۔

"پستول....ہاں میرے پاس پستول ہے!"

صفدر نے بڑی پھرتی سے اپنا ریوالور نکال کر اُس کا رخ اس کی طرف کرتے ہوئے کہا۔

"نکال کر زمین پر ڈال دو۔!"

تھیلما نے اپنے بلاؤز کے گریبان سے اعشاریہ دوپانچ کا پستول نکال کر زمین پر ڈال دیا۔!

اس نے اسے اٹھا کر جیب میں ڈالتے ہوئے کہا۔"اب چلو!"

تھیلما دراڑ میں داخل ہو گئی۔

کچھ دور تک تو انہیں آسمان نظر آتا رہا اور پھر وہ یک لخت تاریکی میں چلے گئے! صفدر نے جیب سے چھوٹی سی ٹارچ نکالی اور اس کی روشنی میں وہ آگے بڑھتے رہے۔

ابھی تک یہ دراڑ اتنی کشادہ نہیں ہوئی تھی کہ وہ برابر سے چل سکتے ایک جگہ انہیں رک جانا پڑا.... کیونکہ یہاں یہ دراڑ دو شاخوں میں بٹ گئی تھی۔!

"اب کدھر چلوں!"تھیلما نے پوچھا۔

"جدھر مناسب سمجھو۔!"

"تمہارے لہجے میں اب بھی شبے کی جھلک باقی ہے!"

"حالات نے مجھے مجبور کر دیا ہے!"

"بس تو پھر تم جدھر کہو گے اُدھر ہی چل پڑوں گی!"

"ادھر....!"صفدر نے سیدھا راستہ چھوڑنے کو کہا۔

دراڑ کی یہ شاخ نسبتاً کشادہ ثابت ہوئی تھی۔ وہ آگے بڑھتے رہے اور اب وہ اندھیرے میں نہیں چل رہے تھے! دراڑ سے آسمان بھی دکھائی دیتا تھا۔!

"کہیں ہم غلط نہ جارہے ہوں۔!"تھیلما کچھ دیر بعد بولی۔

"کچھ کہا نہیں جاسکتا۔!"

وہ چلتے رہے.... صفدر اب تھیلما کی چال میں لڑکھڑاہٹ محسوس کر رہا تھا!

"شاید تم بہت زیادہ تھک گئی ہو....!" صفدر بولا۔

"ہاں تھک تو گئی ہوں۔ لیکن تمہیں یقین بھی تو دلانا ہے کہ میں عمران یا اس کے ساتھیوں کی دشمن نہیں ہوں۔!"

صفدر کچھ نہ بولا۔

دراڑ بتدریج زیادہ سے زیادہ کشادگی اختیار کرتی جارہی تھی اور پھر کچھ دیر بعد وہ بالکل ہی کھلے میں نکل آئے۔!

"یہاں.... یہاں تو کچھ بھی نہیں ہے!" تھیلما چاروں طرف دیکھتی ہوئی بولی۔

"غالباً ہم.... غلط آئے.... ہمیں وہی راستہ اختیار کرنا چاہئے تھا.... جسے چھوڑ آئے ہیں۔!"

"اب میں کچھ دیر بیٹھ کر دم لینا چاہتی ہوں.... پیروں میں چلنے کی سکت نہیں رہی۔!"

"اچھی بات ہے!" صفدر طویل سانس لے کر بولا۔

اس کے چہرے پر گہرے تشویش کے آثار تھے۔

"اگر وہ زخمی تھا... تو... اسے اتنا تیز رفتار نہ ہونا چاہئے!" تھیلما بولی۔ صفدر خاموش ہی رہا۔

"کیا عمران تم لوگوں کا آفیسر ہے!" تھیلما نے کچھ دیر بعد پوچھا۔

"وہ ہم ہی میں سے ہے۔!"

"تم اس کو بڑا خیال کرتے ہو!"

"میں اس سے محبت کرتا ہوں!" صفدر مسکرایا۔

"وہ ہے ہی محبت کئے جانے کے قابل۔!"

"اوہ....!" صفدر اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا!

"اس دنیا کا آدمی تو معلوم ہی نہیں ہوتا۔ کیا اس نے ہم سب کے لئے اپنی زندگی کا جوا نہیں کھیلا تھا۔ کون ہے ایسا؟ مجھے تو کوئی بھی نظر نہیں آتا۔!"

"تم اُسے کب سے جانتی ہو۔؟"

"جب سے مسٹر میوری اس کی طرف متوجہ ہوئے تھے"۔

"میوری تو ختم ہو گیا.... اب تمہارا کیا ہو گا؟"

"اگر میوری کے جرائم کے سلسلے میں تم نے کوئی مقدمہ قائم کیا تو میں وعدہ معاف گواہ بن جاؤں گی۔"

"اس کا کوئی امکان نہیں۔!"

"کیوں....؟"

"میں کچھ نہیں جانتا....! اس کے بارے میں بھی آخری فیصلہ عمران ہی کا ہو گا۔"

"تم لوگوں کے معاملات ابھی تک تو میری سمجھ میں نہیں آسکے....!"

"کیا تمہاری تھکن دُور ہو چکی! زیادہ انتظار نہیں کر سکتا۔"

"چلو اٹھو...." تھیلما اٹھ گئی۔

جولیا جس زور شور کے ساتھ دروازہ بند کر کے وہاں سے رخصت ہوئی تھی۔ اس سے تو یہی اندازہ ہوتا تھا کہ وہ بہت زیادہ غصے میں ہو گی لیکن ظفر اس کے علاوہ بھی سوچ رہا تھا۔

اندیشہ تھا کہ اس سے بوکھلاہٹ میں کچھ ایسی حرکتیں ضرور سرزد ہوئی ہوں گی، جو عمران کی فطرت سے مطابقت نہ رکھتی ہوں! ایسی صورت میں جولیا یقینی طور پر شبہے میں مبتلا ہو سکتی ہے!۔

پھر اسے کیا کرنا چاہئے۔ عمران نے تھیلما کے ساتھ جانے کا فیصلہ کر کے اسی کی موجودگی میں صفدر کو فون کیا تھا اور عمارت کا پتہ بتایا تھا۔

اب اگر جولیا کو شبہ ہو گیا ہے تو وہ پھر پلٹ کر آئے گی۔ ہو سکتا ہے اس بار اس کے ساتھ کوئی مرد بھی ہو۔!

وہ تیزی سے اٹھ کر اس کمرے میں آیا جہاں عمران نے میک اَپ کا سامان رکھا تھا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ اپنا موجودہ میک اَپ فی الحال ختم کر دینا چاہئے۔ جولیا سمیت عمران کے سارے ساتھی اُسے ظفر الملک کی حیثیت میں دیکھ چکے تھے لہٰذا وہ اُن کے لئے اجنبی بھی نہیں تھا۔

عمران کا میک اَپ ختم کرنے کے بعد اس نے شاگرد پیشے کی ایک کوٹھری سے کُدال نکالی،

باغیچے میں آکر کام شروع کر دیا۔

آدھا گھنٹہ بھی نہیں گزرا تھا کہ ایک چھوٹی فیاٹ کمپاؤنڈ داخل ہوئی۔!

اسے جولیا ڈرائیو کر رہی تھی اور اس کے ساتھ عمران کا ایک ساتھی بھی تھا۔

اس کا نام شاید تنویر ہے! ظفر نے سوچا....!

اس نے کدال رکھ دی تھی اور سیدھا کھڑا ہو کر انہیں حیرت سے دیکھ رہا تھا۔ وہ دونوں گاڑی سے اُتر کر اس کے قریب آئے۔

"اوہ.... تو یہ تم ہو....!" تنویر خوشگوار لہجے میں بولا۔

"ہاں.... آں.... کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں!"

"تم ظفر الملک ہو نا....!"

"جی ہاں.... میرا یہی نام ہے!" ظفر نے اپنے لہجے کی حیرت برقرار رکھی۔

"عمران کہاں ہے؟"

"کچھ دیر پہلے.... یہیں تھے.... غالباً آپ ہی ان سے ملنے آئی تھیں۔ تھوڑی دیر قبل۔!"

"ہاں.... میں آئی تھی لیکن میں نے تو تمہیں نہیں دیکھا تھا۔!"

"میں اس طرف کام کر رہا تھا....!" ظفر نے کراٹا کی باڑ کی دوسری طرف اشارہ کیا۔

"کیا وہ اندر ہے"۔

"جی نہیں.... یہاں تو میں رہتا ہوں.... کبھی کبھی وہ آتے ہیں"۔

"کیا وہ یہیں رہتا ہے؟"

"جی نہیں.... یہاں تو میں رہتا ہوں....!"

"اور کون کون آتا ہے یہاں۔؟"

"معاف کیجئے گا.... آپ کا یہ سوال قطعی غیر ضروری ہے!" ظفر الملک نے نتھنے پھلائے۔!

"گرم ہونے کی ضرورت نہیں۔ تم مجرموں کے ساتھ تھے۔ ہم تم پر اعتماد نہیں کر سکتے۔!"

"میں مجرموں کے ساتھ تھا تو پھر یہاں باغیچہ کیوں سنوار رہا ہوں۔ جیل میں کیوں نہیں ہوں۔!"

"وقتی ضرورت کے تحت یہ اقدام کیا گیا ہے!"

"پھر آپ مجھ سے کیا چاہتے ہیں!"

"اس عمارت کی تلاشی۔!"

"اوہ.... شوق سے.... آیئے.... ضرور آیئے!" ظفر ہاتھ جھاڑتا ہوا بولا۔ پھر جولیا کی طرف دیکھتے ہوئے مسکرا کر کہا۔ "معاف کیجئے گا محترمہ میں کچھ روڈ ہو گیا تھا لیکن بات ہی ایسی تھی۔ ابھی تک کسی کو میری بے گناہی پر یقین نہیں آیا"۔

"کوئی بات نہیں۔" جولیا بھی جواباً مسکرائی۔

"آیئے میرے ساتھ۔"

وہ انہیں عمارت کے اندر لایا.... اور تنویر کسی مشاق پولیس آفیسر کے سے انداز میں ایک ایک کمرے کی تلاشی لینے لگا۔

ظفر خاموشی سے اس کی حرکات و سکنات دیکھتا رہا۔

جولیا نے مینڈولین اٹھالیا اور اس کے تاروں پر انگلی پھیرتی ہوئی بولی۔ "تمہیں اس سے بھی شوق ہے"۔

"یس ماموزیل یہ تو میری زندگی ہے"۔

"کبھی عمران کو بھی بجاتے سنا ہے"۔

"مجھے حیرت ہے.... ماموزیل وہ تو مجھ سے بھی زیادہ مشاق ہیں.... موسیو عمران کا جواب نہیں ہے.... فرانس میں ہوتے تو لڑکیاں انہیں....!"

"کیا تم نے کچھ دیر پہلے اسے بجاتے سنا ہے!"

"ماموزیل .... میں صبح سے باغیچے میں کام کر رہا تھا.... مجھ سے بے کار نہیں بیٹھا جاتا...."

کچھ دیر بعد وہ ڈرائینگ روم میں آگئے۔

"اب اگر آپ لوگ اجازت دیجئے تو میں آپ کے لئے کافی بنا لاؤں!" ظفر نے بڑے ادب سے کہا۔

"نہیں شکریہ!" تنویر کا لہجہ بے حد خشک تھا۔

"کیا عمران رات یہیں بسر کرتا ہے؟"

"ضروری نہیں ہے ماموزیل.... لیکن کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے!"

"چبا چبا کر باتیں نہ کرو۔!" تنویر خواہ مخواہ بھڑک اٹھا۔

"مجھ سے کیا گستاخی سرزد ہوئی ہے جناب۔!"

"کچھ نہیں.... کچھ نہیں....!" جولیا جلدی سے بول پڑی۔ "تم ہمیں مینڈولین پر کوئی اچھا سا نغمہ سناؤ۔!"

"ماموزیل کی خواہش کا احترام کیا جائے گا۔!" ظفر کسی قدر خم ہو کر بولا۔

"کیا تم ہمارا مذاق اڑا رہے ہو!" تنویر بھنا کر بولا۔

"موسیو.... آپ کے لئے یہی مناسب ہوگا کہ آپ سردار گڑھ سے بھی زیادہ بلندی والی کسی جگہ پر قیام فرمائیں۔!"

"میں تمہارا سر توڑ دوں گا۔!" تنویر اچھل کر کھڑا ہو گیا۔

"سر حاضر ہے۔ موسیو۔!" ظفر نے اس کے سامنے بھی جھکتے ہوئے کہا۔

جولیا نے جھنجھلائے ہوئے انداز میں تنویر کی طرف دیکھا لیکن تنویر اس سے بے خبر ظفر کو گھورے جا رہا تھا۔!

"مسٹر ظفر میں نے آپ سے سفارش کی تھی۔"

"ابھی لیجئے.... ابھی حاضر ہوتا ہوں....!" ظفر نے کہا اور کمرے سے نکل آیا۔ دوسرے کمرے میں جاتے وقت سوچ رہا تھا کہ عمران کا رول ادا کرتے وقت اس نے یقینی طور پر کسی جگہ ٹھوکر کھائی ہے۔!

مینڈولین اٹھا کر وہ پھر ڈرائنگ روم میں واپس آ گیا۔ اُس نے ان دونوں کے چہروں پر کچھ ایسے آثار دیکھے جیسے اس کی عدم موجودگی میں ان کے درمیان تیز کلامی ہو چکی ہو۔!

ظفر نے کچھ کہے سُنے بغیر مینڈولین کے تاروں پر مضراب لگائی۔ ایک عجیب سا نغمہ ڈرائنگ روم کی محدود فضا میں گونجنے لگا اور تھوڑی دیر بعد خود ظفر ہی کو محسوس ہونے لگا جیسے وہ اس وقت سے کہیں زیادہ اچھا بجا رہا ہو۔ جب عمران کے رول میں جولیا کے لئے نغمہ چھیڑا تھا۔

جولیا اور تنویر مبہوت سے ہو کر رہ گئے تھے۔! نغمے کے اختتام پر کچھ دیر تک کمرے کی فضا پر سکوت طاری رہا۔ پھر جولیا بولی۔ "واقعی تم بہت اچھے آرٹسٹ ہو۔!"

ظفر نے خاموشی سے خم ہو کر اس کا شکریہ ادا کیا۔

''لیکن عمران....!'' جولیا کچھ کہتے کہتے رُک گئی۔

''جی ہاں! ان سے بڑا آرٹسٹ آج تک میری نظر سے نہیں گزرا۔''

''ہمارے یہاں کے پاگل خانے آرٹسٹوں سے ہر وقت بھرے رہتے ہیں''۔ تنویر بولا۔

''کچھ پاگل خانوں کے باہر بھی نظر آتے ہوں گے!''

''کیا مطلب؟'' تنویر کی بھنویں تن گئیں۔

''میرا مطلب ہے کہ کچھ ایسے بھی ہوں گے!''

''کچھ اور سناؤ۔!'' جولیا بول پڑی۔

''بہت بہتر ماموزیل....!''

''نہیں! اب ہمیں چلنا چاہئے!'' تنویر اٹھتا ہوا بولا۔

''تمہیں جلدی ہے تو تم جاسکتے ہو! میں یہیں بیٹھ کر عمران کی واپسی کا انتظار کروں گی....!''

''نہیں یہ مناسب نہیں!''

''مناسب وہی ہے جو میں اپنے لئے چاہوں!''

تنویر پھر بیٹھ گیا.... شاید وہ ایک اجنبی کے سامنے بات نہیں بڑھانا چاہتا تھا۔!

''ہاں مسٹر ظفر....!'' جولیا اس کی طرف دیکھ کر بولی۔

ظفر نے پھر ایک نغمہ چھیڑ دیا۔

تنویر اس بار مسحور ہو جانے کی بجائے غصے میں بل کھا رہا تھا۔ جولیا غالباً اُسے محسوس کر کے دل ہی دل میں محظوظ ہو رہی تھی اور ظفر سوچ رہا تھا یہ بھی بُرا ہوا.... اگر اسی دوران میں عمران واپس آ گیا تو کیا ہوگا....! عمران اُسے جس چکر سے بچانا چاہتا تھا۔ غیر ارادی طور پر وہ اس میں پڑ گیا تھا۔!

تاروں پر مضراب چلتے چلتے رک گئی اور وہ اسی سوچ میں کھویا رہا۔

''کیوں؟ تم کیا سوچنے لگے!'' جولیا نے بڑے رومینٹک انداز میں پوچھا۔ شاید تنویر کو جلانے کے لئے اس نے یہ رویہ اختیار کیا تھا۔

''کچھ نہیں ماموزیل.... میں بڑا بد نصیب آدمی ہوں!'' لہجہ اس کا بھی رومینٹک اور کسی قدر

درد میں ڈوبا ہوا تھا....!

تنویر کی صورت دیکھنے کے قابل تھی اس وقت ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس سے کوئی عزیز ترین چیز چھین لینے کا ارادہ رکھتا ہو۔

"ہم فضول وقت برباد کر رہے ہیں!" وہ اٹھتا ہوا بولا۔

"میں عمران کا انتظار کروں گی۔!" جولیا نے سخت لہجے میں کہا۔

ظفر کو ان دونوں کے درمیان معاملات کا کچھ کچھ احساس ہو گیا تھا۔ اس لئے وہ بھی تنویر کو چڑانے پر تل گیا۔

"آپ شوق سے تشریف رکھیں ماموزیل...انہیں کی طرح میں آپ کا بھی خادم ہوں۔!"

"تم اپنی بکواس بند رکھو۔!" تنویر اس پر الٹ پڑا۔

"آپ دوسرا گیت سنئے ماموزیل.... یہ ایک اسپینی دھن ہے.... دیکھئے اس پر عرب موسیقی کا کتنا اثر ہے....!" ظفر نے کہا اور پھر مینڈولین بجانے لگا۔!

"تم بڑے بدذوق ہو تنویر!" جولیا کہہ رہی تھی۔ "تم جانتے ہی نہیں زندگی اور حسن میں کیا رشتہ ہے!"

"تمہیں یہاں سے فوراً چلنا چاہئے۔ عمران ہمارا انچارج ہے اور وہ اسے پسند نہیں کرے گا۔!"

"عمران کو میں تم سے زیادہ جانتی ہوں!"

"اچھی بات ہے تو میں جا رہا ہوں۔"

"شوق سے جاؤ! میں تو بیٹھوں گی۔!"

"یہ کیسے ممکن ہے کہ میں تمہیں یہاں تنہا چھوڑ دوں!"

"بھلا کیوں.... ممکن کیوں نہیں....!"

"تت.... تم.... سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کرتیں!"

جولیا ہنس پڑی اور بولی.... "میں سمجھی.... لیکن تم یہ کیوں بھول جاتے ہو کہ میں یورپین ہوں۔ تمہارے دیس کی لڑکی نہیں جسے جوان آدمی کے ساتھ تنہا نہ چھوڑا جا سکے!"

"آپ ٹھیک فرما رہی ہیں ماموزیل....!" ظفر ہاتھ روک کر بولا۔

"تم اپنی بکواس بند کرو....!" تنویر اس کی طرف گھونسہ تان کر جھپٹا۔ ظفر بڑے اطمینان

سے جھکتا چلا گیا تھا۔

"آپ سب میرے محسن ہیں!"

تنویر اس کے قریب کھڑا ہاتھ ملتا اور دانت پیستا رہا.... پھر ظفر سیدھا کھڑا ہونے لگا تو اُس کا سر اس کی ٹھوڑی میں لگا۔

"سوری....!" ظفر کے چہرے پر پشیمانی کے آثار نظر آئے اور تنویر نے اپنی ٹھوڑی دونوں ہاتھوں سے دبادی۔

بے آواز ہنسی جولیا کا پیٹ پھلائے دے رہی تھی۔

تنویر نے اُسے دیکھا اور جھلائے ہوئے انداز میں دروازے کی طرف بڑھنے لگا.... جولیا نے ہاتھ اٹھا کر اسے روکنا چاہا لیکن اب وہ اس کی طرف کب دیکھ رہا تھا۔ غراتا ہوا نکلا اور چلا گیا۔!

اب جولیا آواز سے ہنس رہی تھی اور ظفر بھی اس کا ساتھ دے رہا تھا پھر جیسے ہی وہ سنجیدہ ہوئی.... خود بھی حیرت انگیز پھرتی کے ساتھ سنجیدہ ہو گیا۔

"بالکل احمق ہے!" جولیا بُرا سا منہ بنا کر بولی۔

"آپ کا خیال درست بھی ہو سکتا ہے ماموزیل۔!"

"عمران تم پر اتنا مہربان کیوں ہے!"

"وہ اچھی طرح جانتے ہیں ماموزیل کہ میں بے گناہ ہوں.... محض نادانستگی میں ان لوگوں کے ساتھ آپھنسا تھا۔!"

"تم کیا کرتے ہو؟"

"خوش رہتا ہوں۔"

"کیا بات ہوئی....؟"

"بڑا مشکل کام ہے ماموزیل ہر حال میں خوش رہنا۔"

"ہوں....!" وہ اسے گھورتی ہوئی بولی۔ "میں پوچھ رہی تھی کہ ذریعہ معاش کیا ہے۔!"

"فی الحال عمران صاحب کا کرم ہے... اگر رہا تو رہے گا... ورنہ کوئی اور دروازہ دیکھوں گا۔"

"ان لوگوں کے ساتھ کیا کر رہے تھے۔"

"انہوں نے مجھے اپنی کسی دواساز کمپنی کے لئے انگیج کیا تھا۔ میں نے آکسفورڈ سے کیمسٹری

میں ماسٹر ڈگری لی ہے! بچپن سے اب تک یورپ ہی میں رہا ہوں.... اب اپنے دیس میں رہن سہن میں بڑی دشواری پیش آرہی ہے۔!"

"کچھ بھی ہو تم مینڈولین بہت اچھا بجا لیتے ہو!"

"میرا خیال ہے کہ مسٹر عمران کی مشاقی مجھ سے زیادہ ہے!"

"وہ پتہ نہیں کیا کیا ہے!"

"میں کہتا ہوں مادام.... اگر وہ فرانس چلے جائیں تو لڑکیاں اُن پر برسیں گی!"

"تم بار بار لڑکیوں کا تذکرہ کیوں کرتے ہو؟"

"پھر اس دنیا میں تذکرے کے قابل اور کون ہے؟"

"میرا خیال ہے کہ تم اسی لڑکی کے چکر میں پڑ کر ان لوگوں تک پہنچے تھے۔"

"کس لڑکی کا تذکرہ کر رہی ہیں ماموزیل۔"

"تھیلما۔!"

"نہیں ماموزیل وہ تو بعد میں ملی تھی۔!"

"پھر بھی.... اوہ.... ہاں.... کیا وہ یہاں آئی تھی؟"

"مسٹر عمران کو وہی تو کہیں لے گئی ہے اپنے ساتھ!"

"کیا....؟" جولیا اچھل کر کھڑی ہو گئی! اور ظفر نے سوچا اُسے یہ نہ کہنا چاہیئے تھا لیکن اب تو کہہ ہی چکا تھا۔

"وہ اسے کہاں لے گئی ہے۔!"

"نہ انہوں نے مجھے بتانے کی ضرورت سمجھی اور نہ میں نے ہی مناسب سمجھا کہ ان سے اس کے بارے میں پوچھوں!"

"یہ تو بہت بُرا ہوا۔!" وہ پر تشویش لہجے میں بولی۔

"کیوں ماموزیل۔!"

"ان لوگوں پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا!"

"اب اس کے بارے میں تو میں کچھ نہیں جانتا! اس رات کے بعد سے جب گرجے میں لڑائی ہوئی تھی میں نے ان لوگوں سے کوئی تعلق نہیں رکھا۔"

"میں جارہی ہوں....!" وہ اٹھی اور جھپٹتی ہوئی ڈرائینگ روم سے نکل گئی۔!
ظفر نے طویل سانس لی اور اس کے ہونٹوں پر شریری سی مسکراہٹ پھیلتی نظر آئی۔

وہ دونوں پھر اسی پوائنٹ کی طرف چل پڑے تھے جہاں سے یہ سرنگ نما درہ دو حصوں میں تقسیم ہوتا تھا۔

"اُو.... ہو.... یہ کیا؟" پوائنٹ کے قریب پہنچ کر صفدر رُکتا ہوا بولا۔ پھر تھیلما نے دیکھا کہ وہ جھک کر کوئی چیز اٹھا رہا تھا۔

یہ ایک رومال تھا۔ جس پر تازہ خون کے دھبے تھے....! صفدر اسے الٹ پلٹ کر دیکھتا رہا پھر آہستہ سے بولا۔ "تعاقب کرنے والوں کو دھوکہ دینے کے لئے یہ اس راستے پر ڈالا گیا ہوگا!"

"میں نہیں سمجھی۔!"

"وہ سیدھا ہی گیا ہے۔ اگر پہلے ہماری نظر اس رومال پر پڑی ہوتی تو ہم یقینی طور پر ادھر ہی کا راستہ اختیار کرتے۔ یہ یہاں پتھروں کے درمیان اڑا ہوا تھا.... میرا خیال ہے کہ عمران کو یہ کھلی جگہ پر ملا ہوگا اور اُس نے اُسے پتھروں میں ڈال دیا تاکہ اُس کے پیچھے آنے والے سیدھے ہی چلے آئیں۔ انہیں مغالطہ نہ ہو۔!"

"اس کی ذہانت کا تو جواب ہی نہیں ہے!"

"تم بہت زیادہ متاثر معلوم ہوتی ہو اس سے!"

"یقیناً ہوں۔!"

"چلو.. چلتی رہو..!" صفدر طویل سانس لے کر بولا۔ "لیکن اس کے بارے میں کسی غلط فہمی میں نہ مبتلا ہو جانا۔ وہ اکثر دوسروں کا دل رکھنے کے لئے بھی ان کے حق میں باتیں کہہ دیتا ہے۔!"

تھیلما کچھ نہ بولی۔ اب وہ پھر اسی تنگ سے راستے پر ہو لئے تھے جہاں روشنی کا گزر نہیں تھا! صفدر نے ٹارچ روشن کر لی تھی اور وہ آگے پیچھے چل رہے تھے۔!

وہ درہ تھا یا شیطان کی آنت.... کسی طرح ختم ہونے ہی میں نہ آتا تھا۔

"اب تو میرا بُرا حال ہے.....!" تھیلما بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔

"چلتی رہو.....!اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں۔!"

"پتہ نہیں یہ راستہ کہاں لے جائے!"

"اسی لئے میں چاہتا تھا کہ تم ان لوگوں کے ساتھ واپس جاؤ۔"

"یہ حقیقت ہے کہ میں ان میں سے صرف تم پر ہی اعتماد کر سکتی تھی!"

"کاش مردوں میں بھی یہ چھٹی حس ہوتی! بولتی رہو ورنہ اور زیادہ تھکن محسوس ہو گی!"

"اب بولنے کے لئے رہا ہی کیا ہے!"

"میرے پاس تو بہتیرے موضوعات ہیں! ہاں تم کب سے میوری کے ساتھ تھیں۔!"

"آٹھ سال سے!"

"یہیں۔!"

"یہاں تو ہم پچھلے سال آئے تھے۔"

"اس سے پہلے کہاں تھے تم لوگ؟"

"جاپان میں۔!"

"وہاں کیا ہو رہا تھا؟"

"وہاں میوری فولاد کی امپورٹ کرنے والے ایک ادارے کا ڈائریکٹر تھا۔!

"دراصل میں نے جاپان ہی میں میوری کی پرسنل اسسٹنٹ کی حیثیت سے ملازمت شروع کی تھی۔!"

"تو گویا.... چھ سال جاپان میں ملازم رہیں.... اور ایک سال یہاں۔"

"ہاں۔!"

"یہاں تمہیں علم تھا کہ وہ کوئی غیر قانونی حرکت کر رہا ہے!"

"زمین دوز فیکٹری کا علم ہوتے ہی میں شبہے میں پڑ گئی تھی! پھر کچھ دنوں کے بعد اس نے مجھے عمران کے پیچھے لگایا۔!"

"اس نے تمہیں کیا بتایا تھا اپنی یہاں کی مصروفیات کے بارے میں!"

"بظاہر وہ یہاں فولاد سازی کے کام میں مدد دینے آیا تھا۔ لیکن میری نظروں سے کبھی اس

قسم کے کاغذات نہیں گزرے، جن سے اس کے بیان کے مطابق تصدیق ہوتی.... میرا خیال ہے کہ فولاد سازی کے کارخانے یہاں سرکاری طور پر قائم کیے جا رہے ہیں۔!"

"تمہارا خیال درست ہے!" صفدر بولا۔

"بہر حال.... میں یہ بھی جانتی ہوں کہ لاعلمی مجھے سزا سے نہیں بچا سکتی اور....!" پھر اس نے جملہ پورا کیا اور نہ صفدر ہی کچھ بولا۔ ان کے قدموں کی چاپ سے تنگ و تاریک راستہ گونجتا رہا....!

مزید دس منٹ گزر گئے! اور تھیلما منمنائی۔ "اب تو میرا دم گھٹ رہا ہے۔"

"باتیں کرتی چلو ورنہ بے ہوش ہو کر گر پڑو گی۔!"

"باتوں کی بھی سکت نہیں رہی۔!"

"یہاں بیٹھ کر ستانے سے سچ مچ دم گھٹ جائے گا۔"

وہ لڑکھڑا رہی تھی۔ صفدر نے پیچھے سے اس کا شانہ پکڑ لیا۔

"واقعی مجھ سے زبردست غلطی ہوئی.... مجھے واپس جانا چاہئے تھا...." وہ ہانپتی ہوئی بولی۔

"رک جاؤ!" صفدر اس کے شانے پر دباؤ ڈالتا ہوا آہستہ سے بولا۔ "میں قدموں کی چاپ سُن رہا ہوں۔!"

وہ رک گئی اور صفدر نے آگے بڑھ کر اسے اپنی اوٹ میں لے لیا.... ٹارچ اس نے بجھا دی اور داہنے ہاتھ میں ریوالور سنبھال لیا۔

اُسے کچھ دُور پنسل ٹارچ کی مدھم سی روشنی نظر آئی جو آہستہ آہستہ قریب ہوتی جا رہی تھی۔!

"وہیں ٹھہرو.... ورنہ گولی مار دوں گا....!" صفدر دھاڑا۔

"ایسی حماقت بھی نہ کرنا پیارے....!" دوسری طرف سے آواز آئی اور صفدر ہنس پڑا۔ آواز عمران کی تھی۔

"کیا ہوا.... صفدر نے پوچھا۔

"کیا تم سب ہو....؟" عمران نے اس کی بات کا جواب دینے کی بجائے سوال کیا۔!

"صرف میں ہوں.... اور.... اور تھیلما...."

"گڈ.... تب تو کام بن گیا۔؟ اچھا میرے ساتھ آجاؤ!"

تھیلما صفدر سے آگے نکل جانا چاہتی تھی!

"میرے پیچھے چلتے رہو۔!" عمران دوسری طرف مڑتا ہوا بولا۔ "تھوڑی ہی دور چل کر ہم کھلے میں نکل آئیں گے۔!"

پھر غالباً پچاس قدموں کے بعد ہی اس دراڑ کا اختتام ہو گیا تھا.... اور وہ سورج کی روشنی دیکھ سکے تھے! اس کی حرارت سے نئی توانائی حاصل کرنے لگے۔

یہاں بھی چاروں طرف اونچی اونچی چٹانیں بکھری ہوئی تھیں۔

"وہ نکل جانے میں کامیاب ہو گیا۔" عمران ایک جگہ بیٹھتا ہوا بولا اور انہیں بھی بیٹھ جانے کا اشارہ کرتا ہوا کہتا رہا!" اُس نے مجھے ڈاج دینے کی کوشش کی۔ لیکن میں نے صحیح راستہ اختیار کیا۔ لیکن یہ کیوں ہے تمہارے ساتھ۔!"

وہ تھیلما کی طرف دیکھ کر خاموش ہو گیا اور جواب طلب نظروں سے صفدر کی طرف دیکھنے لگا۔!

صفدر نے واقعات دہراتے ہوئے کہا۔ "اور اب یہ اپنے کیے کو بھگت رہی ہیں۔!"

"نہیں یہ بہت اچھا ہوا۔ قدرت ہماری مدد کر رہی ہے!" عمران تھیلما کی طرف دیکھ کر مسکراتا ہوا بولا۔ "کچھ دیر ستالو۔ پھر بتاؤں گا۔"

"میں نے ان سب کو گاڑیوں سمیت واپس کر دیا ہے!" صفدر نے سگریٹ سلگاتے ہوئے کہا۔

"تمہارے فیصلے مناسب ہوتے ہیں!" عمران نے کہا اور جیب سے چیونگم کا پیکٹ نکال کر تھیلما کی طرف بڑھاتا ہوا بولا۔ "شوق کرو!"

"ہاں.... میں اس کی ضرورت محسوس کر رہی تھی! شدت سے پیاس لگ رہی ہے۔!"

"چاروں ٹکڑے نہ پی جانا.... صرف ایک.... چیونگم کی شارٹیج ہو گئی ہے۔!"

"شارٹیج ہو گئی ہے تو رکھو....!" اس نے پیکٹ واپس کرتے ہوئے کہا۔

"نہیں ایک لے لو۔!"

تھیلما پیکٹ پھاڑنے لگی.... اور صفدر ایک پتھر سے ٹیک لگا کر سگریٹ کے ہلکے ہلکے کش لینے لگا۔ اس کی آنکھیں بند تھیں! پندرہ منٹ اسی طرح گزر گئے۔ پھر عمران بولا۔

"اب اٹھو! ورنہ چپک کر رہ جاؤ گے۔!"

"اب کیا کرنا ہے؟" صفدر اٹھتا ہوا بولا۔

عمران اسے ایک اونچی سی چٹان کے قریب لے گیا اور اس کی ایک دراڑ سے دوسری طرف دیکھتا ہوا بولا۔ "وہ دیکھو.... اِدھر آؤ میرے قریب.... وہ اس طرف کیا دکھائی دیتا ہے۔!"

"اوہو.... یہ تو کوئی بستی ہے!"

"ہو سکتا ہے.... یہ ہمارے مخالفین کا گڑھ ہو!"

"تو پھر۔؟"

"ہم اس طرف چلیں گے۔!"

"تھیلما سمیت....!" صفدر کے لہجے میں حیرت تھی۔

"کیوں؟ کیا ہوا....؟"

"اگر قزاقوں کی بستی ہوئی تو وہ اس کو حاصل کرنے کے لئے ہماری جانوں کے گاہک بن جائیں گے۔!"

"مجھے یقین ہے کہ گالویدا نے اس بستی میں پناہ لی ہے!" عمران پر تشویش لہجے میں بولا۔

صفدر کچھ نہ بولا۔ اس کی آنکھوں سے بھی گہری تشویش جھانک رہی تھی۔ اس نے مڑ کر تھیلما کی طرف دیکھا۔ وہ ایک پتھر سے ٹیک لگائے اونگھ رہی تھی۔

"میرا خیال ہے کہ اسے یہیں روک کر ہم وہاں چلیں!" صفدر بولا۔

"ہوں۔!" عمران اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔ "تمہاری اس سے شاید یہ پہلی تفصیلی ملاقات ہے۔ لیکن میں اسے بہت دنوں سے جانتا ہوں۔!"

"میں نہیں سمجھا۔!"

"میں نے آج تک کسی پر آنکھیں بند کر کے اعتماد نہیں کیا.... ہو سکتا ہے گالویدا سے ہماری مڈ بھیڑ اسی نے کرائی ہو!"

"تو پھر کیا کیا جائے؟"

"ہم وہاں اسے ساتھ لے چلیں گے اور پھر یہ ابھی محض قیاس ہے کہ گالویدا اسی بستی میں گیا ہو گا.... ہو سکتا ہے وہ اور کسی طرف نکل گیا ہو۔!"

"جیسا آپ مناسب سمجھیں۔"

عمران نے مڑ کر تھیلما کو آواز دی۔ چونک کر اس نے آنکھیں کھولیں اور ان کی طرف بوکھلا

بوکھلا کر دیکھتی رہی۔!

عمران نے ہاتھ ہلا کر اسے قریب آنے کا اشارہ کیا۔

"کچھ لوگ ادھر آرہے ہیں!" دفعتاً صفدر بول پڑا۔ وہ دراڑ سے دوسری طرف دیکھ رہا تھا۔ عمران بھی مڑ کر ادھر ہی دیکھنے لگا۔ چار آدمی تھے جو اسی طرف آرہے تھے۔

عمران نے صفدر کی طرف مڑ کر کہا۔ "اوہ.... وہی لوگ ہیں۔ ان کی بندوقیں دیکھو بالکل اسی قسم کی ہیں جیسی میں نے ولیم ہاپکنز کے آدمیوں کے پاس دیکھی تھیں۔ چرخیوں کے ہینڈل گھمانے سے فائر ہوتے ہیں۔ ہمیں کہیں چھپ جانا چاہیے۔!"

اور پھر عمران نے بڑی پھرتی سے دراڑ کے قریب ہی چھپنے کی جگہ بھی تلاش کرلی!

وہ چاروں اس چٹان پر چڑھ آئے جس کی دراڑ سے صفدر نے انہیں دیکھا تھا۔ وہ خاکی لباس میں تھے ان کے شانوں سے چرخیوں والی چھوٹی چھوٹی بندوقیں لٹک رہی تھیں۔

چاروں سفید فام تھے! لیکن وضع قطع مقامی باشندوں کی سی بنا رکھی تھی۔!

"یہ.... تو.... تو....!" تھیلما کچھ کہتے رک گئی۔

"ہاں.... کیا بات ہے؟" عمران اس کی طرف متوجہ ہو گیا۔

"وہ پھولی ہوئی ناک والا.... لوتھر ہے!"

"تم جانتی ہو اُسے؟"

"یہ اس فیکٹری کا فورمین تھا۔"

"میوری کا آدمی!" عمران نے پوچھا۔

"ہاں.... اس کے خاص آدمیوں میں سے ہے۔"

"خیر دیکھو۔"

وہ چٹان سے اس سطح پر اتر آئے جس پر یہ لوگ تھے۔ ان میں سے ایک بڑی تیزی سے دراڑ کی طرف بڑھا اور اس کے قریب پہنچ کر رک گیا۔ پھر اونچی آواز میں بولا۔ "میرا خیال ہے کہ یہاں تک کوئی نہیں آیا۔"

"میں ثابت کرسکتا ہوں کہ یہاں کچھ دیر پہلے کوئی موجود تھا....؟" چٹان کے قریب کھڑے ہوئے آدمیوں میں سے ایک نے اُسے چیلنج کیا۔

"وہ کیسے؟" ایک نے طنزیہ پوچھا۔

"ادھر آؤ.... میں بتاؤں"

وہ بڑی دراڑ کے پاس سے ہٹ کر ان کے قریب آ گیا۔

"یہ دیکھو! جلی ہوئی دیا سلائی اور پتھر کے اس ٹکڑے پر دھوئیں کا پھیلا ہوا سا نشان تازہ ہے.... کیا خیال ہے تمہارا؟"

"اوہ.... ہاں.... ہے تو....؟"

وہ سب شکاری کتوں کی طرح چوکنے ہو گئے۔

عمران اور صفدر نے اپنے ریوالور نکال لئے تھے.... اور تھیلما کو اپنی اوٹ میں کر لیا تھا!

"ہو سکتا ہے!" مسلح اجنبیوں میں سے ایک بولا۔ "وہ یہاں تک آ کر واپس گئے ہوں۔!"

"جو یہاں آ سکتا ہے! وہ بستی تک بھی پہنچ سکتا ہے!" دوسری آواز سنائی دی۔!

"ممکن ہے پہنچ بھی گیا ہو!" تیسرے نے کہا۔

"پھر ہمیں کیا کرنا چاہئے؟"

"اس درے کے دوسرے سرے تک چلو!"

"میں اس کی رائے نہ دوں گا!"

"کیوں؟"

"اگر دونوں طرف سے گھیر لئے گئے تو.... دشواری ہو گی مناسب یہی ہے کہ فی الحال بستی کی طرف واپس چلیں اور اُسے آگاہ کر دیں۔!"

تھوڑی دیر تک خاموشی رہی اور پھر وہ اسی چٹان پر چڑھ کر دوسری طرف اتر گئے! کچھ دیر بعد عمران بھی پناہ گاہ سے نکل کر آہستہ آہستہ اس چٹان کی طرف چلنے لگا۔ دراڑ سے اس نے دیکھا کہ وہ چاروں بڑی تیزی سے ڈھلان سے اترتے چلے جا رہے ہیں۔

صفدر اور تھیلما بھی اس کے قریب آ گئے تھے۔

"اب کیا خیال ہے!" عمران نے صفدر سے پوچھا۔

"آپ ہی کچھ کہئے....! میں تو اس وقت...." صفدر نے جملہ پورا نہیں کیا۔

"لوتھر کیسا آدمی ہے۔" عمران تھیلما سے سوال کر بیٹھا۔

"میرا خیال ہے کہ میوری کے خاص وفاداروں میں اس کا نام بھی لیا جا سکتا ہے۔!"

"یہ طے شدہ بات ہے کہ میوری کی موت میں گالویدا ہی کا ہاتھ تھا۔" عمران بولا۔ "وہ لوگ اس وقت گالویدا کا تعاقب کرنے والوں کی تلاش میں تھے اور لوتھر ان میں شامل تھا۔!"

وہ خاموش ہو کر صفدر کی طرف دیکھنے لگا۔

"آپ کہنا کیا چاہتے ہیں؟"

"یہی کہ گالویدا کو یہ لوگ اپنا آدمی سمجھ رہے ہیں اور وہ حقیقتاً تھریسیا کا آدمی ہے۔ بظاہر ولیم ہاپکنز کی پارٹی سے تعلق ہے!"

"یہ آپ کس بنا پر کہہ رہے ہیں؟"

"کھلی ہوئی بات ہے.... لوتھر....!"

"لوتھر کے بارے میں یہ بات آپ کو تھیلما نے بتائی ہے کہ وہ میوری کے وفاداروں میں سے ہے۔!"

"تو پھر۔!"

"گالویدا بھی اُس کے وفاداروں میں شمار ہوتا رہا ہوگا۔"

"لیکن میں نے گالویدا کو کبھی میوری کے ساتھ نہیں دیکھا.... البتہ میرا خیال ہے کہ اس کے البم میں میں نے اس کی تصویر دیکھی تھی۔!"

"البم میں دشمنوں کی تصویریں نہیں لگائی جاتیں!" صفدر بولا۔

عمران دراڑ سے بستی کی طرف دیکھے جا رہا تھا! ان کی طرف مڑے بغیر بولا۔ "یہ سب کچھ میری دانست میں اس طرح ہوا ہوگا۔ گالویدا نے اسکیم بنائی کہ میوری کو خاموشی سے ختم کر دے! ختم کر دینے کے بعد لاش کو ٹھکانے لگا دینے کا سوال پیدا ہوا۔ اس کے لئے اس نے ایڈونچرز کلب کے دو ممبروں سے ایک بے ڈھنگی سی شرط لگائی۔ مقصد غالباً یہ تھا کہ وہ دونوں وہاں اس ہٹ میں پہنچیں۔ گالویدا بھی پہنچ جائے گا اور میوری کی لاش اچانک ان کے سامنے آئے.... اور پھر گالویدا انہیں کی مدد سے اس لاش کو ٹھکانے لگا دے!"

"وہ دونوں انکار کر سکتے تھے اس سے!"

"بسا اوقات آدمی بے بس ہو جاتا ہے۔ میرا دعویٰ ہے کہ وہ شرط کسی مجمع کے سامنے لگائی

گئی ہو گی! اسے اس طرح سمجھنے کی کوشش کرو.... فرض کرو تم ایسے ہی کسی واقعے سے دوچار ہوتے ہو اس وقت تم کیا کرو گے۔ دوسرا آدمی تم سے کہتا ہے کہ لاش کو وہاں سے ہٹا دینا اس لئے مناسب ہے کہ شرط کئی آدمیوں کے سامنے ہوئی ہے اور وہ جانتے ہیں کہ اس وقت ہم یہاں ہوں گے اب اگر یہ لاش آج ہی یہاں سے کسی کو ملتی ہے تو تفتیش کے دوران میں پولیس تم تک یقینی طور پر پہنچ جائے گی۔!"

"ہاں.... اگر میں کوئی عام شہری ہوں تو یقیناً میرے لئے یہی مناسب ہو گا کہ خود کو شبہے سے بالاتر رکھنے کے لئے سب کچھ کر گزروں۔!"

"خدا جیتا رکھے....!" عمران اس کے شانے پر ہاتھ مار کر بولا۔ "لیکن تھیلما کی وجہ سے گالویدا کی اسکیم تباہ ہو گی! اس نے تھیلما پر نظر رکھی ہو گی۔ تھیلما کی موجودگی میں اسکیم پر عمل نہ ہو سکتا.... بہر حال اس نے اُسے باہر جاتے دیکھا اور کسی وجہ سے مطمئن ہو گیا کہ اب وہ واپس نہ آئے گی یا آئے گی بھی تو دیر کر کے.... لہٰذا اس کی لاعلمی میں اسے کوئی ایسی چیز دے دی جس نے اس پر بے ہوشی جیسی نیند طاری کر دی۔ اس کی دانست میں تھیلما کو ایسے حالات میں شہر جانا پڑتا تاکہ وہ وہاں سے طبی امداد دلا سکے۔ کیا خیال ہے۔!"

"بات سمجھ میں آرہی ہے۔!"

"میں صرف یہی کہنا چاہتا ہوں کہ گالویدا تھریسیا کا آدمی ہے اور میوری محض اس لئے مارا گیا کہ وہ شوگر بینک تک میری رہنمائی کرنے والا تھا۔"

عمران خاموش ہو گیا۔ اور تھیلما بڑبڑائی... "یہ سب باتیں میری سمجھ میں نہیں آرہیں۔!"

عمران اس کی طرف توجہ دیئے بغیر کہتا رہا۔ "تم نے دیکھا یہ لوگ کتنی تیز نظر رکھتے ہیں! دیا سلائی کی ایک تیلی نظر آگئی اور جلنے والے سرے کے قریب پتھر پر دھوئیں کا پسیجا ہوا سا نشان کتنی آسانی سے یہاں ہماری موجودگی کا راز فاش کر گیا۔"

صفدر حیرت سے اُسے دیکھتا رہا۔

"کیوں بات کیا ہے؟"

"آج آپ بہت زیادہ سنجیدہ نظر آرہے ہیں!"

"یہ معاملہ تشویش ناک ہے مجھ سے زبردست غلطی سرزد ہوئی ہے۔!"

"کیسی غلطی؟"

"مجھے میوری سمیت روپوش ہو جانا چاہئے تھا۔ جلدی کرو۔!"

وہ تیزی سے بڑی دراز کی طرف پلٹے!

لیکن ٹھیک اسی وقت کسی نے پشت سے کہا۔ "اپنے ہاتھ اُوپر اٹھاؤ۔!" عمران اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے ہوئے آواز کی طرف مڑا۔

بھدی ناک والا غیر ملکی جس کا نام تھیلما نے لوتھر بتایا تھا، اپنی بندوق تانے کھڑا تھا۔

"کیوں کتیا کی بچی....!" اس نے تھیلما کو مخاطب کر کے کہا۔ "بالآخر تم کھل ہی گئیں۔!"

"کیسی باتیں کر رہے ہو تم۔!" تھیلما یک بیک بپھر گئی! "میں ان لوگوں کی قیدی ہوں۔"

"تم نے باس کو زہر دے دیا اور کاٹج میں آگ لگا دی!"

"یہ سراسر بکواس ہے.... باس بے ہوش ہو گیا تھا.... میں میڈیکل ایڈ کے لئے سردار گڑھ جا رہی تھی کہ ان دونوں نے مجھے روک لیا۔!"

"ان دونوں نے۔!" وہ عمران اور صفدر کو گھورنے لگا۔

"ہاں....! پھر میں انہیں ڈاج دے کر بھاگی۔ لیکن جاتی کہاں۔ اسی طرح یہ دونوں میرا تعاقب کرتے ہوئے کاٹج تک پہنچے۔ لیکن میں تمہیں یقین دلاتی ہوں کہ مسٹر میوری قدرتی موت مرے ہیں۔ جب ہم کاٹج میں پہنچے تو ان کی سانسیں رک چکی تھیں۔ پھر وہاں ایک موٹی گردن والا غیر ملکی آیا اور ان لوگوں سے جھگڑ بیٹھا.... اس کے ساتھ دو دیسی آدمی بھی تھے! کاٹج میں آگ اس موٹی گردن والے نے لگائی تھی۔"

"باس نے!" لوتھر کے لہجے میں حیرت تھی۔!

"باس.... تم اسے کہہ رہے ہو! تو کیا تم نے بھی مسٹر میوری سے غداری کی؟"

"تم کہاں رہتی ہو....!" وہ مضحکہ اڑانے والے انداز میں بولا۔ "مسٹر میوری کے بعد وہی ہمارا باس ہے!"

"میرے لئے بالکل نئی اطلاع.... آج سے پہلے تو میں نے کبھی نہیں دیکھا اُسے!"

ادھر عمران صفدر سے کہہ رہا تھا۔ "اگر اب تم نے سگریٹ سلگانے کے لئے دیا سلائی استعمال کی تو میں تمہاری ہڈیاں توڑ دوں گا.... سگریٹ لائٹر رکھا کرو! گیس والا اچھا ہوتا ہے آندھی میں

بھی اس کی لو برقرار رہتی ہے۔ یہاں سب سے اچھا تو حقہ ہے!"

اس نے یہ جملہ انگریزی ہی میں ادا کیا تھا.... لوتھر کی توجہ تھیلما کی طرف سے ہٹ گئی۔!

اس نے ہنس کر کہا "مجھے یقین تھا کہ تم لوگ یہیں کہیں چھپے ہوئے ہو۔ اسی لئے میں نے فوری طور پر واپسی کا حکم دیا تھا۔ پھر تمہیں موقع دیا تھا کہ تم ہمیں واپس جاتے دیکھ لو.... اور راستہ کاٹ کر میں پھر اسی طرف آگیا۔!"

"میں بھی تمہاری خوش مزاجی سے بیحد محظوظ ہوا ہوں۔ ایسے ہنس مکھ دشمن مجھے پسند ہیں۔!"

"چلو....!" دفعتاً لوتھر کا موڈ بگڑ گیا۔ اُس نے بندوق سے چٹان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "اگر نکل بھاگنے کی کوشش کی تو زندہ نہ رہو گے۔!"

"تم پر مقامی لباس بہت جچتا ہے!" عمران نے اس طرح کہا جیسے لوتھر نے تنقید کی دعوت دی ہو۔

"چلو.... ہری اَپ!"

تھیلما عمران کو مشورہ دے رہی تھی کہ اسے بے چوں و چرا لوتھر کا حکم مان لینا چاہئے!"

"اچھی بات ہے۔" عمران ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔ "تم میری قیدی تھیں لیکن میں نے تم سے کسی قسم کی بدسلوکی نہیں کی۔ اب میں تم لوگوں کا قیدی ہوں۔ تمہارا ظرف دیکھوں گا۔!"

"تمہارے ساتھ وہی برتاؤ ہوگا جو پورس کے ہاتھیوں نے اس کے ساتھ کیا تھا۔!" لوتھر غرایا۔

"ہائیں.... تاریخ پڑھی ہے تم نے!" عمران خوش ہو کر بولا۔

جب وہ چٹان پر چڑھنے لگے تو تھیلما نے اپنے ہاتھ گرا لئے۔

"ہاتھ اٹھائے رکھو۔" لوتھر نے کہا۔

"میں بھی....!" وہ اس کی طرف مڑ کر بولی۔

"ہاں.... تمہاری پوزیشن کا فیصلہ تو باس ہی کرے گا۔"

تھیلما نے ہاتھ اٹھائے اور بُرا سا منہ بنائے ہوئے چٹان پر چڑھنا شروع کیا۔ وہ ان دونوں کے پیچھے تھی۔ صفدر محسوس کر رہا تھا کہ لوتھر پوری طرح ہوشیار ہے۔ اور وہ یقینی طور پر بے حد پھرتیلا بھی ہوگا۔ پھرتیلے پن کی مثال سامنے ہی تھی! کس طرح ڈاج دے کر پھر پلٹ آیا تھا۔ اس

طرف! وہ شرمندہ بھی تھا اپنی اس فرد گزاشت پر کہ جلی ہوئی دیا سلائی ایسی لاپرواہی سے وہاں ڈال دی تھی۔

چٹان سے وہ نشیب میں اترنے لگے۔ صفدر اور عمران برابر سے چل رہے تھے! اور تھیلما ان کے پیچھے تھی۔ تھیلما کے پیچھے لوتھر بندوق چھتیائے چل رہا تھا۔ کچھ دُوری پر لوتھر کے تینوں ساتھی بھی دکھائی دیئے ان میں سے ایک نے چیخ کر کہا۔ "مانتا ہوں بڈی.. واقعی تم بے مثال ہو!"

لوتھر نے بلند آہنگ قہقہہ لگایا۔ اب وہ چار مسلح آدمیوں کے نرغے میں تھے۔

"کیا تمہیں یقین تھا کہ یہ لوگ وہیں کہیں چھپے ہوں گے!" ایک نے لوتھر سے پوچھا۔

"یقین نہ ہوتا تو یہ لوگ کیسے ہاتھ آتے۔"

ادھر عمران صفدر سے کہہ رہا تھا۔ "میاں بس میں یہ سمجھ کر لڑائی بھڑائی سے بچ رہا ہوں کہ میری جیب میں رکھے ہوئے آلو بخارے پھوٹ جائیں گے!"

"میں آپ سے کہہ رہا تھا کہ اس لڑکی کے ہتھ کڑیاں لگا کر واپس کر دیجئے! لیکن آپ نے میری بات نہ سنی۔!" صفدر بولا۔

"اس بے چاری کا کیا قصور.....! وہ تو ہمیں ادھر آنے سے روک رہی تھی۔!"

"تم لوگ کیا بک رہے ہو؟" ان میں سے ایک نے پوچھا۔

"ہمیں انگریزی نہیں آتی۔!" عمران نے فرانسیسی میں کہا۔

"اے تم لوگ خاموشی سے چلو۔!" لوتھر نے سب کو للکارا۔

اور پھر راستہ خاموشی سے طے ہونے لگا۔ صفدر نے دیکھا کہ عمران کی آنکھوں میں فکر و تشویش کا دُور دور تک پتا نہیں۔!

"میں نہیں جانتی کہ موجودہ باس کون ہے!" دفعتاً تھیلما بولی۔ "لیکن تم تو مجھے جانتے ہو لوتھر.... باس کتنا اعتماد کرتا تھا مجھ پر۔!"

"میں کچھ نہیں جانتا۔ باس نے اس سے تمہاری گفتگو سنی تھی! یہ اس کا خیال ہے کہ تم ان لوگوں سے مل گئی ہو۔!"

"میرے خدا.... ہاں ہم نے مسٹر میوری کے بارے ہی میں گفتگو کی تھی۔ میں نے اسے بتایا تھا کہ مسٹر میوری بے ہوش ہیں اور اس نے کہا تھا کہ مر چکے ہیں۔!"

"مناسب یہی ہے کہ خاموشی سے چلو۔!" اس بار لوتھر کا لہجہ سخت تھا۔!

"اُو میاں.....!اسے مت ڈانٹو.....!" عمران کراہا۔

"اگر تم لوگ خاموشی سے نہ چلے تو پھر ہمیں دوسری تدبیر کرنی پڑے گی!" لوتھر غرایا اور عمران چلتے چلتے رک گیا۔!

"ذرا وہ تدبیر تو کر کے دیکھو!" عمران بولا۔" وہ تنا کھڑا لوتھر کی آنکھوں میں دیکھے جا رہا تھا۔

لوتھر نے اپنی بندوق کا کندہ اس کے سر پر رسید کر دینا چاہا۔ لیکن عمران کسی وحشی درندے کی طرح اس پر جھپٹ پڑا پھر دوسرے ہی لمحے میں اس کی بندوق عمران کے ہاتھ میں تھی!اور وہ خود زمین پر.....! عمران اس سے تقریباً دس گز کے فاصلے پر کھڑا ان سبھوں کی طرف بندوق تانے کہہ رہا تھا۔ اپنے ہاتھ اوپر اٹھاؤ.....! یہ نہ سمجھنا کہ میں اس کے استعمال سے واقف نہیں ہوں..... دیکھو۔!" اس نے ایک پل کے لئے بندوق دوسری طرف کر کے چرخی کا ہینڈل گھمایا۔ تڑاتڑ گولیاں نکلیں اور بندوق کا رخ پھر انہیں لوگوں کی طرف کر دیا۔!

انہوں نے بے اختیارانہ انداز میں اپنے ہاتھ اُوپر اٹھا دیئے تھے۔ ان میں لوتھر بھی شامل تھا.... اب وہ زمین سے اٹھ گیا تھا۔

پھر یک بیک عمران نے بندوق ایک طرف ڈال دی اور بے حد گھمبیر آواز میں بولا۔ "لیکن میں یہ نہیں کروں گا..... میں تو سمجھوتہ چاہتا ہوں مجھے اپنے باس کے پاس لے چلو۔!"

وہ سب ہکا بکا کھڑے رہ گئے۔ انہوں نے اب بھی اپنے ہاتھ نیچے نہیں گرائے تھے۔ عمران کہتا رہا۔ "میوری سے بھی میں سمجھوتہ ہی چاہتا تھا۔ لیکن افسوس وہ مر گیا!"

"پھر تم نے فیکٹری پر کیوں قبضہ کر لیا؟"

"اسی طرح میوری کو سمجھوتے پر مجبور کرنا چاہا تھا۔!"

"خیر اچھی بات ہے..... تم چلو..... وہیں کہنا جو کچھ کہنا ہو۔" لوتھر جلدی جلدی پلکیں جھپکاتا ہوا بولا۔" اور آگے بڑھ کر اپنی بندوق اٹھانے لگا.....!

جُھکا ہی تھا کہ عمران کی لات اس کے کولہے پر پڑی اور وہ اچھل کر دور منہ کے بل جا گرا۔

بندوق پھر عمران کے قبضے میں تھی!اور اس کا رخ بقیہ لوگوں کی طرف تھا!۔

لوتھر کے ساتھیوں نے دوبارہ ہاتھ اٹھا دیئے۔ ان کے چہروں سے بوکھلاہٹ ظاہر ہو رہی تھی۔

"یہ کیا کر رہے ہیں آپ؟" صفدر بھنا کر بولا۔

"اب تم انہیں غیر مسلح کر دو.....!" عمران نے اس طرح کہا جیسے صفدر کی بات سُنی نہ ہو۔

لوتھر کھڑا گالیاں بک رہا تھا۔

"آہستہ آہستہ..... آواز اونچی نہ ہونے پائے!" عمران غرایا۔

صفدر نے ان تینوں کی بندوقیں ان کے شانوں سے اتار لی تھیں اور عمران کی کسی دوسری حماقت کا منتظر تھا..... تھیلما گم سُم کھڑی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا، جیسے کہ بحالت بیداری کوئی بہت بھیانک خواب دیکھ رہی ہو۔!

"اب غالباً تمہیں یاد رہے گا کہ تم ہی بہت پھرتیلے نہیں ہو!" عمران لوتھر کی طرف دیکھ کر مسکرایا۔

وہ اس وقت ایسی جگہ کھڑے تھے جہاں سے بستی نہیں دکھائی دیتی تھی! ان کے درمیان ایک اونچی سی چٹان حائل ہو گئی تھی۔

صفدر نے دو بندوقیں شانوں سے لٹکالی تھیں! اور ایک ہاتھوں میں سنبھال لی تھی۔!

"چلو.....!" عمران نے اپنی بندوق سے بائیں جانب اشارہ کیا۔

وہ دراصل ایسی جگہوں سے گزرنا چاہتا تھا جہاں سے بستی کا سامنا نہ پڑتا ہو۔

بہت دیر چلتے رہنے کے بعد عمران ایسی جگہ تلاش کر سکا جہاں سے دیکھ لئے جانے کے خدشے کے بغیر وہ بڑی دراڑ تک پہنچ سکتے تھے دراڑ کے قریب پہنچ کر عمران نے کہا۔ "سب سے پہلے لڑکی داخل ہوگی..... اس کے پیچھے تم چاروں چلو گے۔"

صفدر سے اُس نے کہا کہ وہ سب سے پیچھے رہ کر انہیں روشنی دکھائے پھر جب وہ کھلے میں پہنچے تو صفدر نے کہا۔ "میری دانست میں تو اس آتش زدہ کاٹیج کی طرف جانا مناسب نہ ہوگا۔!"

"ہم ادھر نہیں جائیں گے۔!" عمران بولا۔

"میں تھک گئی ہوں مجھ پر رحم کرو.....!" تھیلما منمنائی۔

"میرے ساتھی کی پشت پر سوار ہونا چاہو تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا!" عمران سنجیدگی سے بولا۔

"نہیں۔!" وہ تھوک نگل کر گھٹی گھٹی سی آواز میں بولی۔

عمران نے چڑھائی چڑھ کر کاٹیج کی طرف جانے کے بجائے نیچے ہی نیچے بائیں جانب والا راستہ اختیار کیا۔

صفدر اچھی طرح جانتا تھا کہ عمران نے سردار گڈھ اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں بہتیری کمین گاہیں تلاش کر رکھی ہیں۔ جنہیں وقتاً فوقتاً استعمال بھی کرتا رہتا ہے۔

اس کا خیال غلط نہ نکلا۔ کچھ دیر بعد عمران انہیں ایک غار میں داخل ہونے کا حکم دے رہا تھا۔

غار بہت کشادہ ثابت ہوا۔ وہاں کے آثار بتاتے تھے کہ اُسے اکثر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔

"اب مائی ڈیئر.... موسیو لوتھر میں تم سے انگریزی میں بھی گفتگو کر سکوں گا۔!"

"میں تمہارے کسی بھی سوال کا جواب نہیں دوں گا!" لوتھر کسی زخمی بھیڑیئے کی طرح غرایا۔

"میں تم سے جواب کب مانگتا ہوں۔" عمران مسکرایا۔ "مطلب یہ کہ اب تمہاری انگریزی میری سمجھ میں آجائے گی۔!"

تھیلما ایک طرف منہ ڈالے تھکی ہاری پڑی تھی! اور یہ لوگ ابھی بیٹھے بھی نہیں تھے۔

"مجھے بہت شدت سے پیاس محسوس ہو رہی ہے!" تھیلما نے سر اٹھا کر کہا۔

"چیونگم....!" عمران نے چیونگم کا ایک پیس اس کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

وہ اس سے لے تو لیا گیا لیکن تھیلما کی مٹھی میں ہی دبا رہا۔

"تم سب بیٹھ جاؤ۔!" عمران نے ان کی طرف مڑ کر کہا۔ "اور صفدر تم بندوقوں سمیت غار کے دھانے پر ٹھہرو۔!"

پل بھر میں یہ تبدیلی بھی عمل میں آگئی اور عمران ان چاروں کو مخاطب کر کے بولا۔ "اگر میرے سوالات کے جواب نہ ملے تو یقین کرو کہ میں قتل کر کے تمہاری لاشیں یہیں چھوڑ جاؤں گا۔!"

"تم کچھ بھی کرو....!" لوتھر نے لاپرواہی سے شانوں کو جنبش دی۔

"لڑکی تم بتاؤ۔"

"میں کیا بتاؤں؟"

"اس بستی میں کیوں قیام ہے تم لوگوں کا۔!"

"میں کچھ نہیں جانتی.... وہ بستی ہی پہلی بار میری نظر سے گزری ہے!"

"کیوں لوتھر۔؟"

''تم اس پر تشدد نہیں کر سکتے!'' لوتھر نے آنکھیں نکالیں۔

''تشدد وہ لوگ کرتے ہیں۔ موسیو لوتھر جو جان سے نہیں مار سکتے!''

''نہیں.... نہیں۔!'' تھیلما ہاتھ پھیلا کر چیخی۔

''اس سے کوئی فائدہ نہیں۔! میں بستی کے بارے میں معلوم کر کے رہوں گا....!''

''کیا معلوم کرنا چاہتے ہو۔'' لوتھر کے ساتھیوں میں سے ایک نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

''تم خاموش رہو۔'' لوتھر غرایا۔

اس پر عمران نے صفدر کو آواز دی۔ اس کے آنے پر اپنی بندوق بھی اس کے حوالے کرتے ہوئے کہا۔ ''ان لوگوں کو کور کیے رکھو۔''

اب اس نے آہستہ آہستہ لوتھر کی طرف بڑھنا شروع کیا۔ اور قریب پہنچ کر اُس کی ٹھوڑی پر گھونسہ رسید کر دیا۔ لیکن ہاتھ اسی قوت سے نہ پڑ سکا۔ جس قوت سے مارا گیا تھا۔ کیونکہ لوتھر نے بچنے میں پھرتی دکھائی تھی۔

اس کے بعد لوتھر نے بھرپور حملہ کیا۔ ایسا لگتا تھا جیسے عمران کو پیس ہی کر تو رکھ دے گا۔ لیکن عمران نے ایسی جھکائی دی کہ منہ کے بل فرش پر چلا آیا۔

پھر عمران نے اسے دوبارہ اٹھنے کا موقع نہیں دیا۔ اس کی پشت پر گھٹنا ٹیک کر گردن دبوچ لی! لوتھر اوندھا پڑا تھا اور اس کے حلق سے خرخراہٹ بلند ہو رہی تھی۔!

''ارے مر جائے گا۔!'' تھیلما چیخی۔

''شٹ اَپ....!'' صفدر دھاڑا.... ''اپنی جگہ سے جنبش بھی نہ کرنا.... گولی مار دوں گا۔''

عمران پر جیسے خون سوار ہو گیا تھا۔ نہایت خاموشی سے لوتھر کو موت کی طرف دھکیلے جا رہا تھا۔ بالآخر اس کے حلق کی خرخراہٹ آہستہ آہستہ سناٹے میں مدغم ہوتی چلی گئی۔ تھیلما کپکپاتی ہوئی آواز میں رو رہی تھی!۔

عمران اسے چھوڑ کر ہٹ گیا اور لوتھر کے ساتھیوں سے بڑے پُر سکون لہجے میں بولا۔ ''اسی طرح تم سب کو ایک ایک کر کے مار ڈالوں گا۔ ورنہ اپنی زبان کھولو۔!''

''ہم بتائیں گے.... ہم بتائیں گے۔!'' وہ تینوں بیک وقت بولے۔

''اس بستی میں گالویدا سمیت تمہارے کتنے آدمی ہیں؟''

"اٹھارہ....!"

"مقامی آدمیوں کی تعداد۔!"

"ایک بھی نہیں ہے۔ ہم سب مقامی ہی باشندوں کا رہن سہن اختیار کر کے وہاں مقیم ہیں۔!"

"مقصد....؟"

"مقصد کا علم گالویدا کو ہے۔"

"تم لوگ وہاں کب سے ہو؟"

"ایک سال سے.... ہم نے ہی مکان بنائے ہیں۔ اس سے پہلے وہاں کوئی بستی نہیں تھی۔!"

"تمہیں کبھی کسی نے چیک بھی نہیں کیا"۔

"بستی تمہارے ملک کی حدود میں نہیں ہے!"

"اوہ سمجھا.... تو وہ دراڑ ہی اس طرف جانے کا واحد راستہ ہے۔ بالکل سمجھ گیا.... تم لوگ وہاں اس ملک کے اسمگلروں کی حیثیت سے مقیم ہو"۔

"اس کے بارے میں ہم کچھ نہیں جانتے!"

"تمہارا خیال درست ہے....!" دوسرا آدمی عمران سے بولا۔ "یہ ابھی حال ہی میں ہمارے پاس آیا ہے.... اس کے بارے میں نہیں معلوم.... بلاشبہ ہم لوگ اس ملک کے اسمگلروں کی سرپرستی کرتے ہیں! اس کے لئے ہمیں معقول رقم ملتی ہے... ہم ان جگہوں کی نگرانی کرتے ہیں! جہاں وہ لوگ اپنا مال چھپا دیتے ہیں۔ بہت بڑے غار اسمگل کئے ہوئے سامان سے اٹے پڑے ہیں!"

"سرحد کے نگہبانوں کی نظروں سے کیسے بچتے ہو تم لوگ؟"

وہ خاموش ہو گیا۔

عمران نے سخت لہجے میں کہا۔ "جواب دو۔!"

"دراصل ہم سرحد کے نگہبانوں ہی کی حیثیت سے وہاں مقیم ہیں!" اس نے مردہ سی آواز میں کہا۔ "ہمارے پاس وردیاں ہیں۔ جنہیں ہم حسبِ ضرورت استعمال کرتے ہیں۔!"

"یہ اس وقت تک ناممکن ہے جب تک نگہبانوں میں سے کوئی تمہارے ساتھ نہ ہو۔!"

"اس رینج کا کمانڈر ہمارا ہی آدمی ہے!"

"میوری کی کیا حیثیت تھی؟"

"وہ ہمارا باس تھا اور تمہارے ملک میں رہتا تھا۔"

"گالویدا کب سے ہے تمہارے ساتھ؟"

"شروع ہی سے.... مطلب یہ کہ جب سے ہم نے یہ بستی بسائی ہے!"

"گالویدا کے کہاں گولی لگی ہے؟"

"شانے میں.... داہنے شانے میں۔!"

"شوگر بینک سے کیا مراد ہے؟"

وہ سب ایک دوسرے کی شکل دیکھ کر رہ گئے۔

"جواب دو!" عمران گرجا۔

"شوگر بینک.... ہم نہیں جانتے کیا بلا ہے؟"

"کبھی نام بھی نہیں سنا؟"

"کبھی نہیں۔"

"اچھی بات ہے۔!" عمران نے طویل سانس لی اور پر تفکر انداز میں صفدر کی طرف دیکھنے لگا۔

پھر کچھ دیر بعد اسی قیدی کو مخاطب کیا جس سے پہلے گفتگو کرتا رہا تھا۔

"لوتھر کب سے تھا تم لوگوں کے ساتھ؟"

"جب سے میوری علیل ہوئے تھے اور انہوں نے اس مکان میں رہائش اختیار کی تھی! مسٹر میوری نے اس مکان میں قیام کرنے سے پہلے احکامات جاری کئے تھے کہ ان کے ماتحت ان سے دور ہی دور رہیں۔!"

"ہوں....!" عمران پھر صفدر کی طرف دیکھنے لگا۔

تھیلما پھٹی پھٹی آنکھوں سے لوتھر کی لاش کو تکے جا رہی تھی....! عمران اس کی طرف سے قطعی بے خبر ہو گیا تھا۔

"اس بستی میں ایسے لوگ بھی آتے ہوں گے جو تمہارے لئے اجنبی ہوں!" عمران نے تھوڑی دیر بعد پھر قیدی سے پوچھا۔

"آتے ہیں... سرحدی محافظوں کے گشتی دستے... ہمارا کام صرف چوکی پر مقیم رہنا ہے۔!"

"مقامی زبان نہ جاننے کی بناء پر تمہیں دشواری پیش آتی ہو گی۔"

"ایسی کوئی دشواری نہیں.... ہم سب اس ملک کی زبان مقامی آدمیوں ہی کی طرح بول سکتے ہیں.... ہمیں دس سال تک اس کی ٹریننگ ملی ہے....!"

"اُوہ....!"

ظفرالملک بے خبر سو رہا تھا کہ گھنٹی بجنی شروع ہوئی اور اس وقت تک بجتی رہی جب تک کہ وہ بیدار نہیں ہو گیا۔!

رات کے دو بجے تھے۔! اس نے سوچا عمران ہی ہو گا ورنہ اتنی رات گئے اور کون ہو سکتا ہے۔

اس نے اٹھ کر شب خوابی کا لبادہ پہنا اور سگریٹ سلگاتا ہوا صدر دروازے کی جانب بڑھا۔

وہ مختلف جگہوں کے بلب بھی روشن کرتا جا رہا تھا۔ جیسے ہی اس نے دروازہ کھولا ایسا محسوس ہوا جیسے بپھرے ہوئے لوگوں کا جم غفیر ریلتا ہوا راہداری میں گھس آیا ہو!۔

یہ عمران کے ساتھی تھے.... تنویر سب سے آگے تھا اس نے ظفرالملک کا گریبان پکڑ لیا۔

عمران کہاں ہے؟" وہ اس کے گریبان کو جھٹکا دیتا ہوا غرایا....

"پتہ نہیں....!" ظفرالملک کے انداز میں لاپرواہی تھی۔

"دو دن پہلے وہ یہیں سے تھیلما کے ساتھ گیا تھا۔"

"میرا خیال ہے کہ اطلاع اسی خادم نے بہم پہنچائی تھی!" ظفر مسکراتا ہوا پُرسکون لہجے میں بولا۔

"وہ کہاں ہے؟"

"اگر اطلاع مل سکی تو گوش گزار کر دی جائے گی۔ جناب آپ اندر کیوں نہیں تشریف لے چلتے۔ سردی سے آئے ہیں! آپ لوگ.... میں آپ کے لئے کافی تیار کروں گا۔!"

"تنویر.... تہذیب کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑو!" ظفر نے جولیا کی آواز سنی.... وہ سب کے پیچھے کھڑی تھی۔

چوہان تنویر کے قریب کھڑا تھا۔ اس نے اس کا ہاتھ ظفر کے گریبان سے ہٹاتے ہوئے کہا۔ "ہمیں پرسکون ماحول میں گفتگو کرنی چاہئے!"

ظفر انہیں ڈرائینگ روم میں لایا.... یہ تنویر، چوہان، صدیقی، نعمانی، خاور اور جولیا تھے....!

"کیا میں کافی پیش کرنے کی سعادت حاصل کر سکتا ہوں؟" ظفر نے بڑے ادب سے پوچھا۔

"نہیں.... اس کی ضرورت نہیں! تم بیٹھ جاؤ!" چوہان بولا۔

"آپ کی اجازت سے....!" وہ قدرے خم ہو کر سامنے والی کرسی پر بیٹھتا ہوا بولا۔

"عمران ابھی تک واپس نہیں آیا۔" چوہان اس سے کہہ رہا تھا۔ "ہم نے اسے جس حال میں چھوڑا تھا....!"

وہ جملہ پورا کئے بغیر خاموش ہو گیا.... سوچنے لگا کہ اسے صرف اتنی ہی باتیں کرنی چاہئیں جن کا تعلق ظفر سے ہو۔!

ظفر استفہامیہ انداز میں اس کی طرف دیکھے جا رہا تھا۔

چوہان کھکار کر دوبارہ بولا۔ "وہ تھیلما کے ساتھ گیا تھا نا؟"

"جی ہاں۔!"

تھیلما اسے کہاں لے گئی تھی؟"

"یہ تو میں نہیں جانتا! میں ماموزیل سے پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ میں اس وقت باغیچے میں کام کر رہا تھا.... تھیلما آئی تھی اور انہیں اپنے ساتھ لے گئی تھی۔"

"تم اس کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتے۔"

"ہرگز نہیں جناب....! ورنہ میں ان کے دوستوں سے کیوں پوشیدہ رکھتا.... ویسے مجھے ان کے اس طرح غائب ہو جانے پر تشویش ہے۔!"

"کیوں تشویش ہے؟" تنویر اسے گھورتا ہوا بولا۔

"ظاہر ہے کہ وہ تھیلما کے ساتھ گئے ہیں اور تھیلما میوری سے تعلق رکھتی ہے....!"

"ٹھہرو....!" جولیا ہاتھ اٹھا کر بولی۔ "مجھے یاد پڑتا ہے تم نے کہا تھا کہ تھیلما کے ساتھ جانے سے پہلے اس نے تمہاری ہی موجودگی میں ہم لوگوں کو فون کیا تھا!"

"میں ایسی کوئی بات کہہ ہی نہیں سکتا۔ جبکہ مجھے اچھی طرح یاد ہے.... میں ایسی بات کہہ ہی نہیں سکتا جب کہ باغیچے میں کام کر رہا تھا۔"

"کیا وہ اس عمارت میں اس دن پہلی بار آئی تھی؟"

"ہاں ماموزیل پہلی بار۔!"

"ویسے تم اس سے باہر ملتے رہے ہو گے؟"

"ہر گز نہیں ماموزیل۔ گرجے والی رات کے بعد سے میں نے اس دن پہلی بار اسے یہیں دیکھا تھا"۔

"تم غلط بیانی سے کام لے رہے ہو۔!"

"میں کس طرح یقین دلاؤں ماموزیل؟"

"ہم پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ تم پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔"

"مجھے اس کی پرواہ بھی نہیں ہے ماموزیل"۔

"کیا مطلب؟" تنویر دھاڑا۔

"ذرا آہستہ بولئے.... چھت اُونچی ہے گونج پیدا کرتی ہے۔ ہاں تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں صرف عمران صاحب کو جواب دہ ہوں۔"

"اگر بکواس کی تو....!" تنویر اچھل کر کھڑا ہو گیا۔

"تنویر بیٹھ جاؤ....!" خاور نے سخت لہجے میں کہا اور تنویر اسے گھورتا ہوا بیٹھ گیا۔

"تم عمران کو جواب دہ ہو! اس کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا۔" خاور نے ظفر سے پوچھا۔

"مطلب صاف ہے جناب! وہ میری سرپرستی فرمارہے ہیں! کہہ رہے تھے کہ میں ایک دوا ساز فیکٹری قائم کرنے والا ہوں.... اس کے لئے تمہیں انگیج کروں گا.... فی الحال تم یومیہ اجرت پر میرے پاس ٹھہرو۔!"

"کیا تمہیں علم ہے کہ میوری سخت بیمار تھا....!" چوہان نے پوچھا۔

"مجھے ان لوگوں کے بارے میں کچھ نہیں معلوم۔"

"اگر عمران صبح تک واپس نہ آیا....!" تنویر نے جملہ پورا نہیں کیا۔

غرضیکہ بھانت بھانت کی بولیاں سنائی دے رہی تھیں اور ظفر بڑے پر سکون انداز میں انہیں جواب دیتا جا رہا تھا۔ اُس کے انداز سے ایسا لگتا تھا جیسے وہ محض اس کی خیریت دریافت کرنے کے لئے آئے ہوں۔"

جب کچھ دیر بعد سناٹا ہوا تو اس نے کہا! "اب آپ لوگ تھکن بھی محسوس کر رہے ہوں گے۔ کہئے تو کافی بنالاؤں۔!"

کوئی کچھ نہ بولا۔ ظفر کرسی سے اٹھ کر دروازے کی طرف بڑھا۔

"ٹھہرو.... میں بھی چل رہی ہوں....!" جولیا اٹھتی ہوئی بولی۔

اس کے ساتھ ہی تنویر بھی اٹھا لیکن چوہان اور خاور جو اس کے دونوں طرف بیٹھے ہوئے تھے اس کو کھینچ کر بٹھا دیا.... جولیا اور ظفر دروازے سے گزر گئے۔

وہ دونوں کچن میں آئے۔ ظفر نے گیس کا چولہا کھول دیا اور جولیا کیتلی میں پانی بھرنے لگی۔

"عمران نے تم پر اعتماد کیا ہے تو تم معقول ہی آدمی ہو گے۔!" اس نے کہا۔!

"یہ ان کی مہربانی ہے ماموزیل.... دراصل ہم دونوں کا ایک ہی مسلک ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"وہ بھی میری ہی طرح ہپی ہیں۔"

"میرے لئے بالکل نئی اطلاع ہے۔"

"اچھا.... لیکن.... یہاں کی آب و ہوا نے انہیں مجھ سے قدرے مختلف کر دیا ہے.... وہ سر کے بل کھڑے ہو سکتے ہیں میں ابھی نہیں ہو سکتا۔ ابھی مجھ پر یورپ ہی کی آب و ہوا کا اثر ہے۔"

"تم یہ بھی جانتے ہو کہ وہ سر کے بل کھڑا ہو سکتا ہے!"

"میں اُن کے بارے میں سب کچھ جانتا ہوں۔ وہ مجھ پر بہت زیادہ اعتماد کرتے ہیں۔!"

"کیا کیا جانتے ہو ان کے بارے میں؟"

"میں تو یہ بھی جانتا ہوں....!" وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا ہنس پڑا۔!

"کیا مطلب.... کیا جانتے ہو؟"

"میں نہیں بتاؤں گا۔!" وہ بدستور ہنستا رہا لیکن اس ہنسی میں بھی ایک طرح کی شائستگی تھی۔

"بتاؤ....!" جولیا جھنجھلا گئی۔

"وہ ہر وقت آپ کا تذکرہ کرتے رہتے ہیں!"

"بکواس....!"

"یقین کیجئے.... ماموزیل.... وہ بہت دکھی آدمی ہیں۔ ان کی حرکتوں پر نہ جایئے وہ بہت زیادہ زخمی ہیں۔!"

"میں نہیں سمجھی۔!"

"وہ کہتے ہیں میں کس منہ سے جولیا سے کچھ کہوں۔ میری زندگی تو خانہ بدوشوں کی سی ہے!"

"اس سے کیا ہوتا ہے!" جولیا کی زبان سے بے اختیار نکلا۔ پھر جھینپی ہوئی ہنسی کے ساتھ بولی۔ "اس کی کسی بات پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔ پتہ نہیں اس نے یہ بات تم سے کیوں کہی!"

"ان کی آنکھوں میں آنسو تھے!"

"بالکل بکواس....!"

"ماموزیل ہمدردی، ہمدردی، ماموزیل ہمدردی۔!"

"کیا شروع کردیا تم نے۔!"

"وہ قابلِ رحم ہیں۔ انہیں آج تک کوئی نہیں سمجھا۔ لیکن میں اُن کے دکھے دل سے بخوبی واقف ہوں۔ وہ اپنے آنسوؤں پر قہقہوں کا پردہ ڈال دینے کے قائل ہیں۔ ہر بڑی ایسا ہی ہوتا ہے اور وہ تو ایک عظیم ہی ہیں۔!"

"میرے لئے یہ بات نئی بھی ہے اور عجیب بھی۔!"

"کوئی صورت نکالئے کہ وہ آپ کو حاصل کر سکیں!"

"اچھا اب بکواس بند کرو۔ میں ہی صورت بھی نکالوں!" وہ جھینپی ہوئی ہنسی کے ساتھ بولی۔

"لیجئے.... پانی بھی ابل گیا.... ہمارے دوست منتظر ہوں گے!"

"مجھے حیرت ہے کہ وہ اتنے تھوڑے سے دنوں میں تم پر اس قدر اعتماد کرنے لگا۔"

"ایک ہی دوسرے ہی سے کچھ نہیں چھپاتا۔ ہم دنیا میں خوشیاں بکھیرنے کیلئے آئے ہیں۔!"

جولیا کافی پاٹ میں پانی انڈیل رہی تھی۔!

"کریم فریج سے نکال لیجئے!" ظفر بولا۔

"نہیں اس وقت سیاہ کافی چلے گی۔!"

"ہو سکتا ہے آپ کے کسی ساتھی کو کریم درکار ہو۔!"

"بعد میں دیکھا جائے گا۔!"

ظفر کافی کی ٹرے اٹھائے ہوئے ڈرائینگ روم کی طرف بڑھ ہی رہا تھا کہ پھر کسی نے باہر سے گھنٹی بجائی!

"لیجئے....!" ظفر جولیا کی طرف ٹرے بڑھاتا ہوا بولا۔ "میں دیکھتا ہوں۔!"

"نہیں تم سیدھے ڈرائینگ روم ہی میں چلو.... ہمارا کوئی آدمی دیکھے گا۔!"

"جیسی مرضی!" ظفر نے کہا اور پھر چل پڑا۔ گھنٹی بدستور بجتی رہی وہ سب گھنٹی کی آواز پر اپنی جگہوں سے اٹھ گئے تھے۔

"خاور تم دیکھو کون ہے!" جولیا بولی اور خاور کمرے سے چلا گیا۔ وہ خاموشی سے آنے والے کے منتظر رہے۔ کچھ دیر بعد دو آدمیوں کے قدموں کی چاپ سنائی دی اور خاور کے ساتھ ڈرائینگ روم میں داخل ہونے والا عمران تھا۔!

"آہا.... کافی....!" وہ چہک کر بولا۔ "قدرت مہربان ہے مجھ پر.... شدت سے اس کی ضرورت محسوس کر رہا تھا۔!"

ظفر جھپٹ کر اٹھا اور اس کیلئے کافی بنانے لگا۔

عمران اس کی طرف دیکھ نہیں رہا تھا۔ ہنس ہنس کر اپنے ساتھیوں سے باتیں کر رہا تھا۔

دفعتاً تنویر اٹھ کر بولا۔ "میں اس کا جغرافیہ معلوم کرنا چاہتا ہوں!"

اس کا اشارہ ظفرالملک کی طرف تھا۔ اتنے میں وہ کافی کی پیالی لئے ہوئے عمران کے قریب آیا۔

"ارے اس کو نہیں جانتے۔!" عمران ظفر کے شانے پر دایاں ہاتھ رکھ کر بائیں سے کافی کی پیالی سنبھالتا ہوا بولا۔ "یہ تو برخوردار ہے! بیٹے.... انکل کو سلام کرو....!"

ظفر نے جھک کر بڑے ادب سے تنویر کو سلام کیا۔

"میں اس گدھے پن کو برداشت نہیں کر سکتا۔" تنویر دوسری طرف مڑ کر بولا۔

"اگر اولاد پیدا کرنا گدھا پن ہے تو... تو تم اپنی ہستی پر غور کرو۔ کنفیوشس نے کہا ہے کہ....!"

"تم تھے کہاں؟" جولیا نے پوچھا اور عمران چونک پڑا۔

غالباً جولیا سے اُسے اتنے نرم لہجے کی توقع نہ رہی ہوگی!۔

وہ اسے بوکھلائے ہوئے انداز سے دیکھنے لگا۔

"میری بات کا جواب نہیں دیا تم نے"۔

"اطمینان سے بتاؤں گا.... بہت جلدی میں ہوں.... یہاں سے فوراً چلو....!"

ظفر اُن کی گفتگو سے بے نیاز ان کے لئے کافی کی پیالیاں بھرتا رہا.... ایسا لگتا تھا جیسے ان کی آپس کی گفتگو سے اُسے کوئی سروکار نہ ہو۔!"

"جلدی اپنی پیالیاں ختم کرو....!" عمران بولا۔

"کیوں خواہ مخواہ بکواس لگا رکھی ہے...." تنویر بول پڑا۔

"تنویر.... اِٹ اِز آرڈر....!" عمران کا لہجہ بے حد خشک تھا۔

خاور نے تنویر کا بازو دبا کر خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ لیکن تنویر خاموش ہو جانے کے باوجود بھی عمران کو گھورتا رہا۔

ظفر چاہتا تھا کہ کسی طرح اسے عمران کے سامنے اپنی پوزیشن صاف کرنے کا موقع مل جائے.... لیکن وہ تو سب کے ساتھ اٹھ کھڑا ہوا تھا۔

"مم.... میں علیحدگی میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں....!" اس نے عمران سے کہا۔

"سب ٹھیک ہے.... میں سمجھتا ہوں.... تم فی الحال عیش کرو!"

عمران دروازے کی طرف بڑھ گیا۔

وہ سب چلے گئے.... اور ظفر دروازہ بولٹ کرتے وقت سوچ رہا تھا.... اب جولیا عمران کو بور کرے گی.... لیکن وہ کرتا بھی کیا۔ اس سے اس قسم کی باتیں کرنے پر مجبور تھا۔

وہ سب جولیا کی قیام گاہ پر پہنچے تھے اور انہوں نے عمران کی کہانی بڑے سکون کے ساتھ سنی تھی! البتہ عمران محسوس کر رہا تھا کہ تنویر ان حالات پر ضرور تنقید کرے گا۔ یہی نہیں شاید آئندہ اسکیم کی مخالفت بھی کر بیٹھے۔

"میرا خیال ہے کہ خاور اور جولیا کے علاوہ سب میرے ساتھ چلیں گے!" عمران نے کہا۔

"خاور میں کون سے سُرخاب کے پر لگے ہوئے ہیں!" تنویر یک لخت پھٹ پڑا۔ "مجھے آرام کی ضرورت ہے۔ خاور کو نہیں۔!"

"جناب موسم گزار نے نہیں آئے ہیں!" عمران بولا۔

"تم مجھ سے اس لہجے میں گفتگو نہیں کر سکتے!"

"تنویر۔"

"میں کہتا ہوں...."

"شٹ اپ....!" عمران دھاڑا۔

اور تنویر آستین چڑھا کر سامنے آ گیا۔

نعمانی اور صدیقی ان کے درمیان آ گئے تھے۔! جولیا تنویر کو بُرا بھلا کہہ رہی تھی۔!

"میں نہیں سمجھ سکتی کہ ایسے آدمی کو....!"

"تم سب خاموش رہو اور الگ ہٹ جاؤ....!" عمران کا لہجہ خونخوار تھا.... "اب یہ اسپتال ہی میں آرام کرے گا۔"

تنویر اس پر بالکل ہی بے قابو ہو گیا اور خاور سے اس لئے اُلجھ پڑا کہ وہ اُسے آگے بڑھنے سے روک رہا تھا۔

عمران نے اس کی گردن دبوچی اور جھٹکا دے کر خاور سے الگ کر لیا۔ اب وہ سب خاموش کھڑے تنویر کی مرمت ہوتے دیکھ رہے تھے۔ عمران نے اسے مارا نہیں بلکہ کبھی دونوں ہاتھ مروڑ دیتا اور کبھی ٹانگ مار کر نیچے گرا دیتا۔ یہ سب اتنی پھرتی سے ہو رہا تھا کہ تنویر پل بھر کے لئے بھی نہ سنبھل سکا!

پھر شاید اُسے اس کے علاوہ اور کچھ نہ سوجھی کہ چپ چاپ بے ہوش بن جائے۔

عمران کے ماتحتوں میں سے کچھ تو اس واقعے پر خوش نظر آ رہے تھے اور بعض کے چہرے پر کبیدگی کے آثار تھے لیکن انہوں نے زبان سے اس کا اظہار نہیں کیا۔

پھر عمران کے حکم کے مطابق وہ وہاں سے چلے گئے! ایک گھنٹے کے اندر اندر انہیں سفر کے لئے تیار ہو کر پھر یہیں آنا تھا۔ انہوں نے یہ بھی نہ پوچھا کہ بے ہوش تنویر کو اٹھا لے جائیں یا وہیں فرش پر پڑا رہنے دیں۔!

ان کے چلے جانے کے بعد جولیا نے عمران سے پوچھا۔! "اُس کا کیا ہو گا؟"

"یہ سچ مچ ہسپتال جائے گا۔!"

"تم آخر درندے کیوں ہو رہے ہو!" جولیا دل آویز انداز میں مسکرائی۔!

"بعض اوقات اسی پر مجبور ہونا پڑتا ہے!"

"تم عجیب ہو....! سمجھ میں نہ آنے والے.... مجھے تمہارا وہ دلآویز انداز بھی یاد ہے۔!"

"کون سا انداز....!" عمران نے الوؤں کی طرح دیدے نچائے۔

"جب تم نے میرے ہاتھ کو بوسہ دیا تھا۔!"

"ب.... بوسہ.... بوسہ کے ہجے تو کرو۔!" عمران بوکھلا کر بولا۔

"کیا اب اسے بھی جھٹلاؤ گے۔!"

عمران تیزی سے اپنا سر سہلانے لگا اور بولا۔ "یہ کب کی بات ہے۔"

"اسی دن کی جب تم نے صفدر کو فون کیا تھا کہ تم فلاں عمارت میں موجود ہو! تمہارا تعاقب کیا جائے.... میں اس وقت صفدر کے قریب ہی موجود تھی۔!"

"اوہ....!" عمران آنکھیں پھاڑ کر بولا۔ "اور تم وہاں جا پہنچیں!"

"نہ جا پہنچتی تو تم مجھے مینڈولین پر اطالوی گیت کیسے سناتے۔"

"ارے باپ رے۔!" عمران پیٹ پر ہاتھ پھیر کر رہ گیا۔

"یہ ظفر.... بھی بہت اچھا بجالیتا ہے مینڈولین۔!"

"یقیناً بجاتا ہوگا۔!" عمران ٹھنڈی سانس لے کر بولا۔

"اس نے تمہارے بارے میں بہت سی باتیں کی تھیں!"

"مثلاً کس قسم کی باتیں؟"

"ابھی نہیں بتاؤں گی.... پہلے تم ان چکروں سے نپٹ لو۔!"

عمران کے چہرے پر تشویش کے آثار نظر آنے لگے۔

"اونہہ چھوڑو ہٹاؤ....!" میں جانتی ہوں کہ تم موڈی آدمی ہو۔! لیکن نہ جانے کیوں میں ان خیالوں کی لذتوں میں ڈوبی رہنا چاہتی ہوں۔"

"کن خیالوں کی لذتوں میں؟"

"وہی جو تم میرے بارے میں رکھتے ہو!"

"میں تمہارے بارے میں رکھتا ہوں۔!" عمران نے حیرت سے کہا۔

"تم اس خیال کو دل سے نکال دو کہ میں تمہاری کسی خواہش کا احترام نہ کروں گی۔!"

"بس بس اب ایسی باتیں نہ کرو....!" عمران نے تنویر کی طرف دیکھتے ہوئے خوف زدہ لہجے میں بولا...."اگر اس نے سُن لیا تو مجھے زندہ ہی دفن کر دے گا۔"

"میرا خیال کہ شاید اس بار ایکس ٹو اس کا پتہ ہی کاٹ دے!"

"بھانت بھانت کے جانور پالنا میری ہابی ہے۔ اس لئے شاید ایسا نہ ہو سکے۔!"

"کیا مطلب؟" جولیا چونک پڑی۔

"یہی کہ میری ہی وجہ سے اس کی ملازمت برقرار ہے.... جب بھی ایکس ٹو نے اسے الگ کرنا چاہا ہے میں نے ایسا نہیں ہونے دیا۔!"

"اس میں کون سی عقل مندی تھی۔"

"بس تفریح ہے اپنی۔!"

"اب اس کا ہو گا کیا.... کیا یہیں پڑا رہے گا۔؟"

"جب جی چاہے گا اٹھ کر چلا جائے گا۔!" عمران نے لاپرواہی سے کہا۔

"کیا مطلب....! نہیں تم اپنی روانگی سے پہلے ہی اسے یہاں سے ہٹا دو....!"

"کیا لیتا ہے تمہارا.... بے ہوش تو پڑا ہے بیچارہ....!"

تنویر آنکھیں بند کئے پڑا دل ہی دل میں عمران کو گالیاں دے رہا تھا۔ اس نے اُن کی پوری گفتگو سنی تھی۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اب اسے کیا کرنا چاہئے۔ ان دونوں کی موجودگی میں ہوش میں آنا ہنسی اڑوانے کو دعوت دینا ہو گا۔ لیکن آخر کب تک اسی طرح پڑا رہے گا۔ عمران کے خلاف اس کے ذہن میں نفرتوں کا لاوا اُبلتا رہا....!

دفعتاً اس نے عمران کو کہتے سنا۔ "میں پھر کافی کی ضرورت محسوس کر رہا ہوں۔!"

"میں بنائے لاتی ہوں۔!" جولیا چہک کر بولی۔

"اچھی بات ہے.... میں ذرا باتھ روم تک بھی جاؤں گا!"

تنویر نے دونوں کے قدموں کی دُور ہوتی چاپ سُنی اور پھر اٹھ بیٹھا کمرہ خالی نظر آیا۔

اس سے بہتر موقع پھر ہاتھ نہ آتا.... لہٰذا وہ بہ آہستگی جولیا کی قیام گاہ سے نکل آیا۔

کمپاؤنڈ میں ایک گاڑی کھڑی نظر آئی۔ لیکن وہ اس کی جرأت نہیں رکھتا تھا کہ اسے لے

بھاگے۔ ایسی صورت میں معاملہ بہت زیادہ سنگین ہو جاتا وہ ایکس ٹو کے عتاب سے کسی طرح نہ بچ سکتا۔ عمران کی فطرت سے تو اچھی طرح واقف تھا۔ اپنے معاملات وہ اپنی ہی حد تک رکھتا تھا.... ایکس ٹو سے شکایت نہ کرتا اس کی.... خود ہی نپٹ لیتا.... لیکن گاڑی لے بھاگنے کی صورت میں حالات بگڑ جاتے۔ انہیں کہیں سفر کرنا تھا۔ گاڑی کی عدم موجودگی اُن کی دشواریوں میں اضافہ کردیتی اور یہ معاملہ یقیناً ایکس ٹو تک جا پہنچتا۔!

وہ کمپاؤنڈ سے باہر نکلا چلا گیا۔ یہ محض اتفاق ہی تھا کہ قریب ہی ایک ٹیکسی کھڑی مل گئی ورنہ اس وقت ٹیکسی کہاں! وہ تیزی سے اس کی طرف بڑھا۔

اندر اندھیرا تھا.... ڈرائیور اپنی سیٹ پر موجود تھا۔

تنویر نے دروازہ کھولا اور پچھلی سیٹ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔ "گرینڈ ہوٹل۔"

ڈیش بورڈ پر میٹر روشن ہو گیا اور ٹیکسی حرکت میں آ گئی۔

کچھ دیر بعد تنویر نے محسوس کیا کہ ٹیکسی گرینڈ کے راستے پر نہیں جا رہی!

"ارے بھئی تم کدھر جا رہے ہو!" اس نے ڈرائیور کو مخاطب کیا اور اگلی سیٹ سے ایک کھنکتا ہوا سا نسوانی قہقہہ سنائی دیا....

"میں ایک عورت ہوں جناب!" ڈرائیور کی سیٹ سے آواز آئی!

"عورت۔؟" تنویر اچھل پڑا۔

"جی ہاں.... اور آپ مجھے پسند کریں گے!"

"لل.... لیکن اس کا کیا مطلب؟"

"تفریح ہے میری.... تم مجھے اچھے لگے.... اب میں تمہیں اپنا مہمان بنانا چاہتی ہوں۔!"

"یعنی یعنی.... کہ....!" تنویر ہکلا کر رہ گیا۔

"اپنی سرکش طبیعت کو بہلائے رکھنے کے لئے بھانت بھانت کے بے ضرر طریقے اختیار کرتی ہوں۔!"

"میں نہیں سمجھا۔!"

"بالکل بدھو معلوم ہوتے ہو۔!"

تنویر کچھ نہ بولا۔ عجیب سی سنسنی سارے جسم میں پھیل کر رہ گئی تھی۔ سمجھ میں نہیں آتا تھا

کہ اسے اس پر خوش ہونا چاہئے یا چلتی گاڑی سے چھلانگ لگا دینے میں عافیت رہے گی۔

پتہ نہیں وہ اسے کہاں لے جا رہی تھی!

"کک.... کیا میں سگریٹ پی سکتا ہوں؟" تنویر نے تھوڑی دیر بعد بھرائی ہوئی آواز میں پوچھا!

"شوق سے.... مجھے سگریٹ کا دھواں بُرا نہیں لگتا!"

تنویر نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے سگریٹ سلگائی وہ بڑا حسن پرست اور عورتوں کا رسیا تھا لیکن آج تک ایسی کسی سچویشن سے دوچار نہیں ہوا تھا۔ لہٰذا پسینے چھوٹے جا رہے تھے۔

خدا خدا کر کے گاڑی ایک عمارت کے کمپاؤنڈ میں داخل ہوئی اور رُک بھی گئی لیکن تنویر بدستور بیٹھا رہا....! عورت اُتری تھی اور اس نے اس کی سیٹ کا دروازہ کھول کر بڑے پیار سے کہا تھا۔

"اب اس طرح خدمت بھی لو گے.... اُتر آؤ شہزادے صاحب!"

"جج.. جی ہاں... جی ہاں....!" تنویر نے کہا اور بوکھلائے ہوئے انداز میں گاڑی سے اتر آیا۔

عورت اس کا ہاتھ پکڑے ہوئے ایک طرف چلنے لگی۔

کمپاؤنڈ میں تاریکی تھی اور عمارت میں بھی کہیں روشنی نظر نہیں آتی تھی۔ تنویر کو ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے اس کا دل براہ راست کھوپڑی میں دھڑک رہا ہو۔!

عورت کی رفتار تیز نہیں! بالکل ٹہلنے کا سا انداز تھا.... تنویر اس کے ساتھ گھسٹتا رہا....!

اندھیرا اتنا گہرا بھی نہیں تھا کہ راستہ نہ سجھائی دیتا۔

وہ ایک روش سے گزر رہے تھے جس کے دونوں اطراف میں کیاریاں تھیں پھر وہ تین زینے طے کر کے برآمدے میں پہنچے۔

تنویر سوچ رہا تھا کہ آخر وہ کہیں کا کوئی بلب کیوں نہیں روشن کر دیتی....!

شاید اس نے دروازہ کھولا تھا لیکن اب بھی روشنی نہیں کی۔

دروازے سے گزر کر وہ تاریک راہداری میں داخل ہوئے۔ وہ اب بھی تنویر کا ہاتھ پکڑے چل رہی تھی۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو اتنے گہرے اندھیرے میں ایک قدم اٹھانا بھی محال ہوتا....!

تنویر کے دل کی دھڑکن تیز ہوتی رہی۔

دفعتاً ایک جگہ رک کر عورت نے روشنی کر دی۔ تنویر کی آنکھیں چندھیا نے لگیں۔ و۔ پھر جب عورت پر نظر پڑی تو ایسا لگا جیسے آفتاب سوا نیزے پر آگیا ہو۔

ایسی خوب صورتی آج تک اس کی نظر سے نہیں گزری تھی۔ لیکن ساتھ ہی یہ احساس بھی ذہن کے کسی گوشے میں موجود تھا کہ اسے پہلے بھی کہیں دیکھا ہے۔!

"سودا برا تو نہیں رہا....!" عورت اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی مسکرائی۔!

"مم.... میں کیا بتاؤں!" تنویر جھینپی ہوئی ہنسی کے ساتھ بولا۔

"تم تنویر ہو نا....!" عورت نے یک بیک سنجیدہ ہو کر پوچھا۔

تنویر چونک پڑا۔ اس کی آنکھیں حیرت سے پھٹی ہوئی تھیں۔

"تم تنویر ہو۔!" وہ پھر مسکرائی!

"ہاں میرا نام تنویر ہے.... لیکن تم کیا جانو!"

"میں جانتی ہوں۔!"

تنویر کچھ نہ بولا.... اس کے دیکھنے کے انداز میں حیرت کا عنصر اب بھی پایا جاتا تھا....!

"ذہن پر زور دو.... شاید پہچان سکو مجھے!" وہ بدستور مسکراتی ہوئی بولی۔!

"مم.... میں نہیں پہچان سکا۔!"

"اب دیکھو....!" عورت نے اپنے چہرہ کا زاویہ بدلتے ہوئے کہا۔

"ٹی.... تھری.... بی....!" تنویر کے حلق سے گھٹی گھٹی سی آواز نکلی۔

"بیٹھ جاؤ....!" اس نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔ اور تنویر کانپتی ہوئی ٹانگوں سے چل کر بدقت صوفے تک پہنچ سکا....!

"ہوں.... آرام سے بیٹھو آرام سے۔ ڈرنے کی ضرورت نہیں۔"

تنویر نے خود کو سنبھالنے کی کوشش کی اور اکڑ کر بیٹھ گیا! بڑا مضحکہ خیز لگ رہا تھا....!

"عمران کس چکر میں ہے!" دفعتاً وہ پوچھ بیٹھی۔

اور تنویر ایک طویل سانس لے کر صوفے کی پشت سے ٹک گیا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ یہ تو برا ہوا عمران سے اس کی ہڈیاں سلگتی تھیں۔ لیکن یہ مسئلہ عمران کا ذاتی مسئلہ تو تھا نہیں۔

"اُسے کیا کرنا چاہئے.... کیا کرنا چاہئے۔"

"میری بات کا جواب دو۔!"

"وہ اپنے چکر کسی کو بتاتا نہیں.... اس کے احکام بروقت چلتے ہیں!"

"تم جھوٹ بول رہے ہو!"

"یقین کرو مادام۔!"

"تنویر تم جھوٹ بول رہے ہو.... تمہاری آنکھیں بتاتی ہیں!"

"مم.... کس طرح یقین دلاؤں.... آپ کی بڑی عزت کرتا ہوں اور شاید یہ بھی جانتی ہو کہ ہم دونوں ایک دوسرے سے شدید طور پر متنفر ہیں۔!"

"ساتھ ہی یہ بھی جانتی ہوں کہ اس کے باوجود بھی تم اسے دھوکہ نہیں دے سکتے!" تھریسیا مسکرائی۔

"ایسی کوئی بات نہیں مادام.... میرا بس چلے اس کی ہڈیاں توڑ دوں۔!"

"تم توڑ سکتے ہو....! لیکن اُسے پسند نہیں کرو گے کہ کوئی اور اس پر ہاتھ اٹھائے.... اس کا کوئی ساتھی اسے دغا نہیں دے سکتا۔!"

"پھر عرض کروں گا کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے.... کاش مجھے اس کا پروگرام معلوم ہوتا.... البتہ اتنا بتا سکتا ہوں کہ وہ اس وقت اس عمارت میں موجود ہے جس سے میں برآمد ہوا تھا۔!"

"مجھے علم ہے.... یہ بھی جانتی ہوں کہ کچھ ہی دیر پہلے تم دونوں جھگڑ چکے ہو۔!"

تنویر کا منہ حیرت سے کھلا رہ گیا۔

"کس بات پر جھگڑا ہوا تھا؟"

"آپ جانتی ہی ہوں گی....!" تنویر نے بے دلی سے کہا۔

"جولیانا فٹنر واٹر....!" وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی مسکرائی۔

"آپ کا خیال درست ہے.... میں اُسے چاہتا ہوں....!"

"اور.... وہ....!"

"خدا جانے....!" تنویر بُرا سا منہ بنا کر بولا۔

"تم دونوں کی یکجائی ممکن ہے۔"

"وہ کس طرح؟"

"عمران کے پروگرام کے بارے میں مجھے بتاؤ.... میوری کی موت کے بعد اب وہ کیا کرنا چاہتا ہے؟"

"میں اس کے متعلق جانتا ہوتا تو ضرور بتادیتا"۔

"خیر چھوڑو.... تم میرے مہمان ہو.... کیا پیؤ گے؟"

"بہت بہت شکریہ.... تکلیف نہ کیجئے۔!"

"ایسا بھی کیا.... تم بیٹھو.... میں ابھی آئی....!"

وہ کمرے سے چلی گئی....! تنویر کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اسے کیا کرنا چاہئے.... عجیب عورت ہے اس نے سوچا.... یہی کام وہ اپنے کسی آدمی سے لے سکتی تھی! کسی مرد کو اس طرح اغوا کرلانا تنویر کو بے حد سنسنی خیز لگا تھا۔!

وہ صوفے سے اٹھ گیا.... کیوں نہ نکل بھاگے۔ تیزی سے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے سوچ رہا تھا کہ تھریسیا عمارت میں تنہا معلوم ہوتی ہے۔

لیکن ابھی دروازے سے باہر قدم بھی نہیں نکالا تھا کہ کسی ریوالور کی نالی سینے سے آلگی.... اور اسے پیچھے دھکیل دیا گیا۔

تین قوی ہیکل نیگرو.... کمرے میں در آئے تھے.... پشت سے تھریسیا کی آواز آئی....

"تنویر یہ بُری بات ہے کہ تم ایک اچھے میزبان کا دل توڑنے جارہے تھے۔!"

"میں معافی چاہتا ہوں مادام....!" تنویر کانپتی ہوئی آواز میں بولا۔

"تنویر ایک اچھے مہمان کی طرح آرام سے بیٹھ جاؤ!"

وہ بے بسی سے اس کے احکام کی تکمیل کرتا رہا۔

دفعتاً وہ تینوں نیگرو اس پر ٹوٹ پڑے.... یہ اتنا غیر متوقع تھا کہ تنویر ہاتھ پاؤں بھی نہ ہلا سکا.... جنبش ہی نہیں کرسکتا تھا۔

ٹھیک اسی وقت اس نے اپنے بائیں بازو میں تیز چبھن محسوس کی۔ گردن موڑ کر بے بسی سے تھریسیا کو دیکھا جو اس پر جھکی ہوئی بازو میں انجکشن دے رہی تھی.... سرخ رنگ کا کوئی سیال شیشے کی سرنج میں بھرا ہوا تھا۔ ایک دم سے اس کا سر چکرا گیا.... بلکہ ایسا ہی معلوم ہوا تھا جیسے ذہن

تاریکیوں میں ڈوبتا چلا گیا ہو!

پھر جلدی ہی محسوس ہوا کہ وہ تاریکیاں آہستہ آہستہ چھٹتی جارہی ہوں۔ اب وہ کمرے کی ہر چیز صاف دیکھ سکتا تھا.... بلکہ روشنی پہلے سے بھی زیادہ بڑھی ہوئی معلوم ہوتی تھی!

تھریسیا اس کے سامنے تھی.... اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ۔

تنویر کا دل چاہا کہ اس کے قدموں پر سر رکھ دے! اس سے کہے کہ وہ ہمیشہ اُس کے ساتھ رہنا چاہتا ہے.... وہ اُسے اپنا غلام بنالے۔ روائتی غلاموں کی طرح اس کی خدمت کرے گا.... کبھی کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دے گا۔

تھریسیا کی مسکراہٹ لمحہ بہ لمحہ مزید دلآویز اور محبت آمیز ہوتی گئی....!

اجالا پھیلتے پھیلتے وہ اس مقام تک پہنچ گئے جہاں سے بڑی دراڑ سرحد کی دوسری طرف کی بستی کی جانب جاتی تھی۔! چوہان، خاور، صدیقی، نعمانی اور صفدر تھیلما سمیت عمران کے ساتھ تھے اور ان میں سے کوئی بھی اپنی اصلی شکل میں نہیں تھا۔

انہوں نے سرحد پار کے سرحدی محافظوں جیسی وردیاں پہن رکھی تھیں۔!

"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ تنویر کہاں غائب ہو گیا!" تھوڑی دیر بعد کوئی نہ کوئی یہ سوال کر بیٹھتا۔

آخری بار عمران جھنجھلا کر بولا۔ "جہنم میں جائے اب اس کا تذکرہ نہ ہونا چاہئے! واپسی پر دیکھوں گا۔"

لیکن کم از کم یہ پوچھنے کا حق تو ہمیں پہنچتا ہے کہ ہم کہاں جارہے ہیں!" صدیقی بولا۔

فی الحال اس بستی میں جارہے ہیں جس کا تذکرہ میں نے کیا تھا۔ اور ہم اس طرف کے سرحدی محافظوں کی وردی میں ہیں! تھیلما ہماری قیدی ہے جوان پہاڑیوں میں بھٹک رہی تھی.... اسکے پاس سے ایسے کاغذات برآمد نہیں ہو سکے جس سے اس کی اصل شخصیت پر روشنی پڑ سکتی!"

"کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اتنے گھماؤ پھراؤ کی کیا ضرورت تھی.... کیا ہم خاموشی سے اس

بستی میں چھاپہ نہیں مار سکتے تھے!" چوہان بولا۔

"میرا مقصد لڑائی بھڑائی نہیں ہے۔ میں شوگر بینک کا راستہ معلوم کرنا چاہتا ہوں۔!"

"راستہ معلوم کرنے کا یہ طریقہ سمجھ میں نہیں آیا۔!"

"کسی ہنگامے کے بغیر گالویدا پر قابو پانا چاہتا ہوں!"

"یہ تو تم پہلے بھی کہہ چکے ہو!"

"پھر خواہ مخواہ وقت کیوں ضائع کر رہے ہو!"

"بس دیکھتے جاؤ....!" کسی نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

تھیلما کو شاید پہلی بار اپنی حیثیت کا علم ہوا تھا لہذا وہ بھی کچھ بولنے کے لئے بے چین تھی.... جیسے ہی خاموشی ہوئی اس نے عمران کا بازو پکڑ کر کہا۔

"تو میں قیدی ہوں؟"

"نہیں.... قیدی کے بہروپ میں ہو تم.... گالویدا کو یقین ہو جائے گا کہ تم ہمارے ساتھ نہیں تھیں.... اس لئے ہم سے پیچھا چھڑا کر پہاڑیوں میں بھٹکتی پھر رہی تھیں اسی دوران میں گشتی محافظوں کے ہاتھ لگ گئیں۔"

"مجھے خوف محسوس ہو رہا ہے!"

"میں تمہاری حفاظت کی ضمانت دیتا ہوں۔ کیا یہ تمہیں مطمئن کر دینے کیلئے کافی نہیں ہے!"

تھیلما چپ ہو گئی! دراڑ میں داخل ہونے سے پہلے عمران نے کہا۔ "پہلے میں تنہا جاؤں گا۔ تم لوگ اسی طرف ٹھہرو!"

"کیوں؟" سب نے بیک وقت سوال کیا۔

"دو دن پہلے کے حالات کچھ اور تھے.... آج کچھ اور ہو سکتے ہیں۔ ان کے چار آدمی ہمارے سلسلے میں غائب ہو چکے ہیں! ہو سکتا ہے وہ ہوشیار ہو گئے ہوں۔!"

کوئی کچھ نہ بولا۔ اور عمران دراڑ میں داخل ہو گیا!

دراڑ پہلے ہی کی طرح تاریک تھی۔ لیکن عمران نے اس بار ٹارچ روشن نہیں کی اور وہ پیروں سے چلنے کی بجائے سینے کے بل رینگتا ہوا آگے بڑھ رہا تھا!

دراڑ کے دوسرے سرے تک سناٹا ہی رہا۔ دراڑ پار بھی کر لی۔ لیکن کسی طرف سے کسی قسم

کی مزاحمت نہیں ہوئی.... پھر وہ اپنے ساتھیوں کی طرف پلٹ آیا.... ابھی سورج طلوع نہیں ہوا تھا۔اس کے ساتھی بے چینی سے اس کے منتظر تھے اس کا اشارہ پاتے ہی وہ بھی اس تنگ سے درے کی طرف بڑھے۔

تھوڑی دیر بعد وہ سب اس جگہ کھڑے تھے جہاں سے گالویدا کے ساتھیوں کی بستی دکھائی دیتی تھی۔!مشرقی افق میں سرخی پھیلنے لگی تھی۔ پہاڑی حشرات اور اِکا دُکا پرندوں کی آوازیں ماحول کو پر اسرار بنائے ہوئے تھیں!عمران نے دوسری طرف جانے کے لئے وہی راستہ اختیار کیا جس سے اپنے قیدیوں سمیت چند روز پہلے دراڑ تک واپسی کا سفر کیا تھا۔

پھر وہ بستی کی طرف بڑھنے لگے۔ وہ کچھ اس طرح خاموشی سے چل رہے تھے جیسے کہ جنازے کے ساتھ ہوں۔ تھیلما کے چہرے پر سراسیمگی کے آثار تھے۔ عمران نے آہستہ سے پوچھا۔

"کیا تم ڈر رہی ہو۔!"

"تمہارے ساتھ رہ کر ڈرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔" وہ زبردستی ہنس کر بولی۔

"ہاں.... بالکل تشویش نہ کرو.... ہم پوری طرح حفاظت کریں گے۔"

"میری طرف سے مطمئن رہو۔!"

وہ بستی کے قریب جا پہنچے۔ سورج نے مشرق سے کسی قدر سر اُبھارا تھا اور بھیگی بھیگی سی سرخی مائل شعاعیں پہاڑیوں کی چوٹیوں پر کپکپا رہی تھیں۔!

بستی سنسان پڑی تھی.... ایسا لگتا تھا جیسے سارے جھونپڑے بالکل ویران ہوں۔

عمران چیخ چیخ کر مقامی زبان میں کچھ کہنے لگا لیکن کہیں سے کسی قسم کی کوئی آواز نہ آئی....!

"میں تو خطرہ محسوس کر رہا ہوں۔" چوہان نے آہستہ سے کہا۔

"آثار اچھے نہیں۔!" صفدر سر ہلا کر بولا۔

اور آثار سچ مچ ان کے حق میں نہ نکلے وہ سارے ہی جھونپڑے خالی تھے ایک متنفس بھی کہیں نظر نہ آیا.... ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ مہینوں سے ویران پڑے ہوں....!

"میرا خیال ہے کہ چوٹ ہو گئی....!" عمران بڑبڑایا۔

"وہ اگر غائب نہ ہو جاتے تو میں سمجھتا کہ بالکل گدھے ہیں!" چوہان ناخوشگوار لہجے میں بولا۔

"کیوں؟" نعمانی نے پوچھا۔

"ان کے چار آدمی غائب ہو چکے تھے۔ اس سے پہلے گالویداز خمی ہوا تھا اُسے تو ہماری طرف سے کسی بہت بڑی یلغار کا خدشہ ہونا چاہیے۔"

"میں ان کی توقعات پر پورا اترنے کا متمنی ہوں میرے دوستو!" عمران مسکرا کر بولا۔

"کیا مطلب؟"

"وہ ان چٹانوں میں کہیں آس پاس ہی پوشیدہ ہوں گے۔ مناسب یہی ہے کہ ہم جھونپڑوں میں ڈیرہ ڈال کر ناشتے کی تیاری کریں۔"

"اور وہ چپ چاپ اپنی کمین گاہ سے نکل کر ہمیں چٹ کر جائیں!" چوہان کا لہجہ تلخ تھا۔

صفدر کچھ نہ بولا۔ شاید وہ الجھنا نہیں چاہتا تھا۔ پھر انہوں نے ان خالی جھونپڑوں پر قبضہ جمالیا۔

عمران کے چہرے پر فکر مندی کے آثار تھے.... دفعتاً اس نے اشارے سے صفدر کو اپنے قریب بلا کر آہستہ سے کہا "کیا تم تنویر کے بارے میں کچھ نہیں سوچ رہے۔؟"

"مجھے حیرت ہے۔"

"اسے اپنے ہوٹل میں ضرور موجود ہونا چاہیے تھا اگر وہ نہیں ساتھ آنا چاہتا تھا تب بھی۔!"

"ہمیں ہوشیار رہنا چاہیے۔!"

"وہ چاروں بندوقیں تیار رکھو۔ ان میں کافی راؤنڈ موجود ہیں!"

"میں نے انہیں پوری طرح سمجھ لیا ہے۔ چوہان، خاور، صدیقی اور نعمانی کو ان کا استعمال بھی سمجھا دیا ہے۔!"

"میں سوچ رہا ہوں کہ آج چاروں کو باہر مختلف مقامات پر ان بندوقوں سمیت چھپا دیا جائے اور ہم لوگ یہیں ٹھہریں۔"

"تجویز معقول ہے۔!"

یہ تجویز ان چاروں کو بھی پسند آئی.... وہ جلد ہی آس پاس کی چٹانوں میں چھپا دیئے گئے۔

عمران، صفدر اور تھیلما ایک جھونپڑے میں آ بیٹھے۔!

سورج پوری طرح طلوع ہو چکا تھا اور چاروں طرف سنہری دھوپ پھیل گئی تھی۔

میرا خیال ہے کہ ہم واقعی پھنس گئے ہیں!" عمران کچھ دیر بعد بولا۔ اُس کے اس خیال کے بارے میں کسی نے کوئی رائے ظاہر نہ کی۔

جولیا کو پھر نیند نہیں آئی تھی.... اُسے علم تھا کہ تنویر غائب ہو گیا۔ یہی چیز تشویش کا باعث تھی۔ وہ اس کی شر پسند طبیعت سے اچھی طرح واقف ہونے کی بنا پر سوچ رہی تھی کہ کہیں وہ عمران کے لئے کوئی نئی دشواری نہ پیدا کر دے۔

سلیپنگ گاؤن کی ڈوری کستی ہوئی وہ کھڑکی کے قریب آ کھڑی ہوئی۔ کمپاؤنڈ کی سلاخوں سے پھاٹک یہاں سے صاف نظر آ رہا تھا.... اس نے دیکھا کہ کوئی سلاخوں سے ٹیک لگائے زمین پر بیٹھا ہوا ہے۔ ہر چند کہ وہ باہر ہی کے رخ پر تھا لیکن پھر بھی جولیا پھاٹک تک جا کر اسے قریب سے دیکھنے کی خواہش نہ دبا سکی۔! وہ اوور کوٹ اور فلٹ ہیٹ پہنے ہوئے تھا۔

دروازہ کھول کر بیرونی برآمدے میں آئی۔ گیٹ تک آ پہنچی لیکن اس آدمی نے مڑ کر اس کی طرف نہیں دیکھا۔ حالانکہ اس کے ٹاپ ہیل جوتے خاصی آواز سے روش پر بجتے رہے تھے۔ وہ ذیلی کھڑکی کھول کر باہر نکل آئی۔

"تنویر....!" اس کی زبان سے بے ساختہ نکلا.... لیکن تنویر کی پوزیشن میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی پھیلی ہوئی آنکھوں سے اُسے دیکھتا ہوا لایعنی انداز میں پلکیں جھپکاتا رہا اس نے اپنی جگہ سے جنبش بھی نہ کی تھی۔

"کیا تم نشے میں ہو۔" جولیا نے بُرا سا منہ بنا کر پوچھا۔

تنویر اپنے سر کو منفی جنبش دے کر اسے پہلے ہی کے سے انداز میں دیکھتا رہا۔

"اٹھو....!" وہ جھلا کر بولی۔

"میرے.... پیروں.... میں سکت.... نہیں ہے!" وہ نحیف آواز میں رک رک کر بولا۔

"کیوں کیا ہوا ہے تمہیں؟"

"وہ.... وہ.... مجھے.... یہاں بٹھا.... گئے ہیں۔!"

"کون؟.... وہ کون؟"

"تت.... تھریسیا.... کے آدمی....!"

"اوہ.....!" جولیا اچھل پڑی.... اس کی آنکھوں میں سراسیمگی کے آثار تھے۔

"کیا وہ تمہیں پکڑ لے گئے تھے!"

"ہاں" اس نے اس طرح کہا جیسے کسی پٹے ہوئے بچے نے پرسش احوال پر سسکی لی ہو۔

"انہوں... انہوں نے مجھ سے... گالویدا... اور عمران کے بارے میں .... معلوم کر لیا۔!"

"کیا....؟" وہ بوکھلا کر کئی قدم پیچھے ہٹ گئی لیکن تنویر کا چہرہ بالکل سپاٹ تھا! پہلے ہی کی طرح پلکیں جھپکاتا رہا۔

اس اطلاع پر جولیا چکرا کر رہ گئی تھی کہیں وہ راستے ہی میں نہ گھیر لئے گئے ہوں۔!

"تم کب ان کے ہاتھ لگے تھے؟"

"یہاں سے نکلتے ہی۔!"

"اس کے فوراً بعد ہی تم نے سب کچھ بتا دیا تھا۔"

"آدھے گھنٹے کے اندر اندر۔!"

"تمہیں شرم نہیں آتی اس ڈھٹائی سے اس کے بارے میں بتاتے ہوئے"۔

"ٹھہرو.... ذرا.... دیر.... ٹھہر جاؤ.... اب میں کسی قدر.... توانائی محسوس کر رہا ہوں.... شاید کچھ دیر بعد اپنے.... پیروں.... پر کھڑا بھی ہو سکوں سب کچھ بتا دوں گا۔"

جولیا پھر خاموش ہو کر اس کی طرف دیکھنے لگی۔

کچھ دیر بعد تنویر نے ایک طرف مڑ کر پھاٹک کی سلاخیں تھامیں، اور اٹھنے کی کوشش کرنے لگا۔ جولیا نے آگے بڑھ کر اُسے سہارا دینے کی کوشش کی۔ بدقت تمام وہ اٹھ سکا.... اس کے پیر کانپ رہے تھے.... جولیا نے اسے ذیلی کھڑکی سے گزارنا چاہا۔

"میرا سارا جسم اکڑ کر رہ گیا ہے.... میں دوبارہ نہ جھک سکوں گا!"

"اچھا ٹھہرو میں پھاٹک کھولتی ہوں۔!"

وہ اسے اندر لائی تھی اور تھوڑی دیر بعد تنویر اسے اپنی کہانی سنا رہا تھا۔

"تو وہ خود تھریسیا تھی! تمہیں یقین ہے!" جولیا نے بھرائی ہوئی آواز میں پوچھا۔

"مجھے یقین ہے وہ تھریسیا ہی تھی۔!"

جولیا کی الجھن بڑھ گئی۔ وہ سوچ رہی تھی کہ وہ لوگ یقینی طور پر گھیر لئے گئے ہوں گے!۔

"کیا تم ان جگہوں کی نشان دہی کر سکو گے جہاں جہاں کا ذکر عمران نے کیا تھا؟"

"نہیں.... میں تو ساتھ نہیں تھا ان کے۔"

"یہ بہت بُرا ہوا تنویر.... بہت بُرا....!"

"میں کیا کروں.... وہ انجکشن.... اس نے تو فوری طور پر میری شخصیت ہی بدل کر رکھ دی تھی....! ورنہ وہ میری کھال بھی اتار دیتے تو کچھ نہ بتاتا۔ عمران سے مجھے ذاتی طور پر پرخاش ہو سکتی ہے.... لیکن یہ معاملہ ذاتی تو تھا نہیں۔!"

جولیا کچھ نہ بولی.... اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اسے کیا کرنا چاہئے۔

"وہ مجھے فضول سمجھ کر یہاں ڈال گئے۔!"

"کیوں فضول.... کیوں؟"

"فضول اسی لئے کہ عمران کو بروقت اس کی اطلاع نہ دے سکوں گا... مجھے نہیں معلوم کہ وہ لوگ کس سمت گئے ہوں گے اور خود میرے اعصاب میں بھی اتنی سکت نہیں کہ خود دوڑ دھوپ کر سکوں گا۔ انہوں نے مجھ سے سب کچھ پوچھ لیا تھا۔"

"تم اس عمارت کی نشان دہی کر سکو گے۔!"

"بالکل کر سکوں گا ریڈ کراس روڈ پر ہے۔ پھاٹک کے ستونوں پر شیر کے سر بنے ہوئے تھے۔!"

"تم تو کہہ رہے تھے کہ عمارت تاریک تھی۔ پھر تم نے شیر کے سر کیسے دیکھ لئے....!"

"پھاٹک کے ستونوں کی بات کر رہا ہوں۔ سڑک پر روشنی تھی۔"

"پھر اب ہمیں کیا کرنا چاہئے"۔

"ہم کر ہی کیا سکتے ہیں.... میرے اور تمہارے علاوہ اور کون ہے یہاں.... ایکس ٹو نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ اس کیس کا انچارج عمران ہے۔ مجھے کسی معاملے میں ڈسٹرب نہ کیا جائے۔!"

"لیکن پھر بھی اطلاع تو دینی ہی پڑے گی۔!"

"تم جانو....!"

"کیا تم باز پرس سے بچ جاؤ گے؟" جولیا آنکھیں نکال کر بولی۔

"کیا کر سکتا ہوں.... مجھے ہوش نہیں تھا... وہ انجکشن.... اوہ ختم بھی کرو.... میں بھوکا ہوں.... کچھ کھلا دو.... اس کے بعد مر جانا بھی مجھے گوارا ہوگا۔!"

"ہوں.... اچھا ٹھہرو.... دیکھتی ہوں....!" وہ اسے ڈرائینگ روم میں چھوڑ کر کچن کی طرف چلی آئی۔

سوچ رہی تھی کہ کیا ظفر کو اس معاملے میں شریک کر لیا جائے۔ کچھ تو کرنا ہی چاہیئے۔ یقیناً عمران اس پر کسی حد تک اعتماد کرتا ہے۔

اس نے فریج سے کولڈ بیف نکالا اور اس کے ٹکڑے کاٹ کر فرائنگ پان میں تلنے لگی.... کچھ انڈے بھی توڑے.... کیتلی ہیٹر پر رکھ دی۔ اس وقت یہ سب کچھ کرتے ہوئے اُسے بے حد کھل رہا تھا... لیکن کیا کرتی۔ تنویر کی حالت ابتر تھی... وہ سچ مچ اس وقت رحم کا مستحق تھا۔ ناشتے کے بعد تنویر پر غنودگی سی طاری ہونے لگی.... اور وہ کرسی پر ہی بیٹھے بیٹھے گہری نیند سو گیا۔

جولیا اٹھی اور تیزی سے لباس تبدیل کرنے لگی۔ تنویر کے لئے کھانے کی میز پر ایک تحریر چھوڑ کر باہر نکل آئی! اور مکان کو مقفل کر دیا۔ کچھ دیر بعد اس کی کار ظفر کی قیام گاہ کی طرف جا رہی تھی۔

ظفر کی صبح کچھ زیادہ خوشگوار نہیں تھی۔! پچھلی رات سونا نصیب نہیں ہوا تھا.... بہت سویرے اٹھنے کی عادت تھی.... لہذا بستر چھوڑ ہی دینا پڑا۔

بدن ٹوٹ رہا تھا اور لمبی لمبی جمائیاں آ رہی تھیں.... وہ سوچ رہا تھا کہ دن کیسے گزرے گا.... دن میں تو نیند آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا.... کیونکہ اپنے ہوش میں تو کبھی دن میں سونے کا اتفاق نہیں ہوا تھا۔ ناشتے کے بعد وہ باغیچے میں کیاریوں کی درستگی کرنے لگا... کچھ تو چاہیئے وقت گزارنے کے لئے....!

پھر زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ جولیا کی گاڑی کمپاؤنڈ میں داخل ہوئی اور وہ خوشی کے مارے اچھل پڑا۔ لیکن جولیا کے چہرے پر تازگی نہ دیکھ کر دل دھڑکنے لگا.... اُسے یاد آ گیا کہ اس نے اس سے عمران کے سلسلے میں بہت سی غلط بیانیاں کی تھیں ہو سکتا ہے عمران سے تذکرہ آیا ہو اور

اس نے اپنی عادت کے مطابق کچھ اُلٹی سیدھی سنائی ہوں۔

وہ مجرموں کی طرح دم سادھے کھڑا رہا تھا کہ جولیا خود چل کر اس کے قریب آئی....!

"صبح بخیر ماموزیل....!" اس نے تھکی تھکی سی آواز میں اسے خوش آمدید کہا۔

"ہم ایک بڑی پریشانی سے دوچار ہیں ظفر....!" جولیا بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔

"کہئے.... ماموزیل.... میرے لائق کوئی خدمت!"

"وقت زیادہ نہیں ہے.... ہو سکتا ہے.... ہمیں پہاڑوں اور دشوار گزار راستوں پر بھی چلنا پڑے۔ اس لئے جو کچھ ضروری سمجھو اپنے ساتھ لے لو مکان فی الحال مقفل کر دو۔!"

"کیا موسیو عمران کا حکم ہے ماموزیل۔!"

"نہیں ایک وقتی ضرورت کے تحت ایسا کیا جا رہا ہے!"

"کون کر رہا ہے؟"

"میں کر رہی ہوں!"

"لیکن ماموزیل.... موسیو عمران کا حکم اس کے خلاف ہے۔ ان کی اجازت کے بغیر میں اس عمارت کی حدود سے باہر قدم نہیں نکال سکتا۔"

"لیکن خود عمران کی زندگی خطرے میں ہے.... وہ سب پھنس گئے ہیں تنویر وقتی طور پر مفلوج ہو گیا ہے.... تم جلدی کرو.... راستے میں سب کچھ بتادوں گی۔!"

"موسیو عمران کی زندگی خطرے میں ہے.... تب تو مجھے سوچنا پڑے گا۔"

"سوچنے کا وقت نہیں ہے ظفر.... جلدی کرو....!"

"اچھی بات ہے.... ماموزیل....!" ظفر نے طویل سانس لی۔

کچھ دیر بعد جولیا کی گاڑی پھر ظفر کے مکان کی کمپاؤنڈ سے باہر نکل رہی تھی لیکن اُسے ظفر ڈرائیو کر رہا تھا.... جولیا اس کے برابر بیٹھی ہوئی تھی۔

"ماموزیل کچھ تو بتائیے.... میں سخت الجھن میں ہوں۔" ظفر نے کچھ دیر بعد کہا۔

"تم میوری کے توسط سے عمران تک پہنچے ہو! کیا عمران نے اپنی موجودہ مصروفیات کے بارے میں تمہیں کچھ نہیں بتایا....!"

"شاید کسی حد تک میں واقف ہوں.... کوئی عورت اغوا کر لی گئی تھی.... جہاں رکھا تھا

اس جگہ کا نام شوگر بینک تھا شاید .... پھر وہ انہیں سردار گڈھ پہنچا گئی تھی۔ لیکن وہ شوگر بینک کے راستے سے لاعلم رہے تھے۔ لہذا اب پھر انہیں اس کی تلاش ہے میوری شاید اس سلسلے میں ان کی مدد کرنا چاہتا ہے"۔

"وہ مر چکا ہے۔!"

"نہیں....!" ظفر کے لہجے میں حیرت تھی۔

"ہاں....! کسی نے اسے زہر دے دیا۔" جولیا بولی اور اس کہانی سے جس حد تک واقف تھی ظفر کو بھی آگاہ کرتی ہوئی بولی۔ "تنویر بالکل بے بس ہو رہا ہے.... میری سمجھ میں نہیں آتا میں کیا کروں؟"

"یہ تھریسیا کیا بلا ہے!"

"ٹی... تھری... بی... تھریسیا بمبل بی آف بوہیمیا.. کیا تم نے یہ نام یورپ میں نہیں سُنا۔"

ظفر ہنس پڑا.... پھر بولا۔ "آپ لوگوں کو وہم ہوا ہے شاید! ارے ٹی تھری.... بی کو تو بس ایک اساطیری کردار سمجھئے۔ خانہ بدوشوں کے ایک قبیلے میں کئی سو سال پہلے سے یہ روایتی نام چلا آ رہا ہے.... ہر سردار الفانسے کہلاتا ہے اور سردار کی بیوی تھریسیا بمبل بی آف بوہیمیا کہلاتی ہے۔ یہ پورا قبیلہ ٹھگوں اور رہزنوں پر مشتمل ہے۔!"

"تم نہیں سمجھ سکتے۔ عام آدمی تو تصور بھی نہیں کر سکتا ان معاملات کا.... تھریسیا انتہائی ذہین اور ترقی یافتہ لوگوں پر حکومت کرتی ہے۔!"

"ہو سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے۔!" ظفر اس طرح بولا جیسے اس کا دل رکھنے کے لئے اس بات کی تردید نہ کرنا چاہتا ہو۔!

بہر حال جولیا طویل سانس لے کر بولی۔ "تم اس سلسلے میں کیا کر سکتے ہو؟"

"موسیو عمران کے لئے میں اپنی جان تک دے سکتا ہوں.... میرے محسن ہیں۔!"

"تو پھر میرا ساتھ دو.... میں اس کی تلاش میں جاؤں گی!"

"میں آپ کے ساتھ ہوں ماموزیل۔"

جولیا کی ہدایت پر اس نے کار کی رفتار بڑھا دی۔ جولیا جلد سے جلد گھر پہنچ کر کوئی ٹھوس پلان بنانا چاہتی تھی!

عمارت کی کمپاؤنڈ میں داخل ہوتے ہی دل بلیوں اُچھلنے لگا کیونکہ وہاں وہی جیپ کھڑی نظر آئی جس میں عمران اور اس کے ساتھی اس مہم پر روانہ ہوئے تھے۔ جیپ کے پاس ایک فوجی افسر کھڑا تھا۔

"آپ۔!" وہ جولیا کی طرف بڑھتا ہوا نرم لہجے میں بولا۔ "مس جولیانافٹنر واٹر ہیں۔!"

"مسٹر عمران نے آپ کو ساتھیوں سمیت طلب کیا ہے! وہ زخمی ہوگئے ہیں دوسری طرف کے اسمگلرز سے مڈبھیڑ ہوگئی تھی۔!"

"آپ کون ہیں۔؟"

"مجھے توصیف کہتے ہیں! میجر توصیف.... سرحدی محافظوں میں سے ایک.... مسٹر عمران اور ان کے ساتھی ہماری چوکی پر ہیں۔!"

"خدا کا شکر ہے.... ہم چلیں گے.... کیا وہ بہت زخمی ہے؟"

"نہیں معمولی سا زخم ہے۔ البتہ ان کے دو ساتھیوں کی حالت ناقابلِ اطمینان ہے۔!"

جولیا قفل کھول کر اندر آئی۔ تنویر اب بھی اسی طرح کرسی پر بیٹھا گہری نیند کے مزے لے رہا تھا...! ظفر نے اسے پر تشویش نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "آثار اچھے نہیں ہیں مجھے تو یہ بھی بے ہوش ہی معلوم ہوتا ہے....!"

میجر توصیف کو وہ ڈرائینگ روم میں بٹھا آئے تھے....!

تنویر کو جگانے کی کوشش کامیاب ہوگئی تھی۔ وہ اسی طرح جاگا تھا جیسے اس کے کانوں کے قریب زبردست قسم کا دھماکہ ہوا ہو! جولیا نے جلدی جلدی اسے عمران کا پیغام سناتے ہوئے کہا۔ "ہمیں فوراً چلنا ہے!"

"میں تیار ہوں....!" تنویر کا لہجہ بے حد پُر خلوص تھا۔!

سفر بڑی تیز رفتاری سے طے ہوا تھا! میجر توصیف خود ہی جیپ کو ڈرائیو کر رہا تھا اور اس جگہ تک لایا تھا جہاں سے انہیں سفر کا بقیہ حصہ پیدل طے کرنا تھا۔

وہ اس وقت ایک اونچی جگہ پر کھڑے تھے۔ میجر توصیف نے نشیب میں اشارہ کر کے کہا۔

"وہ دیکھئے.... وہ رہی ہماری چوکی.... اس جھونپڑے میں چلے جایئے گا جس پر جھنڈا لہرا رہا ہے۔ آپ کے آدمی وہیں ہیں۔"

"آپ نہیں چلیں گے ساتھ!" جولیا نے پوچھا۔

"کوئی ضرورت نہیں.... اگر کوئی ٹوکے تو میجر توصیف کا نام لے لیجئے گا!" مجھے قریب کی دوسری چوکی کا معائنہ کرنا ہے.... اچھا خدا حافظ....!"

وہ اسی جیپ پر واپس چلا گیا۔

"موسیو ادھر آیئے... میرے سہارے نیچے اتریئے! ظفر نے اپنا بازو پیش کرتے ہوئے کہا۔

"تھینکس مائی بوائے....!" تنویر بے حد خوش اخلاق ہو رہا تھا۔ اس وقت.... اس کے لہجے میں ظفر کے لئے شفقت پدری قسم کی کوئی چیز تھی۔! وہ آہستہ آہستہ نشیب میں اترنے لگے.... کبھی کبھی جولیا بھی تنویر کو سہارا دیتی تنویر کے قدم لڑکھڑا رہے تھے۔

کچھ دیر بعد وہ کسی قدر مسطح زمین پر پہنچ گئے! جھونپڑوں کا فاصلہ یہاں سے زیادہ نہیں تھا۔ جولیا جلد از جلد اس جھونپڑے میں پہنچ جانا چاہتی تھی جس پر جھنڈا لہرا رہا تھا۔

لیکن جھنڈے پر قریب سے نظر پڑتے ہی وہ ٹھٹک گئی! یہ اپنے ملک کا جھنڈا تو نہیں تھا....!

بہر حال وہ آگے بڑھے... دفعتاً اسی جھونپڑے سے ایک مسلح آدمی برآمد ہو کر ان کی طرف جھپٹا اور قریب پہنچ کر ایک جھٹکے کے ساتھ اس طرح رک گیا جیسے اس کا یہ فعل میکانکی رہا ہو۔!

وہ بھی رُک گئے تھے اور مسلح محافظ کو گھورے جا رہے تھے! وہ پڑوسی ہی ملک کا کوئی باشندہ تھا۔

دفعتاً جولیا نے مڑ کر تنویر سے کہا۔ "لیکن ارے یہ ہم کہاں آ گئے.... یہ تو.... یہ تو....!"

آنے والے نے خشک لہجے میں کہا۔ "لیکن جناب نے زحمت کیوں فرمائی۔"

"میرے، خدا....!" جولیا اچھل پڑی۔

یہ مسلح محافظ عمران کے علاوہ اور کوئی نہیں ہو سکتا تھا۔

"عمران۔!" وہ ہذیانی انداز میں چیخ کر اس کی طرف جھپٹی۔

"تم یہاں کیوں آئی ہو۔!" وہ دانت پیس کر بولا۔

یک بیک جولیا جھنجھلا گئی۔

"تم ہوش میں ہو یا نہیں.... ہمیں میجر توصیف لایا ہے!"

"میجر توصیف.... کون میجر توصیف؟"

"کیا تم زخمی نہیں ہو؟"

"فضول باتیں نہ کرو.... میں نے پوچھا تھا کون میجر توصیف؟"

"میں نہیں جانتی! وہ تمہاری جیپ لے کر وہاں پہنچا تھا اور ہمیں یہاں لے آیا.... اس نے کہا تھا کہ اسمگلروں کی لڑائی میں تم زخمی ہو گئے ہو اور دو ساتھیوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے!"

"کیا وہ میری جیپ تھی؟"

"ہاں تمہاری۔!"

"تب تو.... تب تو سب کچھ چوپٹ ہو گیا۔ ہم گھیر لئے گئے ہیں۔!"

"کیا مطلب؟"

"اب وقت ضائع نہ کرو۔!" دفعتاً تنویر بولا۔ "وہی ہوا جس کا خدشہ تھا۔"

"کیا ہوا.... کیسا خدشہ؟" عمران نے اُس پر گھورتی ہوئی سی نظر ڈالی۔

"تم نہیں جانتے.... یہ سب کچھ میری وجہ سے ہوا ہے!"

"اندر چلو....!" عمران نے اُسے جھونپڑے کی طرف دھکا دیا اور ظفر کو گھورنے لگا۔

"میں بے قصور ہوں۔ مجھ سے ماموزیل نے درخواست کی تھی کہ میں ان کا ساتھ دوں۔!"

"آپ سے تو میں سمجھوں گا.... اندر تشریف لے چلئے۔"

ظفر بڑے مودبانہ انداز میں جھونپڑے کی طرف مڑ گیا!

"پچھلی رات تنویر.... تھریسیا کے ہتھے چڑھ گیا تھا!" جولیا نے کہا۔

"کیا....؟"

"تھریسیا اسے لے گئی تھی اپنے ساتھ اور ہم اِدھر اُدھر تلاش کرتے رہے تھے۔!"

"پوری بات بتاؤ۔!"

جولیا نے مختصراً تنویر کی کہانی دہرائی۔

"ہم پوری طرح جال میں پھنس گئے ہیں!" عمران بڑبڑایا۔ "میری جیپ ان کے قبضے میں ہونے کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اپنے قیدی بھی چھڑا لئے....!"

"مجھے بتاؤ کیا بات ہے! کیا یہ سب جھوٹ تھا اور میجر توصیف!"

"وہ فراڈ تھا.... تم بھی اندر جاؤ.... میں ان چاروں کی خبر لوں۔!"

جولیا مزید کچھ کہے بغیر جھونپڑے میں چلی گئی۔

اور عمران ان پوائنٹس کی طرف جھپٹا جہاں اپنے چاروں ماتحتوں کو چھپایا تھا۔ پہلے ہی پوائنٹ پر ناکامی ہوئی۔ چوہان وہاں نہیں تھا۔ دوسرے پر خاور بھی نہ ملا۔ اسی طرح صدیقی اور نعمانی کا بھی پتہ نہ چلا کہ زمین نگل گئی تھی یا فضا میں تحلیل ہو گئے تھے!

ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہوئے عمران کو محسوس ہو رہا تھا جیسے کوئی آس پاس کی چٹانوں کی اوٹ لیتا ہوا اس کی نگرانی کر رہا ہو۔ اپنے شبہے کو مزید تقویت دینے کے لئے اس نے ایسی حرکتیں شروع کیں کہ تعاقب کرنے والے کو دیکھ سکے۔

ایک جگہ پوری طرح یقین ہو گیا کہ کوئی اس کی تاک میں ہے! گویا ایک ایک کر کے ان سبھوں کو غائب کر دینے کی اسکیم تھی۔ عمران پر حملہ کر دینے کا موقع ابھی تک نہیں ملا تھا۔ اس لئے اس کی نگرانی جاری تھی۔

ایک جگہ اسے پھر اس آدمی کی جھلک دکھائی دی! وہ ایک بڑے پتھر کی اوٹ سے دوسرے کی اوٹ میں چلا گیا تھا۔ اس بار عمران آگے جانے کی بجائے اس پتھر پر چڑھنے لگا.... بالکل چھپکلیوں کے سے انداز میں پتھر سے چپکا ہوا اوپر کی طرف کھسکتا جا رہا تھا۔ اوپر پہنچنے میں زیادہ دیر نہ لگی۔ تعاقب کرنے والا نیچے اب بھی اسی پتھر کی اوٹ میں دبکا ہوا تھا۔

دفعتاً عمران نے اوپر سے اس پر چھلانگ لگائی اور دبوچ بیٹھا۔ اس کا ایک ہاتھ تعاقب کرنے والے کے منہ پر سختی سے جم گیا تھا تاکہ وہ شور نہ مچا سکے اور دوسرے ہاتھ سے اس کا گلا گھونٹ رہا تھا۔

چھوٹ نکلنے کے لئے کی جانے والی جدوجہد عمران کو ناکام بنا دیتی اگر اس نے حریف کو ٹانگوں میں نہ جکڑ لیا ہوتا۔ آہستہ آہستہ مقابل کا جوش و خروش کم ہوتا گیا.... پھر سانس تک رک گئی۔

ذرا ہی سی دیر میں وہ ٹھنڈا ہو چکا تھا۔ پھر عمران نے بڑی تیزی سے اس کی جامہ تلاشی لے ڈالی۔ اس کے پاس سے کچھ نہ نکلا سوائے الیکٹروگس کے۔

مرنے والا سفید فام غیر ملکی تھا.... عمران نے اس کی لاش پتھروں کے ایک ڈھیر میں اس طرح چھپا دی کہ خاص طور پر تلاش کئے جانے ہی پر کسی کو دستیاب ہو سکتی!

اب وہ بہت زیادہ احتیاط سے کام لے رہا تھا.... کسی معاملے کا ایک نکتہ بھی زیرِ غور لائے بغیر نہیں چھوڑنا چاہتا تھا۔ بہت بڑی چوٹ ہوئی تھی۔ تنویر کی غفلت کی بنائ پر۔

الیکٹروگس کو جیب میں ڈال کر وہ پھر جھونپڑیوں کی طرف چل پڑا اور پھر جب وہ جھونپڑے میں داخل ہوا تو کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ وہ کسی کا گلا گھونٹ کر آیا ہے....!

تنویر دونوں ہاتھوں سے منہ چھپائے اسٹول پر بیٹھا ہوا تھا۔ صفدر، جولیا اور ظفر اس کے گرد اس طرح کھڑے تھے جیسے کچھ دیر پہلے اسے دلاسا دیتے رہے ہوں۔

"تھیلما کو یہاں لاؤ....!" اس نے صفدر سے کہا۔ اور صفدر باہر چلا گیا۔

جولیا کے انداز سے لگتا تھا جیسے وہ کچھ کہنا چاہتی ہو۔ لیکن عمران اس کی طرف متوجہ نہ ہوا۔

کچھ دیر بعد صفدر تھیلما کو وہاں لایا.... اس کے دونوں ہاتھ پشت پر بندھے ہوئے تھے!

"اب اس سوانگ کی کوئی ضرورت نہیں رہی۔ اس کے ہاتھ کھول دو....!" عمران بولا۔

"کیوں.... کیا ہوا؟" تھیلما نے مضطربانہ انداز میں پوچھا۔

"کوئی خاص بات نہیں.... اسکیم بدل گئی ہے!"

پھر صفدر کو اپنے ساتھ آنے کا اشارہ کر کے جھونپڑے سے باہر آگیا۔

"ان لوگوں کی کہانی تو تم سُن ہی چکے ہوں گے!" اس نے کہا۔

"جی ہاں.... اب ہمیں چوہان وغیرہ کو بھی یہیں بلا لینا چاہئے۔"

"بہت دیر ہو گئی!"

"کیا مطلب؟" صفدر چونک پڑا۔

"وہ اپنی جگہوں پر موجود نہیں ہیں۔"

"وہ.... اُوہ....!"

"وہ لوگ اپنے قیدی بھی چھڑا لے گئے ورنہ ہماری جیپ ان کے ہاتھ کیسے لگتی۔ تھریسیا پوری طرح باخبر تھی! خیر ختم کرو.... تنویر بہت شرمندہ ہے اس کی دلجوئی کرو.... اور خود پر ہراس نہ طاری ہونے دو.... تم اندر جاؤ اور ظفر کو میرے پاس بھیج دو!"

"چوہان.... وغیرہ....!"

"وہ بچے نہیں ہیں.... بس جاؤ!"

صفدر چپ چاپ چلا گیا.. عمران باہر ہی کھڑا رہا۔ ظفر مردہ سی چال چلتا اس کے پاس آیا تھا۔

"کیوں؟ تم کیوں یتیم یتیم سے نظر آرہے ہو؟"

"جب باپ خفا ہو جائے تو سعادت مند بچے یتیم یتیم ہی سے لگنے لگتے ہیں موسیو!"

"میں چاہتا ہوں کہ تم اپنی غلطی سے آگاہ ہو جاؤ.... میں نے تم سے کہا تھا کہ میری عدم موجودگی میں ہمیشہ میرے میک اَپ میں رہا کرو لیکن تم اس پر کاربند نہیں رہے۔"

"میں مجبور تھا موسیو.... جولیا کو شبہ ہو گیا تھا کہ میں عمران نہیں ہوں۔ میں تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ آپ کے جاتے ہی وہ آدھمکے گی ورنہ اس سے پہلے ہی میں اپنی اصل شکل میں آجاتا۔!"

"بہر حال اب کھیل بگڑ چکا ہے وہ لوگ ہمیں گھیر چکے ہیں۔ میرے چار ساتھی لاپتہ ہو گئے۔"

"لاپتہ ہو گئے؟"

"ہاں.... میں نے انہیں چار مختلف مقامات پر چھپا دیا تھا۔ وہ وہاں نہیں ملے۔!"

"یہ تو بہت بُرا ہوا موسیو!"

"خیر فکر نہ کرو.... دیکھا جائے گا.... خوش رہنے کی کوشش کرو۔"

"ہاں.... یہ ایک ہی کے امتحان کا وقت ہے۔"

"ہم باری باری سے پہرہ دیں گے.... میں ابتدا کر رہا ہوں۔ تم اندر جاؤ۔" عمران نے کہا اور ظفر بے چون و چرا جھونپڑے کی طرف مڑ گیا۔

"تو تم مستقل طور پر ان لوگوں کے ساتھ ہو!" تھیلما نے ظفر سے پوچھا۔

"ہاں ہوں تو.... لیکن تمہیں یہاں دیکھ کر متحیر بھی ہوں!"

"متحیر کیوں ہو؟"

"کیونکہ تم عہد سے پھر گئی تھیں۔ تم نے مجھے دھوکہ دیا تھا.... پھر میوری کے پاس لے جا کر پھنسایا تھا۔"

"میں مجبور تھی! میوری مر چکا ہے۔ میں آزاد ہوں.... مزید پانچ سال کے لئے بونڈ بھرا

تھا.... میں اس مدت میں اسے کیسے چھوڑ سکتی تھی۔!"

"خیر چھوڑو.... مجھے ماضی سے کوئی دل چسپی نہیں!"

"اب یہاں کے کیا حالات ہیں.... عمران نے میرے ہاتھ کیوں کھلوا دیئے؟"

"مجھے تو اس کا بھی علم نہیں کہ بندھوائے کیوں تھے؟"

تھیلما اُسے بتانے لگی.... لیکن خود ظفر نے اسے نہیں بتایا، کہ حالات نے کس طرح پلٹا کھایا ہے.... وہ پوچھتی رہی اور ظفر اس سے لاعلمی ظاہر کرتا رہا۔

ان لوگوں پر عجیب سی افسردگی طاری تھی! تنویر برسوں کا بیمار معلوم ہوتا تھا۔

صفدر نے بھی اس کا تذکرہ نہیں کیا تھا کہ چوہان وغیرہ غائب ہو چکے ہیں۔ کچھ دیر بعد عمران واپس آگیا اور اس نے صفدر سے کہا کہ اب وہ پہرے پر جائے۔

جولیا عمران کے پاس آ کھڑی ہوئی اور اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگی۔ "میری سمجھ میں نہیں آتا کہ تمہارے لئے کیا کروں۔"

قبل اس کے عمران کچھ کہتا ظفر نے مینڈولین پر ایک نغمہ چھیڑ دیا۔

"تم سب پاگل ہو گئے ہو۔" تنویر بڑبڑایا۔

تھیلما جولیا کو عجیب سی نظروں سے دیکھے جا رہی تھی! جھونپڑے میں مینڈولین کا نغمہ گونج رہا تھا۔

دفعتاً ایک عجیب سی آواز گونج اٹھی.... ظفر کے ہاتھ سے مینڈولین گر گیا تھا.... آواز عجیب بھی تھی اور دہشت ناک بھی... ایسا لگا تھا جیسے زیرِ زمین دھماکے نے انہیں ہلا کر رکھ دیا ہو۔

عمران تک وحشت زدہ ہو کر ایک ایک کا منہ تکنے لگا تھا۔

پھر وادی کسی انسانی آواز سے گونجی۔!

"تم شوگر بینک پہنچنا چاہتے تھے.... تمہاری خواہش پوری کی جا رہی ہے.... باہر نکل آؤ۔!"

آواز کسی عورت کی تھی۔ ایسا محسوس ہوا تھا جیسے یہ آواز چاروں سمت سے آئی ہو۔ زمین سے پھوٹی ہو اور آسمان سے برسی ہو.... ان سب کا وجود بھی جیسے اسی آواز کا ایک جزو بن کر رہ گیا ہو!

پھر سناٹا چھا گیا.... بڑی دیر تک وہ کچھ نہ بول سکے! دفعتاً عمران نے صفدر کو آواز دی.... وہ اندر آیا اس کے چہرے پر بھی وحشت زدگی کے آثار تھے۔!

"کچھ دیکھا تم نے....!" عمران نے اس سے پوچھا اور اس نے نفی میں سر ہلا دیا.... وہ اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتا ہوا دروازے ہی کی طرف متوجہ رہا۔

"یہ کس کی آواز تھی....؟" جولیا نے عمران سے پوچھا۔

"تھریسیا کی۔!" عمران نے ٹھنڈی سانس لی۔

ظفر نے پھر مینڈولین پر مضراب لگائی

"ختم کرو....!" جولیا جھنجھلا کر بولی۔

"نہیں.... ٹھیک ہے....!" عمران نے سر ہلا کر کہا۔ "اب تم مجھے کوئی اچھا سا نغمہ سناؤ۔!"

ظفر جھوم جھوم کر بجاتا رہا.... تھیلما، تنویر اور جولیا کو یہ حرکت گراں گزر رہی تھی اور صفدر اس سے قطعی بے تعلق نظر آرہا تھا۔

"کیا میں ڈیوٹی پر جاؤں۔!" اس نے عمران سے پوچھا۔

"نہیں تم بھی سنو! ظفر بہت اچھا میوزیشن ہے!"

"تمہاری اسی دیوانگی پر تو مرتی ہوں!" تھیلما عمران کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی مسکرائی۔

"نہیں تم مجھ پر زندہ رہنے کی کوشش کرو۔" عمران ظفر کی طرف دیکھتا ہوا بولا اور جولیا کینہ توز نظروں سے تھیلما کو دیکھنے لگی۔ پھر بولی۔

"یہ وقت ایسی باتوں کا تو نہیں۔"

"لیکن آدمی تختہ دار پر بھی اس سے باز نہیں آتا....!" عمران نے ٹھنڈی سانس لی.... اور ظفر نے مینڈولین پر ہاتھ روک کر کہا۔ "آپ کا فرمانا بجا ہے موسیو! میرا خیال ہے ماموزیل تھیلما بھی آپ سے محبت کرتی ہیں۔"

"جناب اگر اسی طرح خیال فرماتے رہے تو یہ خادم کسی کو منہ دکھانے کے قابل بھی نہ رہ جائے گا۔!"

اچانک پھر تھریسیا کی آواز آئی.... "میں نے کہا تھا کہ تم لوگ باہر آجاؤ۔!"

"تم خود ہی تکلیف کرو نا اندر آنے کی!" عمران نے چیخ کر کہا۔

لیکن اُسے اس کا کوئی جواب نہ ملا۔ وہ سب خاموشی سے بیٹھے رہے دو تین منٹ بعد پھر آواز آئی۔

"تم نے سنا تھا.... میں کہہ رہی ہوں باہر آجاؤ۔"

عمران اٹھ کر دروازے کی طرف بڑھا ہی تھا کہ جولیا نے اُس کا بازو پکڑ لیا۔

آواز پھر آئی۔ "تمہیں شوگر بینک چلنا ہے! میں یہ آئے دن کا قصہ ہی ختم کر دینا چاہتی ہوں.... تم سب زبردستی زیرو لینڈ کے شہری بنائے جا رہے ہو! تمہارے چاروں ساتھی اس وقت میرے قبضے میں ہیں۔ اور تم بھی اس گھاٹی سے نہیں نکل سکتے۔"

آواز کے اختتام پر ہوا کا ایک زبردست جھونکا دروازے سے در آیا اس میں تیز قسم کی کوئی ناگوار بو بھی شامل تھی۔ ان کے سر چکرا گئے۔

عمران نے سانس روکنے کی کوشش کی لیکن وہ بو اعصاب پر اس طرح حملہ آور ہوئی تھی کہ ایک پیش نہ گئی۔ دوسروں کے ساتھ ہی وہ خود بھی چکرا کر گرا اور بے ہوش ہو گیا۔

دوبارہ ہوش میں آنے کے بعد یہ اندازہ کرنا کہ بے ہوشی کتنی دیر تک طاری رہی ہو گی.... مشکل ہوتا ہے اگر عمران کی کلائی پر آٹو میٹک کیلنڈر واچ موجود نہ ہوتی تو وہ فوری طور پر نہ معلوم کر سکتا کہ اسے پورے چوبیس گھنٹے بعد ہوش آیا ہے۔!

وہ ایک آرام دہ بستر پر لیٹا ہوا تھا۔ بوکھلا کر اٹھ گیا اور جسم پر اپنا لباس نہ پا کر اور زیادہ بوکھلا گیا! وہ اس فوجی وردی کے بجائے ریشمی سلیپنگ سوٹ میں تھا۔ ایک ٹھنڈی آہ اس کے سینے سے آزاد ہوئی۔

اپنے اسلحہ کے ساتھ الیکٹرو گس بھی گیا۔ الیکٹرو گس حاصل کیا تھا اور مطمئن ہو گیا تھا کہ اگر ان لوگوں سے دوبارہ مڈبھیڑ ہوئی تو وہ کام آئے گا۔

کاش وہ تھریسیا کی آواز پر اپنے ساتھیوں کو جھونپڑے سے باہر نکال لاتا.... ممکن تھا کہ اس صورت میں اس بے دست و پائی سے دوچار نہ ہونا پڑتا۔! وہ تن بہ تقدیر ہو کر دوبارہ لیٹ گیا! کمرہ ایئر کنڈیشنڈ تھا اور اس میں آسائش کی ہر چیز موجود تھی....!

وہ تھریسیا کی دھمکی کے بارے میں سوچنے لگا۔ اس نے کہا تھا کہ اب انہیں زبردستی زیرو لینڈ کا شہری یا دوسرے لفظوں میں قیدی بنایا جائے گا تاکہ یہ روز روز کا جھگڑا ہی ختم ہو جائے۔

عمران نے پھر ایک طویل سانس لی اور دوبارہ اٹھ بیٹھا۔ بائیں جانب اسٹول پر ایک فون رکھا نظر آیا.... اس میں ڈائیل کی جگہ شیشے کی ایک چرخی لگی ہوئی تھی۔ اس کے نیچے ایک پش بٹن تھا.... عمران نے محض دیکھنے کے لئے ریسیور اٹھا کر بٹن دبایا۔ شیشے کی چرخی تیزی سے گردش

کرنے لگی! اور اس پر ایک تصویر اُبھر آئی.... ایک لڑکی کی تصویر جس کے ہاتھ میں فون کا ریسیور تھا اور ماؤتھ پیس میں کچھ کہہ رہی تھی۔!

عمران نے ریسیور کان سے لگایا۔

غالباً وہی لڑکی "ہلو ہلو" کہہ رہی تھی۔

"میں ہوش میں آگیا ہوں...." عمران نے ماؤتھ پیس میں کہا۔

"بہت بہتر ہے جناب! ہولڈ آن کیجئے!" لڑکی کی آواز آئی اور چرخی پر اس کی تصویر دھندلی ہو کر غائب ہو گئی!" پھر اسی جگہ دوسری تصویر ابھری.... تھریسیا کی تصویر جو بڑے دل آویز انداز میں مسکرائی۔

"بالآخر.... تمہیں ہوش آگیا"۔ تھریسیا کی آواز آئی۔

"کیا پھر بے ہوش ہو جاؤں؟" عمران نے احمقانہ انداز میں کہا۔ "تمہیں اگر میری ہوش مندی ناگوار خاطر ہو تو اب کے میں خود ہی کوشش کروں!"

"عمران سنجیدگی اختیار کرو.... میں آخری بار تم سے کہتی ہوں کہ میرے ہو جاؤ۔!"

"پانچ سو پچھتر عورتیں مجھ سے یہی کہتی ہیں اور میں سخت قسم کی کشمکش میں مبتلا ہو گیا ہوں۔"

"کیسی کش مکش؟"

"ان میں سے کسی کا بھی دل نہیں توڑنا چاہتا.... تم ایسا کرو کہ ایک سوئمبر رچاؤ۔ میرے لئے یا پھر میرے سات سوال ہیں.... جو عورت یہ پرچہ حل کر دے گی، اسی کا ہو جاؤں گا۔!"

"عمران۔!"

"سوال نمبر ایک.... دھونس جما کر زبردستی عشق کرنے والی عورت کو لاطینی زبان میں کیا کہتے ہیں۔؟"

"سوال نمبر دو.... بچے کم خوش حال گھرانا کس نبی کا قول ہے؟"

"سوال نمبر تین.... اگر دس بچوں کا باپ دوسری شادی کرنا چاہے تو تیسری کے امکانات کس طرح پیدا ہو سکتے ہیں؟"

"عمران....!" تھریسیا کے چہرے پر جھلاہٹ کے آثار نظر آئے!

"سوال نمبر چار.... خدا نے عورت کیوں پیدا کی.... مرد ہی میں کوئی ایسا سسٹم کیوں نہیں

رکھ دیا کہ اسے کسی سے عشق نہ کرنا پڑتا۔"

"سوال نمبر پانچ....!"

"عمران اگر تم نے بکواس بند نہ کی تو....!"

"ارے واہ.... ابھی سے.... میں سچ کہتا ہوں.... اگر کسی عورت نے ساتوں سوال حل کر دیئے تو بلا شرکت غیرے میری مالک بن جائے گی۔!"

اچھی بات ہے تو اب زندگی بھر ٹوکریاں ڈھونے کے لئے تیار ہو جاؤ.... تمہارے ساتھی مزدوری پر لگا دیئے گئے ہیں!"

"تو مجھے بھی چلتا کرو جلدی سے.... بیکار پڑے پڑے اعضاء شکنی میں مبتلا ہو گیا ہوں۔!"

"اچھی بات ہے۔" تھریسیا نے قہر آلود لہجے میں کہا اور اس کی تصویر چرخی پر سے غائب ہو گئی۔

عمران نے ریسیور کریڈل پر رکھ دیا.... دبا ہوا بٹن پھر نکل آیا.... اور چرخی رک گئی۔

پھر تھوڑی دیر بعد دروازہ کھلا اور ایک بھاری بھرکم آدمی اندر داخل ہوا۔ اس کے ہاتھ میں چمڑے کا چابک تھا۔ عمران اُسے پہلی ہی نظر میں پہچان گیا.... یہ گالویدا تھا اور اسے کسی شکاری کتے کی سی نظر سے دیکھ رہا تھا۔

"اٹھو....!" وہ چابک پھٹکار کر دھاڑا۔

"اٹھ گیا....!" عمران نے بستر چھوڑتے ہوئے کہا۔

"باہر چلو۔!"

عمران جوتا پہننے لگا۔

"نہیں.... ننگے پیر چلو....!"

"ممی یا ڈیڈی نے اس حال میں دیکھ لیا تو اپنی تربیت پر آٹھ آٹھ آنسو روئیں گے....!" عمران دروازے کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔

گالویدا اسے راستہ دینے کے لئے ایک طرف ہٹ گیا تھا۔ اس نے کہا "اگر مادام کو منظور ہوتا تو میں تمہاری ہڈیاں توڑ کر رکھ دیتا!"

"بہت بہت شکریہ مادام کا....!" عمران نے کہا اور دروازے سے نکل گیا۔!

اب وہ ایک بہت بڑے ہال میں تھا۔ یہاں متعدد آدمی مختلف قسم کی مشینوں پر جھکے ہوئے

اس طرح اپنے کام میں مستغرق تھے کہ انہوں نے سر اٹھا کر بھی اس کی طرف نہ دیکھا۔

"چلتے رہو.....!" گالویدا عقب سے غرایا۔

عمران کا اندازہ تھا کہ ہال کے اِدھر ادھر بھی کمرے ہوں گے۔ ہال سے گزر کر وہ ایک راہداری میں داخل ہوئے۔ اس راہداری کی طوالت کم از کم ایک فرلانگ ضرور رہی ہو گی۔ اس میں دونوں طرف تھوڑے تھوڑے فاصلے پر دروازے تھے۔

راہداری کا اختتام ایک دروازے پر ہوا جس سے گزر کر وہ ایسی جگہ پہنچے جس کی تعمیر میں آدمی کا ہاتھ نہیں ہو سکتا تھا۔ یہ ایک قدرتی غار کا دہانہ معلوم ہوتا تھا جس پر باہر سے ایک جھکی ہوئی چٹان سایہ کئے تھی! غار کے دہانے پر نکل کر وہ کھلے میں آ گئے! چمکیلی دھوپ چاروں طرف پھیلی ہوئی تھی! چاروں طرف نظر آنے والے پہاڑ سبزے سے ڈھکے ہوئے نظر آئے۔

اس وادی میں بے شمار آدمی مزدوری کرتے دکھائی دیئے۔ چٹانیں توڑی جا رہی تھیں اور پتھروں کے مختلف سائز کے ٹکڑے کاٹے جا رہے تھے! اور انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا رہا تھا۔

"میرے ساتھی کہاں ہیں؟" عمران نے گالویدا سے پوچھا۔

"میں نہیں جانتا.....!" گالویدا نے لاپرواہی سے جواب دیا۔

"مجھے کیا کرنا پڑے گا؟"

گالویدا نے ایک ٹوکری اس کے حوالے کر کے کہا: "روڑیوں کے اس ڈھیر کو یہاں سے دوسری جگہ منتقل کرنا ہے!"

یہ ایک بہت بڑا ڈھیر تھا جس کے پیچھے سے پتھر توڑنے کی آوازیں آ رہی تھیں۔ لیکن توڑنے والے دکھائی نہیں دیتے تھے۔

کئی عورتیں ہتھوڑوں سے پتھر توڑتی نظر آئیں۔ جن میں جولیا اور تھیلما بھی تھیں۔

دونوں ہی عمران کو دیکھ کر اس کی طرف جھپٹیں۔

"یہ ہم کہاں پہنچ گئے۔!" دونوں نے بیک وقت پوچھا۔

"ابھی تک نہیں معلوم ہو سکا.... محبت میں پتھر توڑتی جاؤ.... تم دونوں۔!"

"اور لوگ کہاں ہیں!" جولیا نے پوچھا۔

''کچھ پتہ نہیں.... اپنا کام کرو..!'' عمران نے کہا اور جھک کر ٹوکری میں روڑیاں بھرنے لگا۔

اسی طرح شام ہو گئی! اور کام روک دیا گیا۔ ایک طویل قامت بدیسی عورت ہاتھ میں چمڑے کا چابک لئے ہوئے آئی اور ساری عورتوں کو ایک طرف ہانک لے گئی!۔

گالویدا عمران کے قریب کھڑا تھا۔

وہ اس کو اسی غار کے دہانے کی طرف لے چلا جہاں سے لایا تھا۔

دہانے سے وہ راہداری میں داخل ہوئے اور تھوڑی ہی دور چل کر ایک جانب کے دروازے پر گالویدا رک گیا۔ عمران کو بھی رُک جانا پڑا۔ گالویدا نے دروازہ کھول کر عمران سے اندر جانے کو کہا۔

''لیکن میں تو وہاں تھا....!'' عمران بولا۔

''اب یہاں رہو گے....!'' گالویدا غرایا۔

عمران اندر چلا گیا.... اور دروازہ اس کی پشت پر بند ہو گیا۔

یہ ایک چھوٹا سا کمرہ تھا۔ لیکن یہاں تعیش کا وہ سامان نظر نہ آیا، جو اس سے پہلے والے کمرے میں تھا.... یہاں ایک طرف فرش پر ایک کمبل پڑا ہوا تھا.... اور چھوٹی سی تپائی پر پانی کا گلاس اور جگ رکھے ہوئے تھے۔

دیوار پر ایک جگہ واش بیسن لگا ہوا تھا.... اور بس.... بائیں جانب کی دیوار پر ایک کھڑکی بھی نظر آئی جو بند تھی.... قریب پہنچ کر عمران نے اس کا بولٹ گرایا اور وہ کھل گئی! چوکھٹ سلاخوں دار تھی۔! دوسری طرف کے کمرے میں کوئی سر جھکائے فرش پر بیٹھا تھا....! کھڑکی کھلنے کی آواز پر اس طرف متوجہ ہو گیا۔

''اوہ.... ولیم ہاپکنز....!'' عمران کی زبان سے بے ساختہ نکلا۔

''کون ہے.... بھائی....!'' ہاپکنز نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ اس کے لہجے میں بلا کا درد تھا۔ خاکساری تھی!۔

''میں اِدھر کھڑکی پر ہوں۔!''

ہاپکنز اٹھ کر ٹٹولتا ہوا کھڑکی کی طرف بڑھا۔

''ہاں.... اِدھر.... اُدھر ٹھیک.... آواز کی سمت چلے آؤ.... بس ٹھیک!''

''تم کون ہو۔؟'' وہ قریب آکر بولا۔

"ایک قیدی....!" عمران نے جواب دیا...."اب وہ پاگل ہو گئی ہے۔!"

"ہاں.... سچ مچ وہ پاگل ہو گئی ہے.... سب کو تباہ کرائے گی۔ تم مجھے اپنا نام بتاؤ۔"

"گوڈڈین....!" عمران بولا۔ "میں نے تمہیں ہمیشہ دور سے دیکھا ہے تم مجھ سے واقف نہیں ہو۔ میں برازیل میں تھا۔"

"کس خطا پر پکڑے گئے ہو۔!"

"ایک مسئلے پر مشورہ دیا تھا... لیکن وہ تو الفانسے کی موت کے بعد سے پوری پوری ڈکٹیٹر بن گئی ہے!"

"میں تمہیں ایک بات بتاؤں....!" ہاپکنز آہستہ سے بولا۔ اُسے تحریک سے کوئی دل چسپی نہیں رہی۔ وہ ساری دنیا پر اپنے ذاتی اقتدار کے خواب دیکھ رہی ہے۔"

"یہ بڑی عجیب بات ہے!"

"اور سنو....!" اس نے مجھے نیچا دکھانے کے لئے الفانسے کے قاتل سے ساز باز کی.... اگر اس قاتل کی مکاری مجھے اندھا نہ کر دیتی تو بتاتا ان دونوں کو....!"

"واقعی پاگل ہو گئی ہے.... کتیا.... تم کب سے یہاں ہو؟"

"زیادہ دن نہیں ہوئے.... وہ بڑی اذیت پسند ہے۔ میری بے بسی پر قہقہے لگانے کے لئے اُس نے مجھے زندہ رکھا۔ لیکن میں۔ لیکن میں....!"

وہ خاموش ہو کر مضطربانہ انداز میں ہاتھ ملنے لگا....!

"کیا بات ہے.... مجھے بتاؤ.... جی ہلکا ہوتا ہے اس سے!" عمران نے ہمدردانہ لہجے میں کہا۔

"کچھ بھی نہیں.... کچھ نہیں.... تم سے کیا کام لیا جا رہا ہے؟"

"آج سارا دن روڑیاں ڈھوتا رہا۔!"

"مجھے دیکھو میں اپنی بینائی کھو چکا ہوں.... لیکن وہ مجھ سے جسمانی مشقت لیتی ہے.... جب ٹھوکریں کھا کھا کر گرتا ہوں تو قہقہے لگاتی ہے۔!"

"تم نے اپنی بینائی کیسے کھوئی تھی؟"

ہاپکنز اپنی کہانی سنانے لگا کہ کس طرح وہ عمران کے ساتھ آئی تھی اور اس نے اپنی چالاکی سے اسے اندھا کر دیا تھا۔

"بہت خطرناک آدمی معلوم ہوتا ہے!" عمران طویل سانس لے کر بولا۔

"پھر کیا ہوا....؟"

"میں نہیں جانتا کہ پھر خود اس احمق کا کیا حشر ہوا.... تھریسیا نے اپنا کام نکال لینے کے بعد اُسے بھی زندہ نہ چھوڑا ہوگا۔"

"سمجھ میں نہیں آتا کہ میرا کیا حشر ہوگا....!"

"گوڈڈین.... صبر سے کام لو.... میں بھی بہت زیادہ گرم دماغ کا آدمی تھا.... لیکن بصارت کے ساتھ ہی وہ گرمی بھی جاتی رہی ہے.... دماغ ٹھنڈا رکھو.... آخر وہ تم سے کیا چاہتی ہے۔"

"یہی کہ میں اس کے دماغ سے سوچوں.... لیکن یہ کیونکر ممکن ہے!"

"اس کے دماغ سے سوچنے کی اداکاری تو کر ہی سکتے ہو۔! یہی کرتے رہو تاوقتیکہ اُس پر قابو نہ پالو....!"

"تم شاید یہ کہنا چاہتے ہو کہ میں اس کی ہاں میں ہاں ملاتا رہوں۔ حتیٰ کہ میرا پنجہ اس کی گردن تک پہنچ جائے۔!"

"ہاں میں یہی کہنا چاہتا تھا....!" ولیم ہاپکنز نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔

"اچھی بات ہے۔!" میں دیکھوں گا کہ اب کیا کر سکتا ہوں!"

ولیم ہاپکنز پھر اسی طرف مڑ گیا.... جدھر سے اٹھ کر آیا تھا اور عمران نے کھڑکی بند کر لی۔

وہ سوچ رہا تھا کہ آخر اُسے ولیم ہاپکنز کے قریب رکھے جانے کا کیا مقصد ہو سکتا ہے.... کیا سارے کمروں کے درمیان ایسی ہی کھڑکیاں ہوں گی....!"

لیکن ہاپکنز کے کمرے کی دوسری طرف کی دیوار میں تو ایسی کوئی کھڑکی نہیں تھی۔! حالانکہ راہداری کی بناوٹ کے انداز سے تو یہی معلوم ہوتا تھا کہ دونوں طرف کمروں کی قطاریں ہوں گی۔

کیا تھریسیا اس کے توسط سے ہاپکنز سے کوئی اہم بات اگلوانا چاہتی ہے۔!

یہ نیا سوال مستقل طور پر اس کے ذہن میں چبھتا رہا۔

ظفر بہت مگن تھا! خوشی اس بات کی تھی کہ اس سے اس کا مینڈولین نہیں چھینا گیا تھا۔

لیکن اسے دوسروں کے متعلق تشویش تھی کہ وہ کہاں گئے.... وہ خود ایک کارخانے میں لگایا گیا تھا جہاں شیشے کی نلکیاں ڈھالی جاتی تھیں۔

دن بھر وہ مشین پر کام کرتا اور سر شام مینڈولین سنبھال کر کسی سرسبز ٹیکرے پر جا بیٹھتا۔

لیکن تین دن گزر جانے کے بعد بھی وہ کسی کو اپنی طرف متوجہ نہیں کر سکا تھا۔

عجیب لوگ تھے۔! سر جھکائے ہوئے آتے دن بھر کام کرتے اور پہلے ہی کے انداز میں سر جھکائے ہوئے واپس چلے جاتے۔ ان میں لڑکیاں بھی تھیں.... لیکن اتنی خشک اور مؤدب جیسے خدا کی حضوری میں ان کی پیشی ہوئی ہو.... نہ ہنسنا نہ مسکرانا.... نہ کسی کی طرف متوجہ ہونا تھا جیسے وہ بھی کسی خاص قسم کی مشین میں ڈھالی گئی ہوں۔!

مینڈولین بجاتے وقت وہ اس ٹیکرے پر تنہا ہوتا کوئی آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھتا اس کی طرف۔

تھک ہار کر وہ بھی اس غار کے دہانے کی طرف چل پڑا جس کے اندر دور تک دورویہ کمرے بنائے گئے تھے۔

عجیب بات تھی.... باہر چلنے پھرنے پر کوئی پابندی نہیں تھی۔ لیکن وہ کوئی عمارت کھلے میں نہیں بناتے تھے۔ زیر زمین تعمیرات کا سلسلہ برابر جاری تھا.... جس کارخانے میں ظفر کام کرتا تھا وہ بھی زمین دوز ہی تھا۔ ظفر کا اندازہ تھا کہ یہاں ایسے ہی متعدد کارخانے ہوں گے۔ کیونکہ جس قسم کی نلکیاں اس کے کارخانے میں ڈھالی جاتی تھیں اپنی اس حیثیت سے بیکار سی چیز تھیں.... انہیں یقینی طور پر کسی دوسرے پرزے سے جوڑا جاتا ہوگا۔

اس نے اس سلسلے میں بہت کچھ سوچا تھا.... لیکن زیادہ جاننے کی کوشش نہیں کی تھی.... بس کارخانے جاتا.... شام کو کچھ دیر اس ٹیکرے پر بیٹھ کر مینڈولین بجاتا اور پھر قیام گاہ کی طرف لوٹ جاتا۔

اس نے دوسرے کارخانوں کو تلاش کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔! جب وہ یہاں تک پہنچنے کے سلسلے میں پیش آنے والے واقعات پر نظر کرتا تو مزید کچھ اور جاننے کی خواہش دم توڑ دیتی.... کہیں انجانے میں قدم غلط نہ اٹھ جائے.... لہذا مناسب یہی ہے کہ خود کو حالات کے دھارے پر چھوڑ کر کسی نئی تبدیلی کے منتظر رہنا....!

عمران اور اس کے ساتھیوں کے ساتھ ہی وہ بھی بے ہوش ہو گیا تھا اور جب دوبارہ آنکھ

کھلی تو خود کو اسی کمرے میں پایا تھا جس میں اب بھی اس کا قیام تھا۔!

اور ایک آدمی نے تقریباً ڈھائی گھنٹے تک اسے سمجھانے کی کوشش کی تھی کہ اس کو کس قسم کی خدمات انجام دینی ہیں۔ ظفر نے اس سے اپنے ساتھیوں کے بارے میں معلوم کرنا چاہا تھا۔

"نہیں جناب!" اس نے بڑی شائستگی سے کہا تھا۔ "میں اس کے علاوہ اور کچھ نہیں جانتا کہ نئے آنے والوں کو ٹریننگ دوں لہذا آپ اس قسم کے سوالات کر کے میرا اور اپنا وقت ضائع نہ کیجئے۔!"

ظفر خاموش ہو گیا تھا اور وہ خاموشی اب تک برقرار تھی....! لیکن ایسا بھی کیا.... اس نے سوچا آج اپنے کسی پڑوسی سے ضرور گفتگو کرے گا۔!

ٹیکرے سے اتر کر سیدھا غار کے دھانے کی طرف آیا.... اور اس سے گزر کر اپنے کمرے میں پہنچا.... ہیٹر پر چائے بنائی.... اور سوچنے لگا کیوں نہ برابر والے پڑوسی کو بھی اس چائے میں شریک کرلے۔ وہ نہیں جانتا تھا کہ دونوں بازوؤں والے کمروں میں کون رہتا ہے۔ پھر بھی اس دروازے پر دستک دے ہی بیٹھا۔

دستک کے جواب میں دروازہ کھولنے والی ایک سفید فام لڑکی تھی۔ وہ دروازہ کھولے بت کی طرح کھڑی رہی۔ البتہ اس کی آنکھوں میں حیرت ضرور جھانک رہی تھی۔

بڑی خوب صورت لڑکی تھی.... عمر اٹھارہ انیس سال سے زیادہ نہ رہی ہوگی.... چہرے پر میک اپ نہ ہونے کے باوجود بھی وہ ظفر کو بہت اچھی لگی۔

"کیا آپ میرے ساتھ چائے پینا پسند کریں گی؟" ظفر نے پوچھا۔

"کیا چائے بھی کسی کے ساتھ پی جاتی ہے؟" لڑکی نے بہت ہی اکھڑ قسم کے لہجے میں سوال کیا۔

"کبھی کبھی ساتھ بھی پیتے ہیں!"

"میں نے تو آج تک نہیں دیکھا.... عقل میں آنے والی بات ہی نہیں" لڑکی کے لہجے کا اکھڑپن بدستور قائم تھا۔

"کیوں.... عقل میں آنے والی بات کیوں نہیں....!" ظفر نے مسکرا کر پوچھا۔!

"یہ تم اس طرح منہ کیوں بنا رہے ہو؟"

"میں مُسکرا رہا ہوں.... محترمہ منہ نہیں بنا رہا....!" ظفر نے کسی قدر جھینپ کر کہا۔

"اوہ.... تو یہی ہے مسکرانا....!" لڑکی بُرا سا منہ بنا کر بولی۔ "میں نے کہیں یہ لفظ سُنا تھا۔"

"چائے کی کیا رہی؟"

"یہ ناممکن ہے.... فضول باتیں نہ کرو....!"

"کیوں ناممکن ہے!" ظفر کے لہجے میں حیرت تھی۔

"ایک پیالی میں ہم کس طرح چائے پی سکیں گے۔ ایسا کرتے وقت ہمارے سر نہ ٹکرائیں گے۔ اور کسی بہت بڑے طشت میں چائے پینے کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔"

ظفر ہنس پڑا.... اور وہ چونک کر پیچھے ہٹتی ہوئی بولی۔ "یہ کس قسم کی آواز نکالی تم نے۔!"

"کمال کرتی ہیں آپ بھی.... ارے میں ہنسا تھا۔!"

"ہنسا کہتے ہیں اس کو۔!" لڑکی حیرت زدہ ہو کر بولی۔ "شاید یہ لفظ بھی پہلے سن چکی ہوں۔!"

"کیا آپ مجھے احمق سمجھتی ہیں!" ظفر نے کسی قدر تیز لہجے میں کہا۔

"نہیں تو ایسی کوئی بات نہیں....!" لڑکی بوکھلا گئی۔

"تو پھر ایسی باتیں کیوں کر رہی ہیں؟"

"تمہاری ہی باتیں میری سمجھ میں نہیں آرہی ہیں۔"

"پھر مجھے کیا کرنا چاہئے؟" ظفر نے بے بسی سے کہا۔

"میں کیا بتا سکتی ہوں....!" لڑکی نے کہا اور پیچھے ہٹ کر دروازہ بند کر لیا۔

ظفر کے چہرے پر عجیب سے تاثرات تھے اس کو ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے خود اس کے دُم نکل آئی ہو۔ اور اُسے ہر حال میں دوسروں سے چھپانا چاہئے۔!

بڑی تیزی سے اپنے کمرے کی طرف پلٹا اور اس کا دروازہ بند کر کے اس طرح مطمئن نظر آنے لگا جیسے بھیڑیوں کا کوئی جھنڈ اس کا تعاقب کر رہا ہو۔!

دروازہ بولٹ کر دینے کے بعد بھی وہ کافی دیر تک دروازے کے قریب ہی کھڑا رہا۔

اس لڑکی میں اس نے کوئی بہت ہی عجیب بات محسوس کی تھی لیکن اس احساس کو معنی نہ پہنا سکا.... اور اسی نامعلوم احساس نے اُسے یہ سمجھ لینے سے باز رکھا کہ لڑکی اس کو بیوقوف بنانے کی کوشش کر رہی تھی۔

چائے دوبارہ گرم کرنی پڑی.... چائے پی کر وہ پھر کمرے سے نکل آیا سوچ رہا تھا کہ پھر کھلی ہوا میں جائے.... لہذا راہداری کے سرے کی طرف چلتا رہا۔

لیکن اس وقت وہ دروازہ بند ملا، جو غار کے دہانے کی جانب کھلتا تھا۔!

بہت کوشش کی کہ دروازہ کسی طرح کھل جائے مگر ممکن نہ ہوا۔ تھک ہار کر پھر اپنے کمرے کی طرف پلٹ آیا....!وہ سوچ رہا تھا کہ کسی طرح عمران تک رسائی ہو جائے۔ پتہ نہیں وہ کہاں ہو گا....اس کے ساتھیوں میں سے بھی کہیں کوئی دکھائی نہ دیا۔

ظفر پر افسردگی طاری ہو گئی تھی!وہ ڈھیلے ڈھالے انداز میں چلتا ہوا اپنے کمرے کے دروازہ پر پہنچا ہی تھا کہ بائیں جانب والا دروازہ کھلا اور ایک بوڑھا آدمی بر آمد ہوا۔

"تم کون ہو....؟" وہ خوف زدہ انداز میں پیچھے ہٹتا ہوا بولا۔

"میں آدمی ہوں۔! آپ گھبرائیں نہیں!" ظفر مسکرایا۔

"نہیں تو....میں گھبرایا نہیں....!" اُس نے کہا اور بڑی تیزی سے پلٹ کر اپنے کمرے میں داخل ہوا اور دروازہ بند کر لیا۔

"کیا مصیبت ہے؟" ظفر بڑبڑایا...."کوئی بات کرنے پر بھی تیار نہیں۔!"

ظفر جہاں تھا وہیں رک گیا۔ یہ آواز تو وہی تھی۔ بالکل وہی جو اس گھاٹی میں سنائی دی تھی اور اس کے بعد وہ بے ہوش ہو گئے تھے۔

"میں ویسا نہیں ہو سکتا....میں ایک ہی ہوں۔!" وہ تن کر بولا۔

"مینڈولین بہت اچھا بجاتے ہو۔ کیا میں تمہیں اپنے پاس بلوالوں۔" آواز آئی۔

"ضرور....ضرور....!" ظفر چہک کر بولا۔ "کوئی تو ہو جس سے باتیں کی جا سکیں۔"

"اچھی بات ہے....انتظار کرو....!"

ظفر نے طویل سانس لی اور اپنے کمرے میں چلا گیا۔

کھڑکی پر ہاپکنز اور عمران کی سرگوشیاں جاری تھیں۔ عمران بہت زیادہ احتیاط سے کام لے رہا تھا۔ اس نے دفتی کو موڑ کر ایک پائپ سا تیار کیا تھا جو کان کو ڈھک لیتا تھا۔ وہ اس کے ایک سرے کو ہاپکنز کے کان سے لگا دیتا اور دوسرے سرے کو اپنے منہ کے قریب لا کر سرگوشیاں کرتا۔ اس

طرح ہلکی سی آواز بھی بیرونی فضا میں نہ پھیلتی.... یہ اس نے اس خدشے کے تحت کیا تھا کہ کہیں ان کمروں میں ڈکٹافون نہ پوشیدہ ہوں اور ہو سکتا ہے اُسے ہاپکنز کے قریب اس [illegible] گیا ہو کہ تھریسیا ہاپکنز سے کچھ اگلوانا چاہتی ہو۔ اس نے سوچا ہوگا کہ عمران اپنی رہائی کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا دے گا۔ ہو سکتا ہے ہاپکنز سے گٹھ جوڑ کرنے کی کوشش کرے اور ہاپکنز جوش انتقام میں اس کو وہ سب کچھ بتا دے.... جو تھریسیا اس سے نہیں معلوم کر سکتی تھی اور عمران کا یہ خیال قطعی درست ثابت ہوا۔

اس وقت ہاپکنز اس کے کان میں کہہ رہا تھا۔ ''گوڈ ڈین تم بہت ذہین ہو۔ میں سوچ رہا ہوں کہ کیوں نہ تمہیں اپنی آنکھیں بنالوں۔!''

''ٹھیک ہے! تمہارا تجربہ اور میرا جوان جسم بہت کچھ کر سکتا ہے۔ تھریسیا دوسروں کو بھی تنظیم سے بددل کر رہی ہے!''

''اچھا تو سنو..! میرے تین آدمی ابھی تک میرے قبضے میں ہیں۔ انہیں حالات کا علم نہ ہوگا۔ اگر انہیں معلوم ہو جائے کہ میں کس حال میں ہوں تو وہ پورے شوگر بینک کو تباہ کر کے رکھ دیں۔''

''یہ تو بڑی اچھی بات ہے۔ مجھے بتاؤ۔!''

''ٹھوکر تو نہیں کھاؤ گے.... وہ میرا آخری حربہ ہے۔ اگر ضائع ہوا تو مجھے اپنے ہی ہاتھوں گلا گھونٹ لینا پڑے گا۔''

''میں بڑی خود اعتمادی کے ساتھ اس کام کا بیڑا اٹھا سکتا ہوں''۔

''کیا تم اس علاقے کے بارے میں کچھ زیادہ واقفیت رکھتے ہو۔!''

''بالکل نہیں۔!''

''پھر کیسے کام چلے گا؟''

''میں گرد و پیش سے واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کروں گا!''

''خیر۔!'' ہاپکنز نے ٹھنڈی سانس لی۔

''اب ہمیں کچھ بلند آواز میں بھی گفتگو کرنی چاہیئے۔'' عمران بولا۔

''تم ذہین تو معلوم ہوتے ہو.... جی چاہتا ہے اعتماد کر لوں تم پر۔!''

اس کے بعد وہ بلند آواز میں اپنا دکھڑا لے بیٹھے تھے۔

پھر کھڑکی بند کر دی گئی۔ عمران سوچ رہا تھا کہ اگر ہاپکنز نے کوئی نشان دہی کر بھی دی تو وہ اس انجان علاقے میں کیا کرے گا۔

دن بھر روڑیاں ڈھونے سے فرصت نہیں ملتی تھی اور گالویڈا خاص طور پر اس کی نگرانی کرتا رہتا تھا۔

رات گزار کر حسبِ معمول وہ ناشتے کے بعد پھر کمرے سے نکال دیا گیا.... اس کا کمرہ باہر سے مقفل کر دیا جاتا تھا۔ اس کے بعد پھر نکلنے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا۔

گالویڈا کا زخم شاید مندمل ہو گیا تھا۔ کیونکہ اس کے چہرے پر پائے جانے والے کرب کے آثار مستقل قسم کی تازگی میں تبدیل ہو گئے تھے۔

اس وقت وہ ہاتھ میں چمڑے کا چابک لپیٹے اس کے پیچھے پیچھے چل رہا تھا۔!

زمین دوز عمارت سے نکل کر وہ پھر اسی جگہ آ پہنچے جہاں کام ہو رہا تھا۔

روڑیوں کے ڈھیر کے پاس عورتیں پتھر توڑ رہی تھیں! لیکن آج ان میں جولیا نہیں صرف تھیلما نظر آئی۔

عمران اس کے بارے میں پوچھ ہی رہا تھا کہ گالویڈا غرایا ہوا چڑھ دوڑا "تم اپنا کام کرو۔!"

"میں صرف اپنے ساتھیوں کی خیریت دریافت کرنا چاہتا ہوں!" عمران نے نرم لہجے میں کہا۔

"خاموشی سے کام کرو۔!" وہ غرایا ہوا دوسری طرف مڑ گیا اور عمران پھر تھیلما کی طرف متوجہ ہو گیا! تھیلما کانپتی ہوئی آواز میں کہنے لگی۔

"ہم دونوں ایک ہی کمرے میں رہتے تھے آج صبح وہ کمرے میں موجود نہیں تھی۔"

گالویڈا اس بار گھونسہ تان کر پلٹا تھا! عمران اچھل کر ایک طرف ہٹ گیا اور وہ اپنے ہی زور پر کئی قدم تک آگے ہی بڑھتا چلا گیا۔ پھر مڑا تو چابک کے بل اُس کے ہاتھ سے کھل گئے تھے۔

اس نے عمران پر چابک سے وار کیا لیکن اسے بھی خالی دے کر عمران نے اسے آگاہ کیا کہ اگر اب اس نے حملہ کیا تو اس کے حق میں اچھا نہ ہو گا۔

اس پر گالویڈا بری طرح بپھر گیا۔ چابک پھینک کر عمران پر چھلانگ لگائی۔

عمران اس کے لئے پہلے ہی تیار تھا۔ ایک طرف ہٹ کر اس کی پشت پر دو ہتڑ جو رسید کیا تو وہ منہ کے بل نیچے چلا آیا۔ پھر عمران نے اسے اٹھنے کی مہلت نہ دی! دونوں گھٹنے اس کی پشت پر ٹیک

کر بائیں ہاتھ سے اس کی کھوپڑی زمین پر رگڑ ڈالی۔

اُسے اس کی قوت کا اندازہ تھا۔ اس لئے عمران نے پوری طرح چوکس ہو کر اس پر جوابی حملہ کیا تھا۔ اس کی جگہ اگر اور کوئی ہوتا تو گالویڈا کبھی کا اٹھ کھڑا ہوا ہوتا۔ اب بھی یہ عالم تھا کہ اسے زمین سے لگائے رکھنے کے لئے عمران کو پوری قوت صرف کرنی پڑ رہی تھی خدشہ تھا کہ کہیں سے اس کا کوئی مددگار نہ پہنچ جائے لہذا وہ اسے نپٹانے میں جلدی کرنا چاہتا تھا۔!

گالویڈا کی گردن پر اس کا دباؤ بڑھتا رہا.... ارادہ جان سے مار دینے کا نہیں تھا.... لیکن وہ اس احتیاط میں زیادہ وقت بھی صرف نہیں کرنا چاہتا تھا۔

جلد ہی اس نے محسوس کیا کہ گالویڈا کے ہاتھ پیر ڈھیلے پڑ گئے۔ تب وہ اسے چھوڑ کر ہٹ گیا۔ پھر تیزی سے جھکا اور اس کی جامہ تلاشی لینے لگا۔

اس کی جیب سے ایک وزنی پرس برآمد ہوا۔ اور بس....! عورتیں دور کھڑی خوف زدہ نظروں سے عمران کو دیکھے جا رہی تھیں۔ صرف تھیلما کے چہرے پر بشاشت تھی اور اس کی آنکھوں کی چمک کئی گُنا بڑھ گئی تھی۔ دفعتاً ایک عورت عمران کے قریب آ کر خوف زدہ لہجے میں جلدی جلدی کہنے لگی...."بھاگ جاؤ.... فوراً بھاگ جاؤ.... ورنہ وہ تمہارا ریشہ ریشہ الگ کر دیں گے.... بھاگو....!"

عمران نے اس کی بات تو سن لی تھی لیکن اس کے انداز سے یہ نہیں معلوم ہوتا تھا کہ وہ اس کے مشورے پر عمل بھی کرے گا۔ آس پاس ان عورتوں کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا۔

عمران نے گالویڈا کی لاش اپنی پشت پر اٹھائی اور ایک جانب چلنے لگا....! وہ جلد از جلد اُسے کہیں چھپا دینا چاہتا تھا۔ آخر ایک چھوٹا سا گڑھا مل گیا۔ اس نے گالویڈا کو اس میں دھکیل کر اُسے چھوٹے بڑے پتھروں سے پاٹ دیا۔

پھر اس سے برآمد ہونے والے پرس کی طرف متوجہ ہوا۔ اس میں پانچ چابیوں اور ایک الکٹروگس کے علاوہ سرخ رنگ کی تین چار سوئیاں بھی تھیں۔

اس نے سوچا چلو محنت ٹھکانے لگی.... ایک الیکٹروگس پہلے ہاتھ آیا تھا وہ پھر تھریسیا ہی کے ہاتھ لگا اور اب یہ....! لیکن دونوں کے لئے عمران کو دو زندگیوں سے کھیلنا پڑا تھا۔

وہ پرس کو جیب میں ڈالتا ہوا چٹان کی اوٹ سے نکلا اور روڑیوں کے ڈھیر کی طرف چل

پڑا.... تھیلما کے علاوہ اور ساری عورتیں پھر پہلے ہی کی طرح پتھر توڑنے میں مصروف ہو گئی تھیں۔ تھیلما شاید عمران کے انتظار میں کھڑی تھی۔

"کام کرو.... کام میں لگی رہو....!" عمران اس کے قریب پہنچ کر بولا۔

"مگر اب کیا ہو گا....؟"

"کام کرو.... میں کہہ رہا ہوں....!" عمران نے کہا اور ٹوکری میں روڑیاں بھرنے لگا۔

ذرا ہی سی دیر بعد ایسا معلوم ہونے لگا جیسے یہاں کوئی غیر معمولی حادثہ ہوا ہی نہ ہو۔

وہ دن بھر کام کرتے رہے اور چھٹی کے قریب جب تھیلما عمران کی طرف بڑھی تو وہ بے حد سنجیدگی سے بولا۔ "نہیں ادھر نہیں! جہاں اب تک جاتی رہی ہو وہیں جاؤ.... ان عورتوں کو سمجھانے کی کوشش کرو کہ ان کی رہائی کے دن قریب ہیں.... بس وہ اپنی زبانیں بند رکھیں.... اس واقعے کا علم ان کے علاوہ اور کسی کو بھی نہ ہونے پائے ورنہ رہائی ناممکن ہو گی۔"

پھر وہ اپنی رہائش گاہ کی طرف چل پڑا تھا۔ پانچ کنجیوں میں سے ایک اس کے کمرے کے دروازے میں لگ گئی۔ اور وہ بہ آہستگی اندر داخل ہو گیا۔

سب سے پہلا کام اس نے یہ کیا کہ الیکٹروگس کو اپنے لانگ بوٹ میں رکھ کر اسے دوبارہ پہن لیا۔ ہر چند کہ وہ اس کے تلوے میں بُری طرح چُبھ رہا تھا۔ لیکن اس کی دانست میں اسے چھپائے رکھنے کے لئے اس سے بہتر جگہ اور کوئی نہیں تھی۔

یہ لانگ بوٹ اس کے لئے بعد میں فراہم کئے گئے تھے ورنہ پہلے دن تو گالویدا نے اُسے ننگے پیر ہی چلایا تھا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ بقیہ چار کنجیوں کا کیا ہو گا....! کہیں دو چار کنجیاں ہی سنسنی پھیلانے کا باعث نہ بن جائیں۔

اس نے سوچا کیوں نہ اسی راہداری کے بقیہ دروازوں پر وہ کنجیاں آزمائی جائیں۔!

تھوڑی دیر بعد اسے یہ معلوم کر کے حیرت ہوئی کہ اس راہداری میں جتنے بھی دروازے تھے انہیں پانچوں کنجیوں میں سے کسی نہ کسی سے کھولے جا سکتے تھے۔ لیکن اس نے فی الحال یہ معلوم کرنے کی کوشش نہیں کی کہ دوسرے کمروں میں کیا ہے!۔

تقریباً ایک گھنٹے بعد وہ ہاپکنز کی طرف کی کھڑکی کھول کر پھر اس سے سرگوشیاں کر رہا تھا۔ اس نے اپنے آج کے کارنامے کے متعلق بتایا۔

"اوہ....!" ہاپکنز بولا۔ "اگر تم ایک عدد الیکٹرو گس حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے ہو تو یہ تمہاری خوش بختی ہے لیکن کیا تم اس کے استعمال سے واقف ہو....!"

"پوری طرح....!" عمران نے جواب دیا۔

"لیکن افسوس! تم یہاں کے بارے میں کچھ نہیں جانتے۔ اگر اس عورت کو علم ہو گیا کہ اس کا ایک سپروائزر تمہارے ہاتھوں مارا گیا ہے تو وہ تمہاری سزائے قید سزائے موت میں بدل دے گی۔!"

"پھر مجھے کیا کرنا چاہئے۔!" عمران نے پوچھا۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا۔ مجھے سوچنے دو.... کھڑکی بند کردو!"

ہاپکنز کہتا ہوا مضطربانہ انداز میں پیچھے ہٹ گیا۔!

عمران نے اس کی ہدایت کے مطابق کھڑکی بند کردی۔ رات کے کھانے کا وقت ہو گیا تھا۔ وہ تپائی کے قریب آیا اور خوان سے سرپوش ہٹا کر جو کچھ بھی سامنے آیا کھانا شروع کردیا۔ آج تو دوپہر کا کھانا بھی نصیب نہیں ہوا تھا۔ دوپہر کو روزانہ گالویدا وہیں کام پر ہی اس کے لئے کھانا مہیا کرتا تھا اور رات کا کھانا کمرے کی تپائی پر رکھا ہوا ملتا۔

کچھ عجیب سے شب و روز گزر رہے تھے۔ پتہ نہیں یہ اونٹ کس کروٹ بیٹھنے والا تھا۔

کھانے کے بعد اس نے کمرے میں ٹہلنا شروع کردیا۔ ایسے اضطراب کا عالم آج تک اس پر نہیں گزرا تھا۔

بڑی عجیب سچویشن تھی وہ آزاد بھی تھا اور قیدی بھی....! قیدی یوں کہ اس جال سے نکل نہیں سکتا تھا....! کس طرف جاتا....؟ کہاں سر ٹکراتا پھرتا....اور پھر اسے نہیں معلوم تھا کہ اس کے بقیہ ساتھی کہاں ہوں گے.... یہ قطعی ناممکن تھا کہ وہ انہیں تھریسیا کے رحم و کرم پر چھوڑ جاتا۔

دفعتاً کسی نے باہر سے دروازے پر دستک دی.... عمران دروازہ کھولنے کے لئے آگے بڑھا .... پھر ٹھٹک گیا.... عام حالات میں وہ کس طرح دروازہ کھول سکتا تھا جبکہ گالویدا اسے باہر سے مقفل کردیا کرتا تھا۔!

"کون ہے؟" اس نے دروازے کے قریب پہنچ کر بلند آواز میں کہا۔

"دروازہ کھولو....!" باہر سے آواز آئی۔

"میں کس طرح کھول سکتا ہوں۔ سپر وائزر اُسے باہر سے مقفل کر جاتا ہے۔" عمران نے جواب دیا۔ پھر باہر سے کوئی آواز نہ آئی! عمران وہیں کھڑا رہا۔

تو اس کا یہ مطلب ہے کہ گالویدا کی تلاش شروع ہو چکی ہے۔ عمران کو پتھر توڑنے والیاں یاد آئیں۔ ان سے ضرور پوچھ گچھ کی گئی ہو گی....! ہو سکتا ہے ان پر تشدد بھی ہوا ہو.... اگر ان میں سے کسی نے اگل دیا ہو تو.... تو پھر اسے پوری طرح تیار رہنا چاہئے! تھریسیا جانتی ہے کہ وہ الیکٹروگس کے استعمال سے واقف ہے لہذا گالویدا کا الیکٹروگس اب اس کے قبضے میں ہو گا.... اگر اس چیز کو ذہن میں رکھ کر اس نے کوئی کارروائی کی تو وہ اس کا سو فیصد انتہائی محتاط اقدام ہو گا....! بس پھر اُسے بھی پوری طرح تیار رہنا چاہئے!

اس نے بڑی پھرتی سے لانگ بوٹ کے بند کھولے اور الیکٹروگس کو ہاتھ میں لیا۔ یہی نہیں بلکہ دروازے کے بند کھولے اور الیکٹروگس نظر میں رکھتے ہوئے پوزیشن بھی لے لی۔

اس کا اندازہ غلط نہیں تھا۔ تھوڑی ہی دیر بعد دروازہ کھلا اور پانچ آدمی بھیڑیا قسم کے کمرے میں گھستے چلے آئے۔ عمران نے الیکٹروگس کا رخ ان کی طرف کر کے ٹریگر دبا دیا۔ ہلکی سی گرج کے ساتھ ان سبھوں کے چیتھڑے اڑ گئے ان میں سے کوئی منہ سے آواز بھی نہیں نکال سکا تھا۔ پھر وہی پہلے کا سا سناٹا طاری ہو گیا۔ عمران ان لوگوں کے گوشت کے لوتھڑوں کو پھلانگتا ہوا تیزی سے راہداری میں آیا اور ہاپکنز کے کمرے کا دروازہ کھولنے لگا۔

پھر اندر داخل ہو کر ہاپکنز کے کان میں آہستہ سے بولا۔ "یہ میں ہوں گوڈڈین.... جلدی چلو.... میں نے پانچ آدمیوں کو الیکٹروگس کا نشانہ بنا دیا ہے.... اب نکل چلو.... ورنہ ساری زندگی یہیں پڑے رہو گے میں تمہیں اپنی پیٹھ پر اٹھا کر لے چلوں گا۔ فکر نہ کرو آؤ۔!"

اس نے ہاپکنز کو اپنی پیٹھ پر لادا اور راہداری کے سرے کی طرف دوڑنے لگا۔ نکاسی کا دروازہ کھلا ہوا ملا وہ نکلا چلا گیا! غار کے دہانے سے برآمد ہوتے ہی وہ کھلی فضا میں پہنچ گئے۔

یہاں چاروں طرف اندھیرے کی حکمرانی تھی۔ عمران نے روڑیوں کے ڈھیر ہی کی طرف چلنا شروع کیا کیونکہ وہی ایک راستہ اس کا جانا بوجھا تھا۔

وہ سب سوتے سے جگائے گئے تھے اور انہیں کہیں لے جایا جا رہا تھا۔ جولیا اور تھیلما کے علاوہ

پہلی بار وہ سب ایک جگہ اکٹھے کئے گئے تھے اپنی اپنی زیر زمین پناہ گاہوں سے نکل کر وہ کھلی ہوئی تاریک فضا میں پہنچے.... ان کے گرد آٹھ آدمی چرخیوں والی بندوقیں لئے چل رہے تھے۔

سبھوں نے اندھیرے ہی میں ایک دوسرے کو پہچانا تھا اور مضطربانہ انداز میں دریافت حال کرنے لگے تھے۔ لیکن نگرانوں نے انہیں خاموش کر دیا تھا.... دھمکی دی تھی کہ اگر کوئی بولا! تو اسے گولی مار دی جائے گی۔

وہ چلتے رہے.... تھیلما جولیا کے ساتھ چل رہی تھی.... اس کا دل بڑی شدت سے دھڑک رہا تھا۔ وہ سوچ رہی تھی کہ کہیں اس سے عمران کے بارے میں پوچھ گچھ نہ ہو۔

جلد ہی انہیں ایک زمین دوز عمارت میں پہنچا دیا گیا۔ جو ان عمارتوں سے بالکل مختلف تھی جن میں وہ ابھی تک رہتے آئے تھے۔

یہاں سب کچھ بلور سے بنایا گیا تھا۔ شیشے کی دیواریں، شیشے کی چھتیں اور شیشے ہی کے ستون۔ ہر طرف عجیب قسم کی روشنی پھیلی ہوئی تھی۔ اس روشنی میں نہ گرمی کا احساس ہوتا تھا اور نہ سردی کا۔

تھریسیا ایک شہ نشین پر نظر آئی اور سب سے زیادہ حیرت انگیز بات یہ تھی کہ ظفر اس کے سامنے کھڑا مینڈولین بجا رہا تھا۔ تھریسیا نے ہاتھ اٹھا کر اسے ساز بند کر دینے کا اشارہ کیا اور ان لوگوں کی طرف متوجہ ہو گئی۔!

وہ اس وقت بے حد حسین نظر آ رہی تھی۔ جولیا اور تھیلما اس کے سامنے بُجھ کر رہ گئی تھیں۔

"تھیلما۔!" دفعتاً تھریسیا اس کی طرف ہاتھ اٹھا کر بولی۔ "تم تھیلما ہی ہو نا۔؟"

"میں تھیلما ہوں....!" وہ کانپتی ہوئی آواز میں بولی۔

"گالویڈا کو عمران نے کس طرح مارا تھا....!"

"میں کچھ نہیں جانتی....! میں کچھ نہیں جانتی۔!"

"تم وہاں اکیلی نہیں تھیں اور بھی عورتیں تھیں۔!"

"تو پھر جب تم....!"

"ہاں.... ہاں.... کہو کیا کہنا چاہتی ہو....؟"

"کچھ بھی نہیں۔!"

"میں تم سب کو بہت بے دردی سے مار سکتی ہوں!"

"مادام.... میری ایک گذارش ہے!" دفعتاً ظفر بولا۔

"اُوں....!" تھریسیا چونک کر اس کی طرف استفہامیہ انداز میں دیکھنے لگی۔

عمران کے قصور کی سزا ان بے چاروں کو نہ دیجئے! عام طور پر طاقت ور لوگ رحم دل بھی ہوتے ہیں۔ آپ بلا شبہ طاقت کا ستون ہیں!"

"تمہاری سفارش پر میں انہیں معاف کر سکتی ہوں.... تم بہت اچھے آرٹسٹ ہو۔!"

"شکریہ مادام....!"

"تم جانتے ہو!" تھریسیا قیدیوں کو مخاطب کر کے بولی۔"وہ میرے کئی آدمیوں کو قتل کر کے ایک قیدی کو اغوا کر کے لے گیا۔"

کوئی کچھ نہ بولا۔ وہ اسے حیرت سے دیکھے جا رہے تھے۔!

"میں تم سے اس کا بدلہ لے سکتی ہوں لیکن میں ایسا نہیں کروں گی۔"

"میں تم سے کام لوں گی۔ تم میرے لئے کام کرو گے زندگی بھر... ظفر کوئی اچھا سا نغمہ۔!"

ظفر نے تاروں پر مضراب لگائی.... ایک خوب صورت نغمہ فضا میں انگڑائیاں لینے لگا۔

تھریسیا کی آنکھوں سے غنودگی جھانک رہی تھی وہ جولیا کے چہرے پر نظریں جمائے ہوئے پتہ نہیں کیا سوچنے لگی تھی۔ دفعتاً اس نے ہاتھ اٹھا کر موسیقی روک دی اور جولیا سے بولی۔"کیا خیال ہے تمہارا میں عمران کو مار ڈالوں گی۔"

"کک.... کیا.... وہ پھر پکڑ لیا گیا....!" جولیا بدحواس ہو کر بولی۔

"تو کیا تم یہ سمجھتی ہو کہ وہ میری مدد کے بغیر یہاں سے جا سکے گا!"

جولیا کچھ نہ بولی۔ نچلا ہونٹ دانتوں میں دبائے کچھ سوچتی رہی۔

"بہت طرح دے چکی ہوں۔ اس بار زندہ نہ چھوڑوں گی!" تھریسیا کہتی رہی..!"میں اسے برداشت نہیں کر سکتی کہ زیرولینڈ کا کوئی شہری اسطرح مار لیا جائے۔ اس نے کئی خون کئے ہیں۔!"

"کیا وہ دوبارہ پکڑ لیا گیا ہے۔!" جولیا نے پھر مضطربانہ انداز میں پوچھا۔

"کیوں....! تمہارے علاوہ اور کوئی بھی یہ معلوم کرنے کے لئے بے چین نہیں۔ کیا بات ہے؟" تھریسیا کا لہجہ بے حد زہریلا ہو گیا تھا۔

"یہ میرے سوال کا جواب تو نہیں!"

"اوہ....! یقین کرو میں اسے تمہارے سامنے ہی قتل کروں گی!" تھریسیا نے قہقہہ لگایا۔

جولیا پلکیں جھپکائے بغیر اسے گھورے جا رہی تھی۔ ایسا لگتا تھا جیسے اس پر کسی قسم کی دیوانگی طاری ہونے والی ہو.... دفعتاً وہ تیز قسم کی سرگوشی کے سے انداز میں بولی۔ "تم ایسا نہیں کر سکتیں تم ہرگز ایسا نہیں کر سکتیں۔ تم اس سے محبت کرتی ہو... تم اس سے مم جبت،... کک.... کر۔!"

اس کی آنکھیں آہستہ آہستہ بند ہوتی جا رہی تھیں۔ آخری الفاظ ہونٹوں میں بھینچ کر رہ گئے اور وہ تیورا کر فرش پر گری۔

چاروں طرف سکوت طاری تھا۔ اور وہ سب اپنی اپنی جگہوں پر بُت بنے ہوئے تھے۔ کسی نے بھی اسے اٹھانے کی کوشش نہ کی۔ تھریسیا کے چہرے پر عجیب سی افسردگی طاری ہو گئی تھی۔

دفعتاً وہ کانپتی ہوئی سی آواز میں چیخی.... "لے جاؤ انہیں.... ہٹاؤ میرے سامنے سے۔!"

"تم تھک گئے ہو گے.... گوڈڈین۔!" ہاپکنز نے بڑے پیار سے کہا اور عمران کے گالوں پر ہاتھ پھیرنے لگا۔

"چھپنے کے لئے کوئی مناسب جگہ تلاش کئے بغیر میں رک نہیں سکتا۔" عمران بولا۔

"تم حیرت انگیز صلاحیتوں کے مالک معلوم ہوتے.... مجھ جیسے پہاڑ کو پیٹھ پر اٹھائے ہوئے اتنی بلندی پر مسلسل چلتے رہنا آدمی کے بس کی بات تو نہیں سچ بتاؤ تم کون ہو۔؟"

"میں گوڈڈین ہوں.... لیکن باپ کا نام نہ بتا سکوں گا۔"

"میں اب کچھ نہیں پوچھوں گا ورنہ گفتگو کرنے میں تم تھکن محسوس کرنے لگو گے۔!"

مطلع صاف تھا۔ اندھیرا اتنا گہرا نہیں تھا کہ وہ اپنے پیروں کے قریب آنے والی دشواریوں کو نہ دیکھ سکتا! جلد ہی اسے ہاپکنز کو نیچے اتار دینا پڑا۔ کیونکہ اس کے سامنے ایک خطرناک قسم کی ڈھلان تھی۔

"کیوں.... کیا بات ہے!" ہاپکنز نے پوچھا۔

"راستہ خطرناک ہے.... میں پہلے اس کا اندازہ کرلوں.... تم یہیں لیٹ جاؤ....!"

"نہیں.... ٹھیک ہے.... میں بیٹھوں گا....!"

"اس طرح دیکھ لئے جانے کا خدشہ ہے۔"

"دیکھ لئے جانے کا خدشہ....!" وہ زہر خند کے ساتھ بولا "پتہ نہیں کیوں ابھی تک کوئی فے گراز نہیں اڑا۔ پوری وادی روشنی میں نہا جائے گی اس کی سرچ لائٹوں سے.... ہم نے تو ایک جوا کھیلا ہے۔!"

"الیکٹروگس ہے میرے پاس....!" عمران بولا۔

"شاید تم الیکٹروگس کے بارے میں زیادہ نہیں جانتے؟"

"ہمارے یونٹ میں صرف ایک الیکٹروگس تھا۔ اسے بھی کبھی قریب سے دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا۔!"

"الیکٹروگس کی مار فاصلوں کی پابند ہے۔ بلاشبہ وہ فے گراز کے بھی پرخچے اڑا سکتا بشرطیکہ فے گراز سو گز کے فاصلے پر پرواز کر رہا ہو۔ میرا خیال ہے کہ تم اس کی اندرونی ساخت سے بھی واقف نہ ہو گے۔!"

"ظاہر ہے کہ میں نے اسے قریب سے نہیں دیکھا۔ البتہ فراہام نے مجھے اس کے استعمال کے بارے میں بتایا تھا....!" عمران بے تکان جھوٹ بولے جا رہا تھا۔ اور یہ بھی محض اتفاق تھا کہ ہاپکنز برازیل کے یونٹ کے بارے میں تفصیلی معلومات نہیں رکھتا تھا۔

ہاپکنز اس کی ہدایت کے مطابق زمین پر لیٹ گیا اور وہ نشیب میں اترنے لگا۔

کچھ دور چل کر اس نے محسوس کیا کہ چھپنے کے لئے یہاں بہتیری جگہیں ہو سکتی ہیں شاید فے گراز کی سرچ لائٹیں بھی انہیں نہ ڈھونڈ پائیں۔

وہ پھر اوپر پہنچا اور ہاپکنز کو اٹھاتا ہوا بولا۔ "اب تمہیں کچھ دور اپنے پیروں سے چلنا پڑے گا.... راستہ مخدوش ہے دونوں ختم ہو جائیں گے اگر میں تمہیں اپنی پیٹھ پر لاد کر چلا۔!"

وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر بہت احتیاط سے نیچے اتارنے لگا۔

جگہ اچھی خاصی تھی۔ اوپر سے دیکھ لئے جانے کا خدشہ نہیں تھا۔ دو بڑے پتھروں کے اوپر یک چٹان کا کچھ حصہ بالکل سائبان کی طرح چھایا ہوا تھا۔ لیکن جگہ زیادہ کشادہ نہیں تھی۔

بہر حال وہ اطمینان سے بیٹھے رہ سکتے تھے۔

"دن نکلنے پر میں تم سے یہاں کا محلِ وقوع معلوم کرنے کے بعد ہی تمہاری رہنمائی کر سکوں گا....!" ہاپکنز نے عمران کے شانے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

"ہاں.... ٹھہرو.... میں تمہیں الیکٹروگس کے بارے میں بتاؤں۔ اس کے بٹ کے نچلے حصے میں سرخ رنگ کا ایک پشن بٹن ہوتا ہے۔ اسے دبانے پر بٹ کا ایک حصہ کھل جاتا ہے.... بٹ کے اندر تمہیں ایک چھوٹی سی چوکور بیٹری ملے گی۔ جس کا نصف حصہ اسٹین لیس اسٹیل کا ہوگا اور نصب حصہ کتھئی رنگ کے پتھر کا ہوگا.... اگر کتھئی رنگ کے حصہ کی اُوپری سطح پر چھوٹے چھوٹے رنگین گڑھے پڑگئے ہوں تو سمجھ لو کہ بیٹری ایگزہاسٹ ہورہی ہے لیکن سطح ہموار ہے تو سمجھ لو کہ ابھی تم اس سے ہزاروں فائر کر سکتے ہو۔!"

عمران نے اسی وقت الیکٹروگس سے بیٹری نکال کر اس کی سطح پر انگلی پھیری۔ کہیں بھی کوئی گڑھا محسوس نہ ہوا۔ ہاپکنز نے بھی اسے ہاتھ میں لے کر اطمینان ظاہر کرتے ہوئے کہا۔ "تم نے اگر چالاکی سے کام لیا تو سب کے منہ پھیر دو گے۔!"

پھر انہوں نے بقیہ رات وہیں بیٹھ کر گزار دی۔ نہ انہیں کسی نئے واقعے سے دوچار ہونا پڑا۔ نہ فے گرازوں سے سرچ لائٹ کے ذریعے انہیں تلاش کیا گیا اور نہ انہوں نے اپنے آس پاس کسی قسم کی آواز سنی!

"مجھے حیرت ہے۔" ہاپکنز نے صبح ہوتے ہی کہا۔ "تھریسیا اتنی لاپرواہی سے کیوں کام لے رہی ہے۔! اوہ میں سمجھ گیا....!"

"کیا سمجھ گئے۔؟"

"گوڈ ڈین....!" وہ پرجوش لہجے میں بولا۔ "وہ چھپ کر دیکھے گی کہ میں کہاں جاتا ہوں۔!"

"میں نہیں سمجھا ہاپکنز۔!"

"تم نہیں سمجھ سکتے....!" وہ مضطربانہ انداز میں ہاتھ ملتا ہوا بولا۔ "تم نہیں سمجھ سکتے۔ کیا صبح ہوگئی۔؟"

"ہاں.... آں.... سورج نکلنے والا ہے!"

"چاروں طرف نظر دوڑا کر دیکھو۔ کسی پہاڑ کی چوٹی گھوڑے کے سر سے بھی مشابہ ہے...

ایسا لگتا ہے جیسے اس نے اپنی تھوتھنی اوپر اٹھا رکھی ہو۔!"

عمران آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر چاروں طرف دیکھنے لگا۔ پھر کچھ دیر بعد بولا۔ "ہاں ہے تو.... لیکن یہاں سے فاصلہ زیادہ معلوم ہوتا ہے!"

"اُس کی فکر نہ کرو.... اس کی سیدھ میں چلنے کی کوشش کرو۔ اگر ہم وہاں پہنچ گئے تو سمجھ لو پالا مار لیا۔!"

"وہاں کیا ہے؟"

"میں یہ ابھی نہیں بتاؤں گا۔"

"میں سمجھا.... اچھی طرح سمجھ گیا....!" عمران ناخوشگوار لہجے میں بولا۔

"کیا سمجھ گئے۔"

"ابھی تم نے کہا تھا تھریسیا چھپ کر دیکھنا چاہتی ہے کہ تم کہاں جاتے ہو۔؟"

"ہاں تو پھر...."

"تم شاید مجھے بھی تھریسیا ہی کا کوئی آدمی سمجھے ہو!"

"نن.... نہیں تو....!"

"جھوٹ نہ بولو.... میں بچہ نہیں ہوں....!"

"خفا ہونے کی ضرورت نہیں۔!" وہ نرم لہجے میں بولا۔ "کیا تم مجھے محتاط رہنے میں حق بجانب نہیں سمجھتے۔"

"یہی سوچ کر خاموش رہ جانا پڑتا ہے۔ لیکن میں تمہیں کس طرح یقین....!"

"چلو.... غصہ تھوک دو.... میں نے کتنی صفائی سے اعتراف کرلیا کہ مجھے تم پر شبہ ہے! میں اپنی آنکھیں کھو چکا ہوں میرے دوست کاش میں تمہیں دیکھ سکتا۔ تم غیر معمولی قوت کے مالک ہو.... مجھے اس طرح پشت پر اٹھائے ہوئے اُونچی نیچی زمین پر مسلسل چلتے رہنا کسی آدمی کے بس کا روگ نہیں۔ تم پتہ نہیں کیا چیز ہو۔"

"میں الفاظ سے بہلنے والا نہیں.... پہلے میری حیثیت کا تصفیہ ہونا چاہئے.... میں پھر ہی آگے قدم بڑھاؤں گا۔!"

"تم میرے دوست ہو.... مجھے یقین ہے....!" ہاپکنز بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔

"بس تو پھر بتاؤ وہاں کیا ہے؟"

"بہت ضدی ہو..... خیر سنو.....! میں ایک ایسی اڑن طشتری بنوانے میں کامیاب ہو گیا ہوں جسے دنیا کا کوئی ریڈار سسٹم ظاہر نہیں کر سکتا! تھریسیا کے قبضے میں بھی کوئی ایسا ریڈار سسٹم نہیں۔!"

وہ خاموش ہو گیا اور عمران اس کے دوبارہ بولنے کا منتظر رہا۔ کچھ دیر بعد ہاپکنز نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا۔ "جتنی جلدی ممکن ہو وہاں تک پہنچنے کی کوشش کرو..... میری وہ اڑن طشتری وہیں کہیں پوشیدہ ہے..... تین گونگے بہرے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ وہ اُس کے استعمال سے بھی واقف ہیں! اور صرف اشاروں کی زبان سمجھتے ہیں..... اشارے بھی مخصوص قسم کے..... بہر حال انہیں بھی میرے علاوہ دنیا کا کوئی اور آدمی کچھ سمجھا نہیں سکتا۔!"

عمران نے اسے دوبارہ اپنی پیٹھ پر اٹھایا اور اسی سمت چل پڑا جدھر کی نشاندہی اس نے کی تھی۔ دیکھ لئے جانے کے خدشے کی بنا پر تیز رفتاری ممکن نہیں تھی! ہاپکنز بھی بار بار..... یاد دہانی کئے جا رہا تھا کہ اسے بہت محتاط ہو کر آگے بڑھنا ہے۔

دن ڈھلنے لگا..... بھوک اور پیاس کے مارے بُرا حال تھا۔ لیکن وہ چلتا رہا۔

"کیا تم کہیں رُک کر دم نہیں لو گے؟" ہاپکنز نے کہا۔

"اگر بیٹھا تو پھر اٹھا نہیں جائے گا.....!" عمران نے کہا۔

"تم بڑی مشقت جھیل رہے ہو..... میرے لئے.....!"

"اپنے لئے ہاپکنز.....! میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ تمہاری مدد کے بغیر یہاں سے نہیں نکل سکتا۔ کسی بھی ملک کی سرحد تک پہنچ جانے کے بعد میں خود ہی اپنی خبر گیری کر سکوں گا۔!"

"یہ تو تم ٹھیک کہتے ہو..... لیکن پھر تمہیں کہیں جانے کی ضرورت نہیں!" ہاپکنز بولا۔ "میں تمہیں اپنی آنکھیں بناؤں گا۔"

عمران کچھ نہ بولا..... ہاپکنز کہتا رہا..... "میں تمہیں دکھاؤں گا کہ کسی تنظیم کی سربراہی کس طرح کی جاتی ہے..... تھریسیا نے زیادہ تر لوگوں کو بددل کر دیا ہے۔ میں انہیں باپ کا پیار دوں گا۔"

"مسلسل کچھ سنتے رہنے سے بھی تھکن کا احساس ہونے لگتا ہے!"

"اچھا اب میں نہیں بولوں گا!.....!" ہاپکنز نے ہنس کر کہا۔ اس ہنسی میں پدرانہ شفقت بھی

شامل تھی۔! پھر سورج افق میں جھکنے لگا۔ پہاڑ کی وہ چوٹی اب بھی بہت دُور تھی جس کی نشاندہی ہاپکنز نے کی تھی۔

”اب تو بھوک کے مارے قدم اٹھانا دشوار ہو رہا ہے!“ عمران بولا۔

”میرے خیال سے کہیں رک جاؤ.... کچھ دیر کے لئے۔“

”ہاں.... اور میں کچھ پہاڑی چھپکلیاں تلاش کروں، پیٹ بھرنے کے لئے۔!“

”چھپکلیاں۔؟“

”شوربہ نہایت لذیذ ہوتا ہے۔!“

”گھناؤنی باتیں نہ کرو۔!“

عمران نے بیٹھنے کے لئے ایک مناسب سی جگہ تلاش کرلی اور اپنی سانسیں درست کرنے لگا۔ ایسی تھکن اس سے پہلے کبھی طاری نہیں ہوئی تھی وہ سوچ رہا تھا کہیں اسی جگہ نہ بیٹھے رہ جانا پڑے۔ ہاپکنز بھی بہت زیادہ مضمحل نظر آرہا تھا۔ لیکن اس نے کسی قسم کی شکایت نہیں کی۔ یہ جگہ سرسبز و شاداب تھی.... عمران نے سوچا کیوں نہ پھل تلاش کئے جائیں.... اس نے ہاپکنز سے اس کے امکانات کے بارے میں پوچھا۔ اس نے بتایا کہ ان اطراف میں اکثر جنگلی پھل ملتے ہیں۔ لیکن خود انہیں استعمال کرنے کا اتفاق کبھی نہیں ہوا....!

عمران اسے وہیں چھوڑ کر اٹھ گیا۔ بڑی پُر فضا جگہ تھی۔ حد نظر تک سبزہ ہی سبزہ نظر آتا تھا۔ خودرو پھولوں کی جھاڑیاں جابجا بکھری پڑی تھیں۔!

وہ ڈھلان میں اترنے لگا.... تھوڑی ہی دور چلنے کے بعد اُس نے محسوس کیا کہ نیچے کوئی پہاڑی نالہ بہہ رہا ہے.... نیچے چھوٹے چھوٹے درختوں کے جھنڈ بھی دکھائی دے رہے تھے۔

وہ بڑی احتیاط سے نیچے اترنے لگا۔

تھوڑی ہی دور چلنے کے بعد اسے رک جانا پڑا۔ کیونکہ یہاں سے نالہ نظر آنے لگا تھا.... یہی نہیں بلکہ اس نے ایک آدمی کو جھکے دیکھا جو شاید چھاگل میں پانی بھر رہا تھا....!

عمران جہاں تھا وہیں رک گیا.... خواہ مخواہ کسی قسم کا خطرہ نہیں مول لینا چاہتا تھا۔ لیکن جیسے ہی وہ چھاگل بھر کر پلٹا.... تھکن کے سارے آثار گویا ہوا میں تحلیل ہو گئے! یہ صفدر تھا.... چھاگل کا اسٹریپ کاندھے پر ڈال کر وہ اوپر چڑھنے لگا... لیکن اس کا رخ عمران کی طرف نہیں تھا۔

عمران اس سے کٹ کٹ کر چلتا ہوا ایک ایسے پوائنٹ پر آپہنچا جہاں اُن کا ملنا ضروری تھا۔

عمران پر نظر پڑتے ہی صفدر بوکھلا سا گیا۔ پھر اس کے چہرے پر سرخی عود کر آئی۔ شاید یہ خوشی کا خاموش اظہار تھا۔

"تم کہاں....؟" عمران نے اس کے قریب پہنچ کر آہستہ سے پوچھا۔

"پہلے وہ بہت زیادہ غضب ناک تھی۔ پھر اس نے ہمیں چھوڑ دیا۔"

"چھوڑ دیا.... کیا مطلب؟"

صفدر نے اسے جولیا کی غشی کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا "اس کے بعد سے تھریسیا نارمل دکھائی نہیں دیتی تھی.... اس نے حکم دیا کہ ہم سب چھوڑ دیئے جائیں....!"

"واپسی کے لئے راستہ بھی بتایا تھا اس نے!"

"نہیں.... وہ کہہ رہی تھی کہ میں تم لوگوں کا خون اپنی گردن پر نہیں لینا چاہتی! تم ویسے ہی پتھروں سے ٹکرا کر بھوکے پیاسے مر جاؤ گے۔!"

"ہوں....!" عمران چند لمحے کچھ سوچتا رہا پھر بولا۔ "اس کے باوجود بھی تم نے محسوس کیا ہوگا کہ تمہارا تعاقب کیا جارہا ہے!"

"اوہ.... کمال ہے....!" صفدر اسے گھورتا ہوا بولا۔ "دوسرے میرے اس خیال سے متفق نہیں ہیں۔ لیکن آپ نے یہ خود بخود سوال اٹھا دیا۔ یقین کیجئے وہاں سے نکلتے ہی میں اس وہم میں مبتلا ہو گیا تھا کہ ہماری نگرانی کی جارہی ہے۔!"

"بقیہ ساتھی کہاں ہیں۔؟" عمران نے پوچھا۔

"یہاں سے تھوڑے فاصلے پر ایک غار میں.... سب کی حالت تباہ تھی پیاس کے مارے.... میں پانی کی تلاش میں نکلا تھا۔"

"کچھ کھانے کو بھی ہے؟"

"ہاں میرے تھیلے میں دو ڈبل روٹیاں ہیں!"

"ایک مجھے دے دو.... جہاں ٹھہرے ہو وہیں ٹھہرے رہو۔ آگے جانے کی ضرورت نہیں۔ تھریسیا کیا چاہتی ہے میں بخوبی جانتا ہوں۔!"

"کیا چاہتی ہے؟"

"اس نے تم لوگوں کو اس لئے چھوڑ دیا ہے تا کہ مجھ پر ہاتھ ڈال سکے۔"

"بات سمجھ میں نہیں آئی۔"

"اس کی دانست میں میں بھی اِدھر اُدھر بھٹک رہا ہوں گا.... تم لوگوں کو اس طرح آزاد دیکھ کر میں فطری طور پر تم سے ملنا چاہوں گا اور پھر اس کے آدمی ایک بار پھر ہم سب پر ہاتھ ڈال دیں گے! وہ اتنی رحم دل نہیں ہے کہ ایک ہتھیا ہو جانے پر پورے ریوڑ کو آزاد کر دے۔"

"صفدر ایک ڈبل روٹی اس کے حوالے کر کے آگے بڑھ گیا تھا۔

عمران نے چھپ کر اس کا تعاقب کیا اور بالآخر اسے ایک غار کے دہانے میں داخل ہوتے دیکھ کر وہیں سے پلٹ آیا۔

عمران نے روٹی خود کھائی تھی.... اور.... ہاپکنز کے لئے جنگلی پھل تلاش کئے تھے.... روٹی اسے کس طرح دے سکتا تھا.... اس کے لئے تو وہ گوڈ ڈین تھا۔

اندھیرا پھیلتے ہی سفر دوبارہ شروع ہو گیا۔ آج بھی مطلع بالکل صاف تھا اور تاروں کی چھاؤں راستہ دکھانے کے لئے کافی تھی.... اور شفاف آسمان کے پیش منظر میں وہ چوٹی بھی صاف نظر آ رہی تھی جس کی سمت انہیں جانا تھا.... عمران چلتا رہا۔ دفعتاً ایک جگہ اسے رک جانا پڑا۔ ذرا سی غفلت دونوں ہی کو موت کے گھاٹ اتار دیتی۔

"کیوں.... کیا ہوا....؟" ہاپکنز چونک کر بولا۔

"بڑی گہری کھائی ہے....!" عمران نے جواب دیا "ذرا سی بھی چوک ہمیں نیچے لے جاتی۔!"

"گہری کھائی؟" ہاپکنز کانپتی ہوئی آواز میں بولا۔ "اوہ.... دیکھو کیا نیچے اترنا آسان ہے"۔

عمران اسے وہیں اتار کر نیچے اترنے کے امکان کا جائزہ لینے لگا لیکن دُور دُور تک گہرائی بالکل کنوئیں ہی کی سی نظر آئی۔ تھک ہار کر لوٹ آیا.... اور ہاپکنز کو اس کے بارے میں بتانے لگا۔

"تب تو.... تب تو.... یہی سمجھنا چاہئے کہ تقدیر مجھ پر مہربان ہے۔"

ہاپکنز کانپتی ہوئی آواز میں بولا۔ "قدرت نے ہمیں وہیں پہنچا دیا ہے جہاں پہنچنا تھا۔!"

"او بھائی.... کہیں تمہارا دماغ تو نہیں چل گیا۔!"

"یقین کرو.... گوڈ ڈین.... ہم خوش قسمت ہیں۔ کیا تم سمتوں کا تعین کر سکتے ہو۔"

"ہاں کیوں نہیں.... قطب ستارہ مجھے صاف نظر آرہا ہے!"

"شمال کی طرف چلو.... اسی کھائی کے کنارے کنارے.... جس جگہ سے آگے نہ بڑھ سکو.... وہیں رک جانا اور اب میں اپنے پیروں سے چلوں گا۔!"

"بہت دیر لگے گی اس طرح.... آؤ....!" عمران نے کہا اور پھر اسے اپنی پیٹھ پر لاد لیا۔

زمین مسطح تھی اس لئے عمران تیز رفتاری کے ریکارڈ توڑ رہا تھا۔ ایک بار ہاپکنز نے کہا بھی کہ اُسے دوڑ کر نہ چلنا چاہیئے۔ ورنہ وہ بہت جلد تھک جائے گا۔!

کچھ دور چلنے کے بعد عمران کو رُک جانا پڑا تھا.... ایسا معلوم ہوا جیسے کسی بہت اونچی دیوار نے ان کا راستہ روک لیا ہو! اور اس دیوار کا سلسلہ مشرق میں بہت دور تک پھیلا نظر آیا تھا۔

اس نے ہاپکنز کو بتایا کہ راستہ مسدود ہو چکا ہے۔

"یہی ہے ہماری منزل....!" ہاپکنز نے طویل سانس لے کر کہا۔ "اب مجھے اتار دو.... اب میں اندھا ہونے کے باوجود بھی تمہاری رہنمائی کر سکوں گا۔!"

عمران نے اسے اتار دیا اور وہ راہ میں حائل ہو جانے والی چٹانی سلسلے کے قریب پہنچ کر اس طرح ہاتھ پھیرنے لگا جیسے کوئی رحم دل مالک اپنے جانوروں کی پیٹھ سہلاتا ہے۔

"اب تم میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے اس کھائی کے کنارے کنارے پھر جنوب کی طرف لے چلو۔!" اس نے عمران سے کہا۔

عمران چند لمحے اُسے گھورتا رہا۔ پھر ہاتھ پکڑ کر بولا۔ "چلو۔!"

"ایک.... دو.... تین....!" ہاپکنز نے قدم گننے شروع کئے اور گیارہ تک گننے کے بعد رک گیا اور زمین پر بیٹھ کر کچھ ٹٹولنے لگا۔

عمران اس کے پیچھے کھڑا تھا۔ دفعتاً اس نے عجیب قسم کی گھڑگھڑاہٹ اپنے پیروں کے نیچے محسوس کی اور غیر ارادی طور پر کئی قدم پیچھے ہٹ گیا۔

پیچھے تو کسی قدر ہاپکنز بھی ہٹا تھا۔ لیکن اتنا بھی نہیں کہ عمران کے قریب پہنچ جاتا۔

"آؤ.... آگے بڑھ آؤ.... میرا ہاتھ پکڑو....!" ہاپکنز پر جوش لہجے میں بولا۔

عمران اس تاریکی میں ایک روشن مستطیل دیکھ رہا تھا۔ آگے بڑھ کر دیکھا چٹیل زمین پر ایک روشن خلا نظر آیا اور اس خلا میں سیڑھیوں کی قطار کافی گہرائی تک چلی گئی تھی۔ عمران اس کا ہاتھ پکڑ کر خلا میں اتر گیا۔ آٹھویں زینے پر ہاپکنز نے اسے پھر رُکنے کو کہا اور بائیں جانب ہاتھ لے جا کر ایک سوئچ بورڈ کو ٹٹولنے لگا.... دوسرے ہی لمحے میں عمران نے پھر گھڑگھڑاہٹ سُنی۔!

"اب چلو.... میں نے راستہ مسدود کر دیا ہے!" ہاپکنز بولا۔ اور وہ پھر سیڑھیاں اترنے لگے.... جیسے ہی مسطح زمین پر پہنچے تین آدمی نظر آئے جن کے چہروں پر وحشت زدگی کے آثار تھے۔ عمران نے آہستہ سے ہاپکنز کو ان کی موجودگی کے بارے میں بتایا....! بتایا اور جی بھر کے پچھتایا.... کیونکہ ہاپکنز نے ان تین آدمیوں کی موجودگی کا علم ہوتے ہی پاگلوں کی سی حرکتیں شروع کر دی تھیں۔ کبھی زور زور سے ہاتھ ہلاتا اور کبھی بندروں کی طرح اچھلنے کودنے لگتا.... صرف وہی نہیں بلکہ وہ تینوں بھی اُسے پاگل سے معلوم ہوئے کیونکہ وہ بڑی سنجیدگی اور احترام کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کی اچھل کود کو دیکھ رہے تھے۔ پھر وہ ساکت ہوا ہی تھا کہ تینوں اس کے قریب آئے اور جھک جھک کر اُس کی آنکھوں میں دیکھنے لگے۔

دفعتاً ہاپکنز نے عمران سے کہا۔ "تمہیں میری حرکتوں پر حیرت ہوئی ہوگی۔ میں دراصل انہیں اپنی بپتا سنا رہا ہوں۔ وہ گونگے اور بہرے ہیں میں نے ہی انہیں ٹریننگ دی تھی! میرے علاوہ اور کوئی ان پر اپنا مافی الضمیر واضح نہیں کر سکتا....! میں نے انہیں بتایا کہ میں اپنی بینائی کھو چکا ہوں۔ لہذا انہیں صرف میرے اشاروں کو سمجھنا ہے۔ میں ان کی باتیں نہ سمجھ سکوں گا۔!"

وہ رات انہوں نے ایک آرام دہ کمرے میں بسر کی تھی۔! اور دوسری صبح عمران سوچ رہا تھا کہ کہیں ہاپکنز نے اُسے پہچان تو نہیں لیا ہے۔! ہو سکتا ہے اُسے پیٹھ پر لاد کر چلتے وقت اس سے کوئی لغزش ہو گئی ہو.... ان کے سفر کے ایک حصے میں تو عمران اپنے حواسوں ہی میں نہیں تھا۔ ممکن ہے اسی وقت بے خیالی میں اس سے کوئی فرد گذاشت ہو گئی ہو.... یہ خیال اس لئے پیدا ہوا تھا کہ ان تینوں آدمیوں میں سے ایک رات بھر کمرے کے دروازے کی نگرانی کرتا رہا تھا۔!

ناشتے میں بھورے رنگ کے کسی سیال کا گلاس ملا.... ہاپکنز کو اسے پیتے دیکھ کر عمران نے بھی ایک گھونٹ لیا۔ مشروب خوش ذائقہ تھا اور حیرت انگیز بھی۔ کیونکہ عمران نے گلاس ختم کر کے اپنے جسم میں فوری طور پر ایسی توانائی محسوس کی تھی، جیسے پیٹ بھر کر کھانا کھایا ہو....

ہاپکنز نے بتایا کہ وہ تینوں آدمی سالہا سال سے صرف اسی مشروب پر گزارہ کررہے ہیں! ٹھوس قسم کی غذا ان کے لئے کوئی معنی نہیں رکھتی اور مشروب کی تیاری سائنٹیفک طور پر ہوتی ہے۔!

اور یہاں وہ اتنی وافر مقدار میں موجود ہے کہ وہ سال بھر تک بخوبی کام چلا سکتے ہیں۔!

پھر اصل کام شروع ہوا.... ہاپکنز کے تینوں ساتھی انہیں اس جگہ لائے جہاں ہاپکنز کی بیان کردہ اڑن طشتری موجود تھی۔ اس نے عمران سے کہا....''میں نے ان لوگوں سے کہا ہے کہ تمہیں اس کا استعمال سکھائیں۔!''

پھر اس نے اس کی خصوصیات بتانی شروع کیں۔ اُس سے تھریسیا کے فے گرازوں کو تباہ کیا جاسکتا ہے۔ ہاپکنز نے یہ بھی بتایا کہ خود اس پر کوئی حربہ کارگر نہیں ہوتا۔ اس کی اوپری سطح تیزی سے گردش کرتی رہتی ہے اور اس پر کئے جانے والے حربے اسی گردش کی بناء پر اس سے کترا کر گزر جاتے ہیں! خواہ وہ الیکٹروگس کی برقی رو ہی کیوں نہ ہو!

''تو پھر تم نے اُسے تھریسیا کے خلاف پہلے کیوں نہ استعمال کیا۔'' عمران نے پوچھا۔

''یہ نہ بھولو کہ ہمارے درمیان صرف اصولوں کی خاطر جنگ رہتی ہے! زیرو لینڈ کے شہریوں کی تباہی کبھی میرے مدِ نظر نہیں رہی۔ میں تو تھریسیا کے وجود سے زیرو لینڈ کو پاک کرنا چاہتا ہوں۔ وہ ہمیشہ مجھ سے بھاگتی پھری ہے! لیکن اب اپنی آنکھیں کھو بیٹھنے کے بعد کسی کی بھی پرواہ نہیں۔ تھریسیا کے ساتھ ہی دو چار سو اور بھی مر گئے، تو مجھے ذرا بھی پرواہ نہ ہوگی۔

''اس کے علاوہ اور کوئی چارہ بھی تو نہیں ہاپکنز۔!''

''میں سمجھتا ہوں گوڈ ڈین۔!'' وہ اس کا شانہ تھپک کر بولا۔

وہ دن بھی گزر گیا اور صفدر نے کسی کو بھی غار سے باہر نہ نکلنے دیا۔ شام کو پھر پانی کی ضرورت پیش آئی اور صفدر چھاگل لے کر تنہا نکل گیا۔ عمران سے ملاقات کے بعد سے وہ بے حد چوکنا ہو گیا تھا۔

اس وقت غار سے باہر نکلا تو خاص طور پر ذہن ان نادیدہ تعاقب کرنے والوں کی طرف

متوجہ تھا۔ جن کے بارے میں عمران نے اپنا خیال ظاہر کیا تھا۔ نشیب سے اتر کر وہ نالے کے کنارے تک آیا۔ چھاگل بھری اور پھر غار کی طرف پلٹ پڑا۔

اس نے ایک چٹان کے پیچھے سے سر ابھارا ہی تھا کہ ایک اجنبی غار کے دہانے کے قریب نظر آیا، جو غار کے اندر جھانکنے کی کوشش کر رہا تھا۔ صفدر دو چار بار کھانسا اور زمین پر زور زور سے پیر مارتا ہوا چٹان کی اوٹ سے نکل آیا.... لیکن اب غار کے دہانے کے قریب کوئی بھی نہیں تھا۔ اس نے ایک طویل سانس لی اور آگے بڑھ گیا۔

غار میں پہنچ کر محسوس ہوا کہ وہ لوگ قطعی بے خبر ہیں.... ظفر الملک مینڈولین بجا رہا تھا اور تھیلما کے علاوہ اور کوئی دل چسپی لینے پر تیار نہیں معلوم ہوتا تھا۔ سبھوں کے چہرے پر بے زاری کے آثار تھے۔ اور ایسا لگتا تھا جیسے وہ ظفر کی اس ناوقت خوش مزاجی پر احتجاج کرنے کی بھی سکت نہیں رکھتے۔!

صفدر سیدھا انہیں دونوں کی طرف گیا تھا۔ ظفر نے مینڈولین پر ہاتھ روک لیا۔

"اس میں شک نہیں کہ عمران لوگوں کی ہڈیوں کے اندر تک جھانک سکتا ہے!" صفدر مسکرا کر بولا۔

"میں نہیں سمجھا موسیو!"

"تم یقیناً اس قابل ہو کہ عمران جیسا آدمی تمہیں متبنٰی کرے!"

"ارے.... واہ!" ظفر ہنس کر بولا۔ "لیکن موسیو! مجھے عمران سے ایک شکایت ہے.... نہ وہ ماموزیل جولیانا کی طرف توجہ دیتے ہیں اور نہ مادام تھریسیا کی طرف!"

صفدر کچھ نہ بولا۔ اب وہ دوسروں کی طرف متوجہ ہو گیا تھا۔ تنویر معلوم کرنا چاہتا تھا کہ آخر وہاں پڑے رہنے سے کیا فائدہ۔ تب صفدر نے انہیں بتایا کہ ان کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ لہذا اس کی دانست میں یہی مناسب ہے کہ انہیں وہیں قیام کرنا چاہئے۔ پتہ نہیں اس طرح چھوڑ دینے کی بعد نگرانی کرانے کا کیا مقصد ہے۔

اس نئے مسئلے نے انہیں پھر خاموش ہو جانے پر مجبور کر دیا۔

ظفر نے بھی اب مینڈولین ایک طرف رکھ دیا تھا اور تھیلما سے آہستہ آہستہ کہہ رہا تھا....

"مادام تھریسیا کو میں بالکل نہیں سمجھ سکا۔ یا مجھ پر اتنی مہربانیاں تھیں یا اتنی بے دردی سے دھکے

دلوا کر نکال باہر کیا!"

"کیا تم اس کے پاس رہنا چاہتے تھے؟" تھیلما نے پوچھا۔

"وہ فن کی بڑی اچھی قدر دان ہے اس کے احساسات بڑے نازک ہیں۔ عجیب سی متضاد کیفیات کی حامل ہے وہ عورت۔ اس میں چنگیزیت بھی ہے اور معصومیت بھی۔ اُس نے مجھ سے مسائل تصوف پر بھی گفتگو کی تھی.... میں نے کہا مادام تمہیں خدا کی آڑ میں کسی سُپر مین کی تلاش ہے۔!"

"اچھا اب یہ گفتگو ختم کرو..... مجھے بھوک لگ رہی ہے۔"

"میرا خیال ہے کہ موسیو صفدر نے ٹھنڈے پانی کا انتظام کر لیا ہے۔ روٹی تو شاید کسی کے پاس نہ ہو۔"

دوسری طرف وہ لوگ ابھی تک اس مسئلے پر غور کئے جا رہے تھے کہ آخر اب تھریسیا ان کی نگرانی کیوں کرا رہی ہے! لیکن صفدر نے انہیں عمران کے نظریئے سے آگاہ نہیں کیا۔

باہر اندھیرا پھیل گیا لیکن یہاں اس غار میں دو مومی شمعیں روشن تھیں۔ یہ ان کے اپنے سامان میں شامل تھیں! تھریسیا نے اسلحہ کے علاوہ ان کا اور سب کچھ واپس کر دیا تھا۔

رات گئے انہوں نے ایک زبردست قسم کا دھماکہ سُنا اور ایسا معلوم ہوا جیسے زمین ہل کر رہ گئی ہو۔ غار جھنجھنا اٹھا تھا انہیں ایسا محسوس ہوا جیسے ان کی زبانیں سکڑ کر حلق میں پھنس گئی ہوں۔

یہ اڑن طشتری سے پہلا وار ہوا تھا۔ اس مقام پر جہاں عمران نے گالویدا پر حملہ کیا تھا۔ خود عمران اڑن طشتری میں موجود تھا۔

پوری گھاٹی روشن ہو گئی تھی اس دھماکے سے.... یہ عمران ہی کی تجویز تھی کہ یوں ہی خواہ مخواہ اڑن طشتری سے ایک فائر اس وادی پر کیا جائے.... گویا یہ اعلان جنگ تھا۔

فائر کر کے اڑن طشتری بڑی تیزی سے فضا میں بلند ہو گئی تھی۔ اس کا خیال تھا کہ اگر یہاں کچھ نے گراز بھی موجود ہیں تو وہ اس دھماکے کے بعد یقینی طور پر اڑیں گے۔

ہزاروں فٹ کی بلندی پر پہنچ کر اڑن طشتری وادی پر چکرانے لگی اڑن طشتری میں اپنے تینوں آدمیوں سمیت ہاپکنز بھی موجود تھا! کنٹرول پر ایک آدمی کے ساتھ عمران بھی تھا اور اُسے کام کرتے بغور دیکھتا رہا تھا.... اور آج تو دن بھر ہی اس کی ٹریننگ ہوئی تھی۔

"اب دیکھوں گا.... اب دیکھوں گا....!" ہاپکنز کسی کٹکھنے کتے کی طرح غرایا.... اور طشتری وادی پر چکر لگاتی رہی۔

دفعتاً اڑن طشتری کے مائیک سے آواز آئی۔ "یہ کون ہے؟ میں خود تھریسیا بمبل بی آف بوہیمیا بول رہی ہوں۔"

"اور آج تیرا بچنا محال ہے.... میں ہاپکنز بول رہا ہوں!" ہاپکنز دھاڑا۔ عمران بوکھلا کر سیدھا ہو بیٹھا۔ بڑی خطرناک سچویشن تھی وہ سوچ رہا تھا کہ کہیں تھریسیا اس کا نام نہ لے بیٹھے۔

"کیا گوڈڈین تمہارے پاس موجود ہے!" تھریسیا کی آواز آئی اور عمران نے جھپٹ کر ہاپکنز کا بازو دبا دیا۔

"یہ بکواس کا وقت نہیں ہے!" ہاپکنز عمران کا اشارہ سمجھ کر غرایا۔

"بول خود کو میرے حضور غلاموں کی طرح پیش کرتی ہے یا میں تجھ سمیت سب کو تباہ کردوں۔!"

"اپنی خیر منا اندھے.... ابھی دیکھے لیتی ہوں۔!"

جواب میں ہاپکنز نے ایک وحشیانہ قہقہہ لگایا اور اڑن طشتری وادی پر چکراتی رہی۔ پھر نیچے سے سرچ لائٹ کی آڑی ترچھی لکیریں اوپر کی طرف آنے لگیں اور کنٹرول پر بیٹھے ہوئے آدمی نے ان پر فائر کیے اور پھر پہلے ہی کی طرح اندھیرا چھا گیا۔!

"ہاپکنز.... میں پھر سمجھاتی ہوں....!" تھریسیا کی آواز سپیکر سے آئی۔

"اوہ.... اپنی فکر کرو۔ تم نے مجھے محض اسی لئے زندہ رکھا تھا کہ مجھ سے کسی طرح اس حربے کا راز اگلوالو....!"

"لیکن یہ حربہ اب ہم دونوں کے مشترکہ دشمن کے ہاتھ لگنے والا ہے!"

"عمران نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر کا سوئچ آف کر دیا اور بولا.... خواہ مخواہ بور کیے جا رہی ہے.... بند کرواسے.... ہمیں اپنا کام جاری رکھنا چاہیے۔!"

"ہاں ٹھیک ہے!" ہاپکنز بولا.... "کچھ دیر مزید تباہی پھیلانے کے بعد ہی اس سے گفتگو کی جائے تو بہتر ہے۔!"

"وہ ہار نہیں مانے گی.... !اسے تباہ کر دینا ہی بہتر ہو گا ہاپکنز!" عمران نے کہا۔

ہاپکنز خاموش ہو گیا تھا۔

اڑن طشتری سے دو تین فائر پھر ہوئے اور وہ پہلے ہی کے سے انداز میں وادی پر چکراتی رہی۔!

دفعتاً عمران بولا۔ "فے گراز.... !"

"کتنے ہیں۔؟" ہاپکنز نے پوچھا۔

"تین نظر آرہے ہیں.... اسکرین پر۔"

کنٹرول بورڈ کے سکرین پر تین چمکدار نقطے نظر آرہے تھے۔ اُڑن طشتری سے فائر ہوا اور ایک نقطے کے پرخچے اڑ گئے۔

انہیں ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے دنیا کی آخری جنگ شروع ہو گئی ہو۔ دونوں عورتیں کانوں میں انگلیاں دیئے اوندھی پڑی ہوئی تھیں۔ مردوں کے چہروں پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ ظفرالملک کا مینڈولین پتہ نہیں کس گوشے میں جا پڑا تھا.... اس کا چہرہ بھی دھواں دھواں ہو رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں کسی خوفزدہ بچے کی آنکھوں کی سی جھلکیاں ملتی تھیں۔

سب دم بخود تھے.... کسی کے منہ سے ایک لفظ بھی نہیں نکل رہا تھا۔!

دھماکوں پر دھماکے ہوتے چلے جارہے تھے صرف صفدر ایسا تھا جس نے کئی بار غار کے دہانے تک جانے کی ہمت کی تھی۔ فضا میں آگ کے بڑے بڑے گولے پھٹتے دیکھے تھے! اس کی زندگی میں یہ پہلا فضائی ہنگامہ تھا.... ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے جہنم کا دہانہ کھل گیا ہو۔ ہزاروں فٹ کی بلندی پر کوئی خطرناک کھیل ہو رہا تھا ایسا لگتا تھا جیسے یہ دنیا کی آخری رات ہو۔ غار کا درجہ حرارت بڑھ گیا تھا۔ شدید سردی کے باوجود بھی وہ سب پسینے میں نہائے ہوئے تھے۔

کچھ دیر کے لئے دھماکے رُکے ہی تھے کہ صفدر اونچی آواز میں بولا۔ "ہمیں خوش ہونا چاہئے

کہ عمران کامیاب ہو گیا۔"

وہ سب اس طرح چونکے تھے جیسے میدان حشر سے جلدی چھٹکارا پا جانے کی اطلاع ملی ہو۔!

"وہ ہاپکنز کو نکال لے گیا تھا!" صفدر کہتا رہا۔ "تھریسیا کو ان دونوں کی تلاش تھی اور اس نے ہم لوگوں کو محض اسی لئے چھوڑا تھا کہ اگر عمران اِدھر اُدھر بھٹکتا ہوا ہم لوگوں سے آ ملے تو تعاقب کرنے والے دوبارہ ہمیں عمران سمیت گرفتار کر سکیں.... لیکن وہ بلا کا ذہین ہے اس نے ہمیں بروقت مطلع کر دیا۔"

"اس نے مطلع کر دیا۔!"

"ہاں....!" صفدر نے کہا، اور بتایا کہ کس طرح پچھلی شام عمران سے ملاقات ہوئی تھی۔!

پھر وہ سب ساکت ہو گئے۔ بہت دیر سے کوئی فائر نہیں ہوا تھا۔

"تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ ہم نے چھ فے گراز تباہ کئے۔" عمران ہاپکنز سے کہہ رہا تھا اور اڑن طشتری اب بھی وادی پر چکر لگائے جا رہی تھی۔

"اب ٹرانسمیٹر کا سوئچ آن کر دو۔!" ہاپکنز نے کہا۔

عمران سوئچ آن کرنے سے پہلے بولا۔ "میرا خیال ہے کہ کنٹرول اب میرے ہاتھ میں دے دیا جائے اور تم یہاں میرے قریب آ جاؤ۔"

"کیوں....؟" ہاپکنز نے چونک کر پوچھا۔

"اس سے بہتر اور کوئی موقع نہیں ملے گا کہ میں اپنی صلاحیتوں کا امتحان کر سکوں.... میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ میں نے کہاں تک اس مشین کو سمجھا ہے۔!"

"تمہاری مرضی....!" ہاپکنز نے بڑے کھلے دل سے کہا۔ "تم تو میرے نائب خصوصی ہو!"

پھر اس نے اپنے آدمیوں کو اشارہ کیا اور وہ کنٹرول بورڈ کے پاس سے ہٹ گئے! عمران جوان اشاروں کو بھی کسی حد تک سمجھ چکا تھا اپنے اشاروں کے ذریعے انہیں اڑن طشتری کے ایک مخصوص حصے کی طرف دھکیل لے گیا۔ اس سے فرصت پا کر اُس نے ٹرانس میٹر کا سوئچ آن

کر دیا۔ تھریسیا کی آواز مسلسل آ رہی تھی۔ ”ہلو ہاپکنز.... ہلو ہاپکنز.... ہاپکنز“۔

”ہلو.... تھریسیا....!“ ہاپکنز غرایا۔

”میں تمہیں یہ اطلاع دینا چاہتی ہوں کہ میں تو جا رہی ہوں لیکن اب تم ہمیشہ کے لئے جہنم میں پہنچ جاؤ گے۔“

”تم کہاں جا رہی ہو! ناممکن ہے تھریسیا۔ تمہیں میرے قدموں پر جھکنا پڑے گا.... تمہارا کوئی حربہ میری فلائنگ ساسر کو تباہ نہیں کر سکتا.... کتنے فائر تمہارے فے گرازوں سے ہوئے ہیں لیکن کیا ہوا؟“

”ہاں.... بلاشبہ اس وقت میں تمہیں تسخیر نہیں کر سکتی.... لیکن تم بہر حال قیدی ہو.... میرے نہ سہی.... عمران کے سہی۔!“

اپنا نام سنتے ہی عمران نے کنٹرول بورڈ کا ایک بٹن دبا دیا اور تین بھیانک قسم کی چیخیں سنائی دیں اور ہاپکنز اچھل پڑا۔

اس کے تینوں ساتھی غائب ہو چکے تھے! عمران نے انہیں پہلے ہی اشارہ کر کے ایسی جگہ پہنچا دیا تھا کہ کنٹرول بورڈ کا بٹن دبتے ہی وہ ہزاروں فٹ کی بلندی سے نیچے گر کر لوتھڑوں کی شکل میں بکھر گئے ہوں گے۔

دفعتاً ٹرانسمیٹر سے پھر آواز آئی۔ ”یہ چیخیں کیسی تھیں ہاپکنز!“

”میں نہیں جانتا....!“ ہاپکنز کے منہ سے بے اختیارانہ طور پر نکلا۔

”کیا گوڈڈین تمہارے پاس ہی موجود ہے!“ آواز آئی۔

”ہاں....!“ ہاپکنز پھٹی پھٹی سی آواز میں بولا۔

”وہ عمران ہے....!“ تھریسیا نے کہہ کر مختصر الفاظ میں اسے بتایا کہ کس مقصد کے تحت اس نے عمران کو اس کے برابر والے کمرے میں جگہ دی تھی! لیکن عمران اسے جل دے گیا۔

عمران نے بھنا کر ٹرانسمیٹر کا سوئچ آف کر دیا۔

”کک.... کیا وہ سچ کہہ رہی تھی۔!“ ہاپکنز نے بھرائی ہوئی آواز میں پوچھا.... پھر اچھل کر بولا۔ ”میرے آدمی....؟“ اور بڑی شد و مد سے ان کے لئے اشارے کرنے لگا۔

”تھک جاؤ گے۔!“ عمران بڑے پیار سے بھرے لہجے میں بولا۔ ”وہ بے چارے تو نیچے گئے۔“

"کیا مطلب۔؟" ہاپکنز حلق پھاڑ کر دھاڑا۔

"نیچے.....!عمران اتنا اناڑی نہیں ہے۔!"

"تم عمران.... میں تمہیں مار ڈالوں گا....!" وہ دانت پیس کر اس کی طرف مڑا۔

عمران نے اُسے بھی اُسی طرف دھکیل دیا جہاں سے اس کے ساتھی نیچے گرے تھے۔

"وارننگ!" عمران غرایا۔ "تم بھی پش اسپارٹ پر ہو چپ چاپ وہیں پڑے رہو اگر اٹھنے کی کوشش کی تو اپنے ساتھیوں سے جاملو گے!"

وہ اسی جگہ پڑا بے بسی سے کراہتا رہا۔

عمران نے ٹرانس میٹر کا سوئچ آن کر دیا اور بڑے پُر وقار انداز میں بولا۔ "تھریسیا میں علی عمران تمہیں مشورہ دیتا ہوں کہ شکست تسلیم کر لو خود کو میرے حوالے کر دو۔ ورنہ۔!"

"شٹ اَپ۔!" تھریسیا کی آواز بے حد زہریلی تھی!" میں بہت جلد تمہارے ملک کی اینٹ سے اینٹ بجادوں گی!"

"خیر۔ میں تو اپنا وعدہ پورا کر رہا ہوں... لے جا رہا ہوں ہاپکنز کو.... جب تم میرے ملک کی اینٹ سے اینٹ بجانے آؤ گی تو تمہیں بھی دیکھ لوں گا۔ اسے بابا ملنگ گورداسپوری کے تعویز کے زور سے اندھا کیا تھا تمہیں....!" وہ جملہ پورا نہ کر سکا کیونکہ اڑن طشتری اچانک پے در پے فائروں کے نرغے میں آگئی تھی۔!

عمران نے قہقہہ لگا کر کہا۔ "کئے جاؤ بے سود کوشش.... میرا صرف ایک ہی فائر تمہارے فے گراز کے لئے کافی ہو گا۔"

اسکرین پر نظر آنے والا فے گراز بڑی تیزی سے پیچھے ہٹتا چلا گیا اور پھر شاید وہ اڑن طشتری کی رینج ہی سے باہر ہو گیا تھا۔ کیونکہ اَب اسکرین بالکل سادہ پڑا تھا۔ کہیں کوئی باریک سا نقطہ بھی نہ دکھائی دیتا تھا۔!

اس کے بعد ٹرانسمیٹر بالکل خاموش ہو گیا۔

اڑن طشتری کے اندر ہاپکنز کی کراہیں گونج رہی تھیں ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس پر کسی قسم کا اعصابی دورہ پڑ گیا ہو۔ اڑن طشتری نے وادی کے مزید تین چار چکر لگائے اور پھر اسی طرف روانہ ہو گئی جدھر سے آئی تھی۔!

تھوڑی دیر بعد وادی پر پھر پہلا ہی سا سکوت طاری تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس اتھاہ سناٹے کو کبھی کسی نے چھیڑا ہی نہ ہو۔

صبح ہوتے ہوتے ان کا بُرا حال ہو گیا.... اب تو صفدر میں بھی اتنی سکت نہیں رہی تھی کہ اپنی جگہ سے اٹھ کر غار کے دہانے تک جاتا.... پچھلی رات کے دم بدم بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کی بنا پر وہ سب بے ہوش ہو گئے تھے اور پھر صبح سے پہلے کسی کو بھی ہوش نہیں آیا تھا۔

صفدر زمین پر چت پڑا خلاء میں گھورے جا رہا تھا۔ اُسے ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے کئی دنوں کے تیز بخار سے نجات مل گئی ہو لیکن نقاہت کے مارے ہلنا جلنا بھی محال ہو....!

اچانک اُس نے کسی کی آواز سُنی! کوئی اسی کا نام لے کر آوازیں دے رہا تھا اور آواز لمحہ بہ لمحہ قریب ہوتی جا رہی تھی۔!

"اوہ.... یہ کیا ہو گیا ہے تم لوگوں کو....؟" وہ آواز ایک با معنی جملے کی صورت اختیار کر گئی۔

اب اس نے عمران کی چہکتی ہوئی سی آواز پہچانی اور کچھ پہچان لینے کی صلاحیت حیرت انگیز طور پر ہلنے جلنے کی قوت میں تبدیل ہو گئی۔ وہ ایک جھٹکے کے ساتھ اٹھ بیٹھا۔

پھر آہستہ آہستہ وہ سب ہی اُٹھ گئے۔ عمران ان کے درمیان کھڑا انہیں ترحم آمیز نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

"مادام تھریسیا آپ سے بہت محبت کرتی ہیں موسیو عمران!" ظفر کی آواز غار کی محدود فضا میں گونجی۔

"تا اطلاع ثانی اسی جملے کو دہراتے رہو!" عمران نے خشک لہجے میں کہا اور دونوں عورتوں کی طرف متوجہ ہو گیا.... وہ برسوں کی بیمار معلوم ہوتی تھیں۔

عمران نے ان سبھوں کو مخاطب کر کے پچھلی رات کی کہانی سنائی۔ اور بولا...."یہاں کے محنت کش قیدیوں میں صرف سولہ آدمی زندہ بچے ہیں۔ تھریسیا پھر صاف نکل گئی! اور ہاپکنز اب

میرا قیدی ہے۔ باقی بچے ہوئے قیدیوں میں سے تین آدمی ہمارے ملک کے باشندے ہیں۔ اُن کا دعویٰ ہے کہ وہ اس راستے سے اچھی طرح واقف ہیں جس سے یہاں تک لائے گئے تھے۔ اور وہ واپسی کے سفر میں ہماری رہنمائی کر سکیں گے۔"

"کیا وہاں سب کچھ تباہ ہو گیا۔؟" صفدر نے پوچھا۔

"ہاں سب کچھ.... اڑن طشتری سے ہونے والی گولہ باری نے فرلانگوں گہری دراڑیں زمین میں ڈال دی ہیں۔ پھر وہ زیرِ زمین دنیا کیونکر محفوظ رہ سکتی تھی۔؟"

تھوڑی دیر تک کوئی کچھ نہ بولا۔ پھر صفدر نے پوچھا۔ "اب ہمیں کیا کرنا ہے۔؟"

"جتنی جلدی ممکن ہو.... یہاں سے نکلنا چاہئے....! ہم ایک غیر ملکی غیر آباد حصے میں ہیں۔ یہاں ہونے والے دھماکے اس ملک کی تجربہ گاہوں میں یقینی طور پر ریکارڈ کئے گئے ہوں گے اگر کوئی تحقیقاتی پارٹی ادھر آ نکلی تو ہم زحمت میں پڑ جائیں گے۔!"

"ہاں.... ہاں.... آپ کا خیال درست ہے لیکن اس اڑن طشتری کا کیا بنے گا۔"

"مناسب یہی ہے کہ وہ جہاں چھپائی گئی ہے فی الحال وہیں رہے۔ البتہ اندھا ہاپکنز ہمارے ساتھ جائے گا۔"

"واقعی تم بات کے پکے ہو اور دُھن کے پورے!" تنویر اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر بولا۔

عمران نے احمقانہ انداز میں مسکرا کر اس کا شکریہ ادا کیا تھا۔

کچھ دیر بعد قافلہ وہاں سے روانہ ہو گیا۔ ہاپکنز اُن کے ساتھ تھا! اور عمران کے ساتھی باری باری اُسے پیٹھ پر لاد کر چل رہے تھے۔ یہ اس لئے کیا گیا تھا کہ قافلے کی تیز رفتاری میں فرق نہ آئے۔ وہ جلد از جلد غیر ملک کی حدود سے نکل جانا چاہتا تھا۔ لیکن اس مقام تک پہنچنے میں بھی تین دن لگے جہاں تھریسیا نے عمران اور اس کے ساتھیوں پر قابو پایا تھا۔

سب کی حالت تباہ تھی۔ انہیں زیادہ تر بھوکا اور پیاسا رہنا پڑا تھا۔ وادی سے روانگی سے قبل عمران نے بہت کوشش کی تھی کہ ہاپکنز اس مشروب کے اسٹاک کی نشاندہی کر دے جسے پی پی کر اس کے تینوں ساتھی مہینوں اپنی قوت برقرار رکھ سکتے تھے لیکن ہاپکنز اس پر اڑ گیا تھا کہ اب وہ اپنی زبان بند ہی رکھے گا خواہ اس کے چیتھڑے ہی کیوں نہ اڑا دیئے جائیں۔ ظفر عمران کے ساتھ چل رہا تھا۔ کبھی کبھی وہ مینڈولین کے تاروں پر مضراب لگاتا اور عمران اسے بڑے پیار سے دیکھنے

لگتا۔ صفدر نے عمران کو بتایا تھا کہ اس دوران میں ظفر کس طرح اُن کے دل بہلا تا رہا تھا اور صفدر نے تو اس کے لئے اس حد تک کہا تھا کہ کاش وہ باقاعدہ طور پر اُن لوگوں میں شامل ہو سکتا۔

"مجھے تو اس اڑن طشتری کی فکر ہے!" ظفر چلتے چلتے بولا۔

"میرے یا ہاپکنز کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کہاں ہے؟"

"کیا وہ وہاں سے لائی نہ جائے گی۔"

"دیکھا جائے گا۔"

"موسیو عمران....!"

"ہاں عزیز از جان۔!"

"میں پھر کہتا ہوں آپ اپنی زندگی کا بہترین حصہ ضائع کر رہے ہیں!"

"کیوں فرزند؟"

"اتنی عورتیں آپ کو چاہتی ہیں اور آپ کسی کی بھی پرواہ نہیں کرتے آخر کیوں؟"

"یہ ایک دکھ بھری کہانی ہے فرزند! لیکن میں تمہیں نہیں سناؤں گا!"

"پلیز موسیو.... ضرور سنائیے!"

"مجھے بھی ایک بار محبت ہوئی تھی!"

"نہیں....!" ظفر تحیر زدگی کے عالم میں اچھل پڑا۔

"لیکن....!" عمران پُر درد لہجے میں بولا۔ "اس محبوبہ سے چھٹکارا پانے کے بعد پھر میں نے یہ روگ نہیں لگایا۔"

"چھٹکارہ...... کیوں؟"

"ایک دن کہنے لگی نہ جانے کیا بات ہے جب میں آپکے گلے لگتی ہوں میری ناک بہنے لگتی ہے۔!"

ظفر ہنس پڑا۔ عمران چند لمحے خاموش رہا پھر پُر درد لہجے میں بولا۔

"یقین کرو! سخت گھِن آئی یہ سُن کر اور اُس سے چھٹکارا پانے کے لئے میں نے یہ تدبیر کر ڈالی تھی کہ جب وہ میرے گلے لگے تو میری بھی ناک بہنے لگے۔ آق چھین!" اسے ایک فلک شگاف چھینک آئی اور وہ شوں شوں کرنے لگا۔

﴿ختم شد﴾